باوجود آتے جاتے رہے بڑی جرأت اور فراست سے جامعہ کے انتظام کی نگہداشت فرمائی۔ مدرسین وطلباء مسلسل کرفیو کے دوران ہر روز ایک باجماعت اور تازہ دم ہوکر پہرے دیتے اور پھر مزید ہدایات سے نوازتے طلبہ کرام اور مدرسین نے تحریک نظام مصطفیٰ میں جوش و خروش سے حصہ لیا [illegible] آپ ہی کی اعلیٰ تربیت کا ثمرہ اور نتیجہ آپ ہی کا کردار تھا تحریک نظام مصطفیٰ کے لئے علمائے اسلام کے جو جلوس جاری ہوا [illegible] آپ سے بھی [illegible] لاہور میں انارکلی اور مسلم مسجد تحریک نظام مصطفیٰ کا مرکز بنی ہوئی تھی اس میں جامعہ نظامیہ رضویہ کے طلباء و مدرسین پولیس اور [illegible] کی گولیوں سے بری طرح زخمی ہوئے تو جامعہ نظامیہ رضویہ میں ایک ہسپتال قائم کر دیا گیا جہاں زخمی طلباء و مدرسین کے لئے مرہم پٹی کے علاوہ ادویات کا اعلیٰ انتظام تھا، باقاعدہ ڈاکٹروں کی خدمات حاصل کیں جو طالب علم زیادہ زخمی ہوتا اسے شہر کے دیگر ہسپتالوں میں لے جایا جاتا۔

مفتی صاحب علیہ الرحمۃ کی سرپرستی میں جو تحریک میں مدرسین طلباء زخمی ہوئے ان کے تفصیلی کوائف [illegible] آپ کی رہنمائی میں شائع ہونے والی کتاب "تحریک نظام مصطفیٰ میں جامعہ نظامیہ رضویہ کا کردار" ملاحظہ فرمائیے [illegible] ان مجاہدین و غازیان تحریک کے نام درج کئے جاتے ہیں جو جامعہ کے ہنگامی ہسپتال میں زیر علاج رہے۔

حضرت مولانا غلام فرید ہزاروی مدظلہ، حضرت مولانا محمد صدیق ہزاروی مدظلہ، حضرت مولانا حافظ محمد عبدالستار سعیدی مدظلہ، حضرت مولانا محمد رشید نقشبندی رحمۃ اللہ تعالیٰ، حضرت مولانا قاری نذر احمد قادری مدظلہ، حضرت مولانا سیف الرحمن [illegible] مدظلہ، حضرت مولانا محمد جعفر صادق صاحب، مولانا حافظ عبدالرشید شاد صاحب، مولانا محمد حنیف صاحب کشمیری، مولانا حافظ محمد اعظم صاحب، مولانا ظہور احمد صاحب، مولانا حافظ عاشق حسین شاہ صاحب، مولانا حافظ عبدالحق [illegible] صاحب، مولانا حافظ محمد علیم صاحب، مولانا محمد یوسف آفاقی صاحب، مولانا حافظ محمد خان سیالکوٹی صاحب، مولانا محمد یونس [illegible]، مولانا محمد احسان اللہ [illegible]۔

اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ حضرت مفتی صاحب نے اپنی سرپرستی میں تحریک کامیاب بنانے کے لئے کیسے کیسے کارہائے نمایاں سرانجام دیئے تھے مولیٰ تعالیٰ حضرت کے درجات کو بلند فرمائے اور پاکستان کو نظام مصطفیٰ کی دولت عظمیٰ سے سرفراز فرمائے۔ آمین ثم آمین

☆☆☆☆☆☆☆

الشيخ المفتي محمد عبدالقيوم رحمة الله عليه

البارع في الفنون والعلوم

الطالب محمد فاروق شريف الجامعة النظامية الرضوية بلاهور

الحمد لله ذي المجد والآلاء المنعم على عباده بما شاء.

والصلوة والسلام على سيدنا محمد خير الورى وعلى آله وصحبه ومن والاه بلغ النبي ﷺ الرسالة وأدى الأمانة ونصح الأمة

وبعد: فبحمد الله سبحانه من هذه الدنيا أصبحت واجبات مهمة تتوقف على كتف العلماء العاملين المخلصين ورثة الأنبياء، ومن هؤلاء العلماء الأعلام صاحب الآداب الحسنة والأخلاق المرضية البهية المفتي محمد عبدالقيوم الهزاروي عليه الرحمة الذي لم يعرف العبرة عن إحاطة ميراثه التي تحلّى بها بفضل الله وكرمه وقد وجدته معروفا بالأخلاق الحسنة المجيدة والفضائل المجيدة من العلم والأدب والحلم والشرف والكرامة والورع وبذكاء الفطانة التي لا بد أن يتصف بها كل أحد من العلماء الربانيين المخلصين الراسخين في العلم

وقد كانت له مهارة تامة في العلوم والفنون

قال أحمد جودت باشا في كتابه "المعلومات النافعة" تنقسم العلوم الإسلامية إلى قسمين

١ العلوم النقلية ٢ العلوم العقلية

١ العلوم النقلية (ويقال لها العلوم الدينية أيضا) على ثمانية أنواع

١ علم التفسير ٢ علم أصول الحديث ٣ علم الحديث ٤ علم أصول

الكلام ٥ علم الكلام ٦ علم اصول الفقه ٧ علم الفقه ٨ علم التصوف

إن لعلم الفقه فروع عديدة ، كلها تحتوى على اربعة انواع

العبادات ٢ المناكحات ٣. المعاملات. ٤. العقوبات

وكان الشيخ مولانا المفتى محمد عبدالقيوم الهزاروى نور الله مرقده وبرد مضجعه بارعا في العلوم النقلية والعقلية فانه جدير بأن يقال له العلامة لان العلامة من له مهارة تامة في العلوم العقلية والنقلية

ولعل السبب الظاهر لمهارته في العلوم والفنون انه رحمه الله تعالى كان حافظ العلوم وكثير الاستحضار وقليل النسيان وجيد الفهم والفهم الثاقب وسليم الذهن

الذكر تمهيدا تدل على مهارته وبراعته في العلوم.

عندما كان رحمه الله تعالى يتعلم في جامعة حزب الأحناف بمدينة لاهور ولم يكمل دراسة الحديث ، جاء السيد ابو العلاء المفتى محمد عبدالله القادرى الرضوى القصورى إلى حضرة رئيس المحدثين العلامة ابى البركات السيد أحمد عليه الرحمة بطلب مدرس يجب لمدرسته التى انشأها وسماه بالجامعة الحنفية بمدينة قصور فأرسل الإمام ابو البركات عليه الرحمة الشيخ محمد عبدالقيوم القادرى الهزاروى

وبدأ يدرس في تلك المدرسة ولم يواجه اية مشكلة لانه تعلم كل فن باجتهاد متواصل وسعى متواتر فلذا كان يدرس كل يوم اثنين وعشرين كتابا. وهذا ادل دليل على كمال براعته في العلوم والفنون.

و إنه رحمه الله تعالى أمضى حياته في الجامعة النظامية الرضوية و هو جدير بأن القول منه إنه رحمه الله تعالى علة غائية لارتقاء هذه المدرسة التى

سيبها في ربوع العالم.

وكنت ادرس لديه انا وزملائى هداية الحكمة لاثير الدين الأبهرى كان يدرس كأنه حافظ وفي يوم من الأيام قال لنا بعد الفراغ من الدراسة انظروا في الكتاب هل هو كما بينت فنظرنا اليه ورأى هو بنفسه أيضا وجعل يدرس كأن المصنف يكتب ما أبين فتعجب كل من شهد واعترف بسعة علمه رحمه الله

ولا ريب أن وفاته ثلمة في الإسلام ولا جرم أن ارتحاله حادثة فاجعة لا يمكن تحملها ولكن قضاء الله يجرى في الكون ونعم ما قال الشاعر

حكم المنية في البرية جار : ما هذه الدنيا بدار قرار

قال الإمام الشافعى رحمه الله تعالى

إذا ما مات ذو علم و تقوى فقد ثلمت من الإسلام ثلمة

ولاشك أن حياته صرفها في خدمة العلوم الاسلامية والتضحية لاجلها وكان يحب التدريس والتعليم حبا جما وما سافر إلى اماكن بعيدة وحضر إلى المدرسة على الوقت واوفى بتعهده

وبرحلته ليس لنا أن نجلس بدون عمل و نتأسف فقط بل علينا ان نبذل جهودنا ومساعينا كلها لأجل التعليم و نشره ولا بد لنا أن نقتفيه ونمشي على منهجه. سقى الله ثراه واسكنه فسيح جنته.

☆☆☆☆☆

ملک کے بڑے بڑے اہل علم و ارباب دستار و جبہ قبلہ مفتی اعظم پاکستان علیہ الرحمہ کے سامنے جھکے ہوئے رہے۔

قاری ملازم حسین سعیدی مدرس شعبہ تجوید و قرأت جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

آپ کی شخصیت [illegible] ظاہری و باطنی [illegible] معنوی [illegible]
کے لحاظ سے صحیح معنوں میں ایک عظیم شخصیت تھی جس کی مثال موجودہ تاریخ میں نہیں ملتی۔

حضرت مفتی اعظم پاکستان عظیم علمی خدمات کے باوجود تواضع و انکساری کا پیکر تھے [illegible] معاملات میں اہل [illegible] اور بے تکلف [illegible] دوستوں سے مشورہ لیتے تھے اور دارالعلوم کے جملہ معاملات بھی مشاورت سے چلاتے۔

حضرت مفتی اعظم [illegible] قومی و ملی تحریک میں اہم [illegible]

[illegible]

اللھم زد فزد فیہ وبارک لہ

الغرض حضرت مفتی صاحب قبلہ کے شب و روز [illegible] علمی و عملی [illegible] مسلک حقہ اہلسنت و جماعت کی ترویج و اشاعت اور ترقی کے لیے وقف تھیں [illegible] اہلسنت و جماعت کے [illegible] کہ اہلسنت و جماعت علمی و سیاسی طور پر ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو جائیں۔

اللہ تعالیٰ آپ کی مرقد [illegible] پر کروڑوں رحمتوں کا نزول فرمائے اور آپ کے [illegible] آپ کے مشن کو [illegible] جمیل عطا فرمائے اور اہل سنت و جماعت کو اپنے محسنین کا قدردان بنائے۔ آمین

میرے استاذ، محسنِ اہلسنت

تحریر: مولانا محمد [illegible] احمد سعیدی، پنڈ دادنخان، ضلع جہلم

استاذ العلماء [illegible] مفتی اعظم پاکستان شیخ الحدیث والتفسیر جامع المعقول والمنقول محسن اہلسنت حضرت علامہ الحاج مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی [illegible] قادری رحمہ اللہ ان جلیل القدر علماء میں سے تھے جو [illegible] پر آفتاب و ماہتاب بن کر چمکے اور اپنی علمی شعاعوں [illegible] سے ایک دنیا کے اذہان کو روشن کیا۔

جن کے بحر علم سے ہزاروں تشنگانِ علم کو اپنی پیاس بجھانے کا موقع ملا جن کے گراں مایہ علمی خدمات کا [illegible] اعتراف کرتی ہے۔ ان کا شمار جید علماء [illegible] میں ہوتا ہے۔ آپ کی ساری زندگی اسلامی تعلیمات کی تبلیغ و اشاعت، قرآن حکیم کی شرح و تفسیر اور درس حدیث میں گزری۔

حضرت مفتی اعظم پاکستان رحمہ اللہ [illegible] عالم اور دنیائے اسلام کے [illegible] تھے۔ آپ اسلاف کی فکر و ان کے علوم و حکمت کی [illegible] تھے جن کا [illegible] صدیوں میں بھی میسر آنا مشکل ہے۔

آپ پچاس سالوں سے بھی زیادہ عرصے تک خدمت دین میں مصروف رہے [illegible] ہزاروں [illegible] مدارس کی سرپرستی و قیادت کی وجہ سے نہ صرف پاکستان بلکہ پورے عالم اسلام میں ایک منفرد مقام حاصل تھا۔

حضرت مفتی اعظم پاکستان رحمہ اللہ کی شخصیت میں ایک بات بہت واضح ہے اور وہ یہ علمی حلقوں پر آپ کی بلا شرکت غیرے حکومت، یہ حقیقت ہے کہ لوگ کسی عالم کو چاہے کتنا ہی کیوں نہ سراہیں مگر اس عالم کو علماء کے حلقے میں مقام حاصل نہیں تو دراصل اس عالم کے پاس وہ علم نہیں جس سے علماء حضرات متاثر ہو سکیں۔

"علوم وفنون میں مہارت"

منیر احمد جہاں ہاشمی، مدرسہ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کو تمام علوم وفنون میں مہارت تامہ حاصل تھی جس وجہ سے قبلہ مفتی اعظم پاکستان علیہ الرحمہ اپنے دور کے عظیم انسان تھے۔

قبلہ مفتی اعظم پاکستان ایک ایسی تحریک کا نام ہے جو روشنی اور عزم سے بھری ہوئی منزل کے مینارہ نور کی حیثیت رکھتی ہے اور آپ نے ہمیشہ اپنے شاگردوں کو اور تمام اہل اسلام کو صرف اور صرف ایک سبق دیا ہے کہ

عشق مصطفیٰ ﷺ کی اک شمع جلا لو دل میں
بعد مرنے کے لحد میں اجالا ہو گا

اگر کسی نے گھر کے راستے میں آئی ہوئی مصیبتوں اور تکلیفوں اور آزمائشوں کی وجہ سے اپنے ارادے سے ہٹنا چاہا یا اپنے ارادے کو ترک کرنا چاہا تو آپ نے اسے ہمیشہ یہی کہا

یقین پیہم عمل اس طرح تعمیر کرتا جا
کہ عمل کرتے کرتے آپ ہی بیدار ہو جائے

آپ کو یہ سعادت بھی حاصل ہے کہ آپ نے بیسویں صدی کی دو بلند و بالا علمی شخصیات سے باقاعدہ تعلیم حاصل کی اور کسب فیض کیا ان میں ایک محدث اعظم پاکستان حضرت علامہ مولانا محمد سردار احمد علیہ الرحمۃ اور دوسرے مفتی اعظم پاکستان علامہ سید ابو البرکات تھے ان دونوں عظیم علمی شخصیات کا رنگ حضور مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ میں جوانی سے ہی جھلکنے لگا تھا۔

آپ تمام علوم وفنون کے ماہر تھے درس نظامی کی ابتدا سے انتہا تک کی کتابیں آپ پڑھاتے تھے ہر فن میں آپ کو عبور حاصل تھا اور آپ کے سامنے جو کتاب بھی ہوتی اس کو بخوشی

پڑھاتے تھے اور اس کو اس انداز سے بیان کرتے تھے کہ ہر طالب علم کو بات آسانی سے سمجھ آجاتی تھی۔

قبلہ مفتی صاحب سے جس نے بھی گفتگو کا شرف حاصل کیا یا علم کے حصول کے لئے کلاس میں بیٹھا تو وہ طالب علم یا وہ گفتگو کرنے والا یہی سمجھتا تھا کہ قبلہ مفتی صاحب مجھ سے ہی سب سے زیادہ شفقت کرتے ہیں اور یہ بات درست ہے کہ پیار و محبت، اخلاق، شفقت اور مہربانی یہ سب خوبیاں ان کی فطرت میں شامل تھیں۔

قبلہ مفتی صاحب علیہ الرحمہ اصول کے بڑے پابند تھے کہ سردی ہو یا گرمی اپنے وقت پر جامعہ میں آکر سبق پڑھاتے تھے اور آپ نے ساری زندگی دین مصطفیٰ ﷺ کے لئے وقف کر دی اور جب آپ کی عمر ۲۳ برس کی ہوئی تو آپ مسند تدریس پر جلوہ افروز ہوئے اور تادم آخر قال اللہ و قال رسول اللہ کا درس دیتے رہے۔

دینی مدارس کے نظام و نصاب اور امتحانی طریق کار کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے آپ نے گراں قدر خدمات سر انجام دیں اس کے علاوہ مرکزی زکوٰۃ کونسل اور مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے ممبر کی حیثیت سے بھی خدمات سر انجام دیں لیکن ان تمام ذمہ داریوں اور مصروفیات کے باوجود انہوں نے اپنے مدرسہ اور بچوں کے سبق پڑھانے کو فوقیت دی ان تمام مصروفیات کے ساتھ ساتھ مدرسہ کی پڑھائی سے بھی غافل نہیں ہوئے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی حیات سے اس علمی اشتیاق اور کوشش کے اٹھ جانے کے بعد ایک ایسا خلا پیدا ہوا جو شاید مدتوں پُر نہ ہو سکے۔

دعا ہے کہ اللہ رب العزت اپنے محبوب کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے صدقے قبلہ مفتی اعظم پاکستان علیہ الرحمہ کی قبر انور پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ہزارہ ڈویژن اور مفتی عبدالقیوم ہزاروی مرحوم

سید سہیل الحسن جمیل

بعض علاقوں کی مٹی زرخیز نہیں ہوتی بلکہ انسانوں کی پیدائش کے حوالے سے بھی وہاں شادابی [illegible] علاقہ [illegible] وہاں پیدا ہونے والے افراد معنوی حیثیتوں کے مالک ہوتے ہیں [illegible] تحقیقی اعتبار سے غیر معمولی [illegible] اور قدرتی [illegible] پہلی ان خصوصیات کی وجہ سے [illegible] پہچان [illegible] ہر دور میں [illegible] اور علاقہ [illegible] بھی [illegible] آج بھی یہ علاقہ [illegible]۔

مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی مرحوم [illegible] کو بھی [illegible] سے فخر حاصل تھا [illegible] 28 دسمبر 1933ء [illegible] وہاں [illegible] مشہور [illegible] قیام [illegible] جامعہ [illegible] کی گئی تو مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی مرحوم سے درخواست کی گئی [illegible] دارالعلوم میں [illegible] ذمہ داری بھی سنبھالیں۔ دارالعلوم [illegible] کی خدمت [illegible] کی فراہمی کے لئے بھی [illegible] علمی مقام [illegible]۔ مفتی صاحب [illegible] مشکل [illegible] پیشانی سے سامنا کیا [illegible] محنت نے [illegible] دارالعلوم [illegible]

مفتی صاحب [illegible] اور ان کے [illegible] فتاویٰ [illegible] مقام [illegible] گیا ہے لیکن [illegible] مکتبہ فکر [illegible] امام احمد رضا کے فتاویٰ [illegible] سے مدون کر کے [illegible] جلدوں میں طبع کر دیا ہے۔ [illegible] ان شاء اللہ [illegible] عنقریب [illegible] ہیں)

مفتی محمد عبدالقیوم [illegible] دارالعلوم میں تصنیف و تالیف [illegible] اشاعت کے حوالے سے بھی

[illegible] مفتی صاحب کو [illegible] کے بارے میں ایک سرکاری رپورٹ ملی جو [illegible] کے ریکارڈ کے لئے ترتیب دی گئی تھی۔ مفتی صاحب مرحوم نے [illegible] اشرف قادری کو [illegible] کی جو [illegible] کے نام سے طبع کی جس میں [illegible] کے [illegible] مفتی صاحب تصنیف و تالیف [illegible] کی کوششوں کا نتیجہ تھا، ان کی تصانیف میں اور بھی کتب شامل ہیں۔

[illegible] ان کتابوں کی موجودگی مفتی صاحب کے علمی شوق کا [illegible] مفتی صاحب [illegible] کی توسیع کا بھی شوق تھا۔ چنانچہ [illegible] دارالعلوم [illegible] کی شاندار [illegible] میں موجود [illegible] کی وجہ سے وسعت کا تقاضا کرتا تھا [illegible] دارالعلوم کی عمارت [illegible] سے مطابق [illegible] طلبہ اور اساتذہ کے لئے الگ الگ قیام گاہیں تعمیر کی گئی ہیں [illegible] کی کوشش کی گئی ہے [illegible] مسجد بھی ہے۔ اس [illegible] کے میدان بھی [illegible] دارالعلوم کی تعمیر اور [illegible] جو مفتی صاحب مرحوم اور ان کی کارکردگی [illegible] کا نتیجہ ہے۔ وفات [illegible] کا آخری [illegible] اور 26 اگست 2003ء [illegible] حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے اور ان [illegible] تعلیمی ادارہ میں ان کی تدفین بھی کی گئی۔

مفتی صاحب سادہ [illegible] سادہ خوراک استعمال کرنے والی شخصیت تھے۔ علماء کی [illegible] کی طرح ان کا [illegible] انتہائی [illegible] اور [illegible] تعصب نام کی کوئی شے آپ میں نہیں تھی [illegible] مسلک پر [illegible] کی عظمت کا پتہ [illegible] کی وفات سے چلتا ہے [illegible] کے جنازے [illegible] علم و ادب کے [illegible] کی عظمت [illegible] حاصل ہوئی ہے جو مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی کو حاصل ہوئی۔ اللہ [illegible] ان کی مغفرت فرمائے۔ آمین"

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مینارۂ نور

تحریر: پروفیسر محمد عبدالقادر جل بھیروی، گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ بھیرہ

وہ عظیم ہستی ہم سے جدا ہوئی۔ جس کی زیارت روحانیت سے لبریز تھی۔ جس کی تحقیق عقیدہ اہل سنت تھی۔ جس کی ذات درس نظامی کی ضرورت تھی۔ وہ ہستی جو عالم اسلام کے لئے قدرت کا عظیم عطیہ تھی۔ جس کی سیرت کا ہر ہر لمحہ اہل علم کے لئے سرچشمہ فیض و برکت تھا۔ وہ ہستی جو [illegible] کا مینار اور علم و حکمت کا سنگ میل تھی جو جہالت کی گھٹاؤں میں شمع کا درجہ رکھتی تھی

ایسی ہستی جس کے لئے زمانہ صدیوں چکر لگاتا ہے۔ جس کے لئے مکتوب [illegible] "ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا" [illegible] ہوتا ہے۔

علم کے لحاظ سے آپ میں آسمان کی بلندی تھی مگر مزاج کے اعتبار سے زمین کی عاجزی تھی مفتی اعظم پاکستان رحمہ اللہ وہ عظیم ہستی جس نے نصف صدی تک علم و عرفان کے موتی لٹائے اور ہر خاص و عام کو علم کی گوہر پاشیوں سے مستفید کیا۔ جس نے درس نظامی کی تدریس میں انقلاب برپا کیا وہ جس کی ذات سے علم و عرفان کی محفل معمور اور درس و تدریس کی مسند آباد تھی۔

آپ کے فیوض و برکات قیامت تک جاری رہیں گے کیونکہ آپ نے مسند تدریس پر فائز ہو کر وہ باکمال علماء تیار کئے۔ جو آپ کا نام روشن کرنے کے لئے کافی [illegible] اور آپ کے حق میں مستقل صدقہ جاریہ ہیں۔ وہ اپنی وضع کے منفرد انسان تھے۔ ان کو دین اسلام سے مکمل آگاہی نصیب تھی۔

وہ ہمارا سہارا تھے اور ان کی دعائیں ہمارا سرمایہ تھیں مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی قادری کی دینی، علمی، تدریسی، قومی اور ملی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکے گا۔ رب کریم مفتی اعظم پاکستان مولانا محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمہ کے درجات بلند سے بلند فرمائے بے شک وہ اسلاف کی عظیم یادگار تھے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے مزار اقدس پر ہزاروں رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین ☆☆☆☆☆☆☆☆

میرے قائد میرے شیخ مفتی اعظم رحمۃ اللہ علیہ

تحریر: [illegible] اعظم جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

برصغیر میں مسلمانوں سے حکومت چھن جانے کے بعد آہستہ آہستہ ان کے علمی و فکری اداروں میں زوال آتا چلا گیا۔ انگریزوں نے اپنا قبضہ مزید مستحکم بنانے کے لئے مسلمانوں کے قدیم نظام تعلیم کے برعکس ایک نیا مغربی انداز کا نظام تعلیم رائج کیا۔ نتیجتاً وہ مسلمانوں سے اپنی معاشرتی بہتری کے لئے قدیم اداروں کو چھوڑ کر مغربی تعلیمی اداروں کی طرف رخ کیا۔ ان حالات میں خطرہ پیدا ہو گیا کہ کتب قرآن، احادیث، تفسیر و اصول تفسیر، حدیث و اصول حدیث، فقہ و اصول فقہ، جیسے گراں قدر اسلامی علوم کا قابل قدر ذخیرہ ضائع ہو جائے اس کو [illegible] محسوس کرتے ہوئے حضرت مفتی اعظم پاکستان رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسلامی علوم کی حفاظت کا بیڑا اٹھایا۔

حضرت مفتی اعظم پاکستان رحمہ اللہ تعالیٰ بے مثل محدث، عظیم فقیہ، یگانہ منطقی، مدرس، نابغہ عصر مفتی، بہترین مصنف، باکمال شیخ طریقت، مجاہد ملت، محافظ شریعت، مثالی استاذ ہونے کے علاوہ عارف حق، عالم ربانی، محقق لاثانی، عاشق رسول ﷺ، پاسبان عصمت رسول اور مخدوم و مرشد الاساتذہ بھی تھے۔ آج ہم سے حضرت مفتی اعظم رحمہ اللہ کی ذات جدا نہیں ہوئی بلکہ ایک تحریک، ایک انجمن، ایک معلومات کا وسیع ترین خزانہ جدا ہوا ہے۔ یہ خلا کبھی پر نہیں ہو سکتا۔ اساتذہ یتیم ہو گئے ہیں۔ اگر حضرت مفتی اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ چاہتے تو دین کی خدمت کے لئے تدریس کی بجائے کوئی اور میدان منتخب کر لیتے لیکن اس شعبہ میں قحط الرجال کو دیکھتے ہوئے آپ نے یہ عظیم قربانی دی کہ خود کو دینی علوم کی تدریس کے لئے ہمہ تن وقف کر دیا۔ آپ کا مقصد صرف عالم تیار کرنا نہیں بلکہ عالم گر تیار کرنا تھا۔ آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ نہ صرف اپنے مقصد میں کامیاب بلکہ اعلیٰ درجے میں کامیاب ہوئے کہ دبستان مفتی اعظم سے فیض یافتہ سینکڑوں علماء سے قطع نظر صرف استاذی المکرم

حضرت شیخ الحدیث مفتی محمد عبدالشکور قادری مدظلہ العالی شیخ الحدیث [illegible]
علامہ حافظ محمد عبدالستار سعیدی مدظلہ العالی شیخ الحدیث [illegible] مفتی محمد صدیق [illegible]
مدظلہ العالی ایسی شخصیات کو دیکھا جائے تو [illegible] حاصل ہو جاتا ہے حضرت مفتی
اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ [illegible]
[illegible]
گوشے میں عام کر دیا۔

حضرت مفتی اعظم رحمہ اللہ [illegible] تدریس [illegible]
[illegible]
[illegible] حضور صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]
مفتی اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کی خصوصی نظر شفقت کی طرح جاری [illegible]
مفتی اعظم رحمۃ اللہ علیہ [illegible] کتاب [illegible]
[illegible] بالخصوص دعا فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ مفتی اعظم رحمہ اللہ کے تمام پسماندگان کو [illegible] صبر جمیل عطا
فرمائے اور ان کے نقش قدم پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔

☆☆☆☆☆☆

محسن اہل سنت مفتی اعظم پاکستان شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا

مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمہ

”نے ایک بھرپور زندگی گزاری تھوڑے سے وقت میں
صدیوں کا کام کر کے چلتے بنے اور دیکھنے والے دیکھتے ہی رہ گئے۔“

مولانا سردار احمد حسن سعیدی، مدرس جامعہ رضویہ ضیاء العلوم راولپنڈی

جانے والے تیرے قدموں کے نشان باقی ہیں

محدث عصر علامہ محمد عبدالقیوم ہزاروی

تحریر: مولانا مفتی [illegible] لاہور

مجھے حضرت مفتی صاحب [illegible] سے غائبانہ تعارف ۱۳۹۰ھ/۱۹۷۰ء میں اس وقت ہوا جب [illegible] جامعہ مظہریہ امدادیہ بندیال شریف [illegible] حضرت استاذ العلماء [illegible] محمد حسین [illegible] سابق شیخ الحدیث جامعہ [illegible] حاضر ہوا [illegible] حضرت مفتی صاحب [illegible] محمد سعید [illegible] جامعہ رضویہ [illegible] مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی کے [illegible] مفتی صاحب [illegible]

پھر جب ۱۳۹۳ھ/۱۹۷۳ء میں [illegible] لاہور میں تدریس کے لئے حاضر ہوا تو آپ سے [illegible] ملاقات کا شرف حاصل ہوا اس کے بعد تعلقات میں روز بروز اضافہ ہوتا گیا۔ آپ کی [illegible] جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں چند سال تدریس [illegible] سات سال تک فقیر کو [illegible] جامعہ نظامیہ رضویہ میں دورہ تفسیر القرآن پڑھانے کی سعادت بھی نصیب ہوئی [illegible] آپ انتہائی خوش تھے۔

اس کے بعد اگرچہ بعض دیگر مدارس میں بھی تدریس کے فرائض سرانجام دیئے مگر جامعہ نظامیہ رضویہ سے تعلق اسی طرح قائم رہا۔ [illegible] مفتی صاحب کی خدمت میں حاضری کا التزام رہا [illegible] کسی کے ہاتھ پیغام بھیج [illegible] کیوں نہیں فرماتے آپ مسجد میں

کیسے ہو گئے ہو ہنستے رہا کرو۔ غیبت کو پسند نہ کرتے تھے اور پریشان رہتے ہیں کہ آئے کیوں نہیں؟ یاد ہو گئے ہوں موت کا بھی تو کوئی پتہ نہیں کب آجاتی ہے۔

حضرت مفتی صاحب سے خلوت وجلوت، سفر وحضر، درس وتدریس میں رفاقت رہی بہت سی چیزیں وہ تھیں ان کی صحبت میں رہ کر حاصل کیں۔ بہت سے ایسے راز ان کے سینہ میں تھے جو نہ سکے۔ وہ سینہ میں دفن ہو گئے۔ وہ میرے استاد بھائی تھے اور پیر بھائی بھی۔ مجھ سے عمر میں بڑے تھے ... تجربہ میں بھی وسیع تھے۔

اہل سنت کے ہاں پیر بھائی اور استاد بھائی کا رشتہ حقیقی بھائیوں سے زیادہ بھی بڑھ کر ہوتا ہے۔ جس طرح نسبی بڑے بھائی والد کی جگہ اور بڑی بہن ماں کی جگہ ہوتی ہے بڑے بھائی کا ادب واحترام والد کی طرح اور بڑی بہن کا ادب واحترام ماں کی طرح کرنا چاہیے اسی طرح بڑے استاد بھائی اور پیر بھائی بھی استاد وشیخ کی جگہ ہوتے ہیں ان کا ادب واحترام بھی استاد کی طرح کرنا چاہیے۔ الحمدللہ فقیر کا اس پر عمل ہے۔

حضرت مفتی صاحب سے اگرچہ باقاعدہ میں نے کوئی کتاب نہیں پڑھی مگر ان کا ادب واحترام اپنے اساتذہ وشیوخ کی طرح کرتا رہا ہوں بلکہ اس کو حقیقت میں بدلنے کے لئے احقر نے آپ سے اجازت عامہ بھی حاصل کی۔

حضرت مفتی صاحب کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے۔ جو مرنے کے بعد بھی زندہ رہتے ہیں خلیفہ عبدالملک نے ایک مرتبہ محدث امام زہری کے مدرسہ کا معائنہ کیا تو اس مدرسہ کے طلباء میں اصمعی بھی تھے جو بہت بڑے امام لغت گزرے ہیں۔ بادشاہ نے اصمعی کا امتحان لیا اور اس سے کوئی سوال پوچھا تو اصمعی نے اس کا معقول جواب دیا۔ بادشاہ نے اس کا جواب سنکر خوش ہو کر امام زہری علیہ الرحمۃ سے کہا صاحب آپ خلف صالح ... کہ وہ شخص نہیں مرتا جس نے ایسے لوگ پیچھے چھوڑے ہوں جیسا کہ آپ نے چھوڑے ہیں۔

اب جبکہ میں نے یہ سطور لکھنی شروع کیں میری آنکھوں کے سامنے خود بخود چہرہ گھومی

جواب اصحاب شروع ہو گئے اور میرے ذہن پر مفتی صاحب کی زندگی کی ریل چلنے لگی۔ آئینہ ذہن میں مجھے سینکڑوں وہ شاگرد نظر آئیں جو آج کلیدی مناصب پر متمکن ہیں۔ دارالعلوم کی ... نوروں کی جھلک نگاہیں بتا رہی ہیں۔ یہ تو فیض محمد عبدالقیوم کا کمال ہے آپ کی سیرت پاک سے صاحبین تحت مدرس، قاضی، مفتی، خطیب بنا چکی ہیں۔ آپ کی نظر کیمیا نے کوڑوں کی تاریکیوں میں بھٹکنے والے بے شمار لوگوں کو علم دین کی روشنیوں کا خوگر کر دیا۔

حضرت مفتی صاحب ہمیشہ زندہ رہیں گے کیونکہ انہوں نے اپنے پیچھے تلامذہ میں حضرت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری شیخ الحدیث، حضرت علامہ مفتی محمد گل احمد عتیقی، حضرت علامہ عبدالحسن صاحب ہزاروی، حضرت علامہ حافظ محمد عبدالستار سعیدی، حضرت علامہ محمد صدیق ہزاروی، حضرت علامہ مولانا شیر احمد سیالوی ... حضرت علامہ مولانا غلام حسین نقشبندی حضرت علامہ پروفیسر نبی بخش ... قصوری، حضرت علامہ مولانا عبدالتواب صدیقی، حضرت علامہ مولانا مفتی سید مزمل حسین شاہ، حضرت علامہ پروفیسر حبیب الرحمن ہزاروی، حضرت علامہ مولانا عبدالرشید سیالوی، حضرت علامہ مولانا سید غلام مصطفی شاہ بخاری، حضرت علامہ مولانا محمد شریف ہزاروی، حضرت علامہ مولانا افضل حسان ہزاروی، حضرت علامہ مولانا مفتی ہدایت اللہ پسروری، حضرت علامہ مولانا محمد عظیم بٹ، مولانا محمد کرم اللہ بٹ، مولانا نثار احمد شاکر وغیرہم سینکڑوں زیب مسند تدریس اصحاب قلم شخصیات چھوڑی ہیں۔

مفتی صاحب کی ذات روحانی اور جسمانی منبع بخشش تھی روزانہ چار پانچ سو طلباء روحانی اور جسمانی اعتبار سے آپ کے علم سے مستفیض ہوتے تھے اور تقریباً دو ہزار طلباء تو آپ کے زیر اہتمام صبح ناشتہ دوپہر وشام کھانا تناول کرتے تھے۔ ان کی دوسری ضروریات کا پورا کرنا اس کے علاوہ تھا۔

مفتی صاحب نے مجھ سے بیان کیا کہ ایک مرتبہ جامعہ کا فنڈ بالکل ختم ہو گیا حتی کہ ایک وقت کے کھانے کا سامان بھی باقی نہ رہا۔ ادھر عید کی چھٹیوں کا وقت بھی سر پر تھا ہم پڑھنے پڑھانے میں مصروف تھے دوپہر کے کھانے کی فکر تھی کہ طلباء کو کہاں سے کھلائیں گے یہ موقع

[illegible] تھے ایک بار ولی صاحب [illegible] مدرسہ میں داخل ہوئیں ان کے ہمراہ [illegible]
صاحب تھے ولی صاحب نے [illegible] داخل ہوتے ہی فرمایا یہی مدرسہ اور یہی مدرسہ کا دروازہ مجھے
دکھایا گیا ہے [illegible] کے خواب میں [illegible] جب بھی کسی چیز کی ضرورت
ہوتی ہمیں اطلاع [illegible] ہم [illegible] جلد جلد [illegible] کا انتظام ہو جاتا اللہ تعالیٰ کا شکر ادا [illegible]
صاحب نے بتایا [illegible] مدرسہ [illegible] صاحب [illegible] میں بتایا [illegible]
حضرت سلطان [illegible] علیہ الرحمۃ [illegible] شریف [illegible]
سے ہیں۔ ولی صاحب نے فرمایا مجھے سلطان صاحب نے بہت جلد [illegible] کی خدمت [illegible]
[illegible] صاحب نے بتایا ہم [illegible] گئے [illegible]
[illegible] جب یہاں پہنچے تو ولی صاحب [illegible] مجھے [illegible]
[illegible] ہے جو سلطان صاحب نے مجھے خواب میں دکھایا ہے مفتی صاحب نے فرمایا اس دن سے
الحمد ہمیں کسی قسم کی کمی محسوس نہیں ہوئی۔

مفتی صاحب نے ہمیشہ قناعت سے کام لیا بلا ضرورت پر راضی ہو کر اپنے وقت کو
کر اعلیٰ اقدار و اعلیٰ مقاصد کے حصول پر صرف کیا۔

مفتی صاحب نے ہمیشہ مدرسہ کی رقم خرچ کرنے میں اس اصول پر عمل کیا۔ آپ کی
ہمیشہ یہی کوشش ہوتی تھی کہ کم سے کم رقم میں مدرسہ کا [illegible] ہو جائے [illegible] سے
ساتھ [illegible] تک پیدل آتے [illegible] سے تانگہ [illegible] رکشہ وغیرہ پر بیٹھتے تاکہ کرایہ کم سے کم
ہو جائے [illegible] چلے جاتے [illegible] راقم کو فرماتے پیدل [illegible] آخری دن بھی حضرت
مولانا عبدالستار سعیدی صاحب کے کہنے کے باوجود مدرسہ کی گاڑی پر بیٹھ کر جامعہ نظامیہ نہیں
گئے فرمایا کہ میں نے کیسے جانا ہے۔ بس پر چلا جاؤں گا۔

مفتی صاحب نے ہمیشہ ان اصولوں پر عمل کیا ایک مرتبہ تو جان کی بازی بھی لگا دی
[illegible] کے علاقے سے [illegible] تھے جہاں مدرسہ ہے [illegible] مدرسہ نے ایک مرتبہ مفتی صاحب [illegible]

[illegible] اپنے ساتھ لے گئے تنہائی میں جا کر کہا کہ مولوی صاحب ہم تمہیں قتل کرتے ہیں
مفتی صاحب ذرا نہیں گھبرائے بڑے تحمل سے جواب دیا یہی تو میرا مقصود ہے۔ اس پر انہوں نے
[illegible] کر چھوڑ دیا کہ [illegible] یہ مولوی تو ہم سے بھی بڑھ کر ہے۔

مفتی صاحب میں کمال منتقل کرنے والی شخصیات

کمال کسی شخص کی اپنی ذات کے [illegible] صاحب کمال نہیں ہوتا۔ کمال حاصل ہوتا ہے
کسی صاحب کمال کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کرنے [illegible] کی مجلس صحبت میں رہنے سے حضرت
مفتی صاحب کو آپ کے اساتذہ میں حضرت مولانا علامہ محمد عبدالقدوس صاحب ہزاروی علیہ الرحمۃ (والد
[illegible] حضرت مولانا علامہ [illegible] حسن صاحب ہزاروی علیہ الرحمۃ [illegible] استاذ الاساتذہ
حضرت علامہ مولانا [illegible] حضرت علامہ مولانا [illegible] علیہ الرحمۃ شارح
[illegible] جامعہ نظامیہ محدث اعظم پاکستان علامہ مولانا ابوالفضل محمد سردار احمد چشتی قادری علیہ
الرحمۃ مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا علامہ سید ابوالبرکات احمد قادری اشرفی علیہ الرحمۃ اور دیگر
اساتذہ و مشائخ کے فیض سے [illegible] تک پہنچایا جس کے مبارک ثمرات [illegible] اور محبوبیت کی
شکل میں [illegible] روشن کی طرح خلق کثیر نے دیکھے۔

حضرت مفتی صاحب کی سیرت و کردار [illegible] میں محبوس رہنا ہم شاگردی کے
خلاف ہے [illegible] اپنے جذبات کا اظہار اس طرح کروں گا۔

گزر تو جائے گی تیرے بغیر بھی لیکن
بڑی اداس بڑی سوگوار گزرے گی

اسکے [illegible] ہیں [illegible] زبان حال پکار رہی ہیں [illegible] چلے جاؤ

ہم تو بھولے تیری راہوں پہ لگے جائیں گے
جانے والے تیرے قدموں کے نشان باقی ہیں

☆☆☆☆☆☆☆☆

مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ ایک عالم ربانی

سید غلام مصطفیٰ شاہ [illegible] انتخاری مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ شیخوپورہ

اس کی نفرت بھی عمیق اس کی محبت بھی عمیق
قہر بھی اس کا تھا اللہ کے بندوں پہ شفیق
انجمن میں بھی میسر رہی خلوت اس کو
شمع محفل کی طرح سب سے جدا سب کا رفیق
مثل خورشید سحر فکر کی تابانی میں
بات میں سادہ و آزادہ ، معانی میں دقیق
اس کا انداز نظر اپنے زمانے سے جدا
اس کے احوال سے محرم نہیں پیران طریق

یوں تو عالم رنگ و بو میں روز و شب موت و حیات کا سلسلہ جاری ہے۔ ہزاروں لاکھوں لوگ عالم ہستی سے رخصت ہوتے ہیں اور دنیا کو چھوڑ کر دار بقا کی طرف کوچ کرتے ہیں۔ ان کے جانے سے کاروان حیات میں کوئی رکاوٹ نہیں آتی۔ قافلہ کار تجارت اپنی منزل کی طرف رواں دواں رہتا ہے دنیا کسی عظیم ویرانی کا شکار نہیں ہوتی۔ کارخانۂ حیات معمول کے مطابق چلتا رہتا ہے۔ دو چار دن گزرنے سے غم مندمل ہو جاتے ہیں۔ غم مٹ جاتا ہے دکھ بھول جاتے ہیں۔

مگر وہ جو عشق و محبت کے دیپ جلا کے امت کو اتفاق و اتحاد کے علم کے نیچے جمع کرنے کا خواہاں ہو۔ جو غلام مصطفیٰ کے ہر وقت کوشاں ہو اور ہو جو فکر امت میں مبتلا ہو۔ کبر میں بھی جس کا جذبہ جواں ہو، جس کی زندگی تمام اس نیت کے لئے مشغول راہ ہو۔ جس کی کوشش و کاوش فقط دین محمدی کی ترویج و اشاعت کے لئے ہو۔ حق گوئی و بے باکی میں جو بے نظیر ہو۔ اسوۂ رسول کی جو جیتی جاگتی تصویر ہو، جس کا ہر قول ریشم و دیبا و حریر ہو، ہر طالب دین جس کی محبت کا اسیر ہو۔ جس کا نام ہی باطل کے لئے ضرب و شمشیر ہو۔ جو بدعت و جہالت کی تقدیر ہو۔ [illegible] جب ایسی عظیم ہستی عالم

سے پوشیدہ و پنہاں ہوتی ہے تو بے شک تمام عالم میں افسردگی اور سوگواری چھا جاتی ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نظام عالم تھم سا گیا ہے۔ ہر قافلہ وہیں جم سا گیا ہے۔ کائنات بہت ادھوری ادھوری سی ہو گئی ہے۔ علم و ادب کی بستی اجڑی اجڑی سی ہو گئی ہے۔ پھر قیامت تک کے زخم مندمل نہیں ہوتے بلکہ مزید بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ غم گھٹتے نہیں بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ [illegible] ابھرتے نہیں پھیلتے چلے جاتے ہیں۔ کہ جو لپٹے نہیں بلکہ دلوں کو اور مجروح کرتے چلے جاتے ہیں۔ فرشتے بھی یہ روح فرسا منظر دیکھ رہے ہوتے ہیں کہ آج دنیا ایک عالم ربانی سے محروم ہو گئی ہے۔ چرند پرند بھی چہل پہل کو چھوڑ کر بے شک اداس اور سوگ کے عالم سے جاتے ہیں حتی کہ [illegible] تک مچھلیاں اپنی زبان سے دعائے مغفرت کرتی ہیں [illegible] ہوتی ہیں کہ بہت سی مخلوق اللہ [illegible] کی عبادت کے لئے کرتی ہے [illegible] کی دعا کرتی ہے۔ [illegible] وہ صبر و علم [illegible] میں حیرانی کے سوا ان کے پاس بھی کوئی چارہ نہیں ہوتا کہ [illegible] و برکات کے انمول [illegible] ہوتا ہے۔ اپنی [illegible] کو بند [illegible] کو چھپا [illegible] وہ اصل اہل اللہ ہوتے ہیں۔

بے شک مفتی اعظم پاکستان علیہ الرحمۃ بھی ان شخصیات میں سے تھے کہ جن کے اچانک [illegible] نے پورے جہاں کو غم سے نڈھال کر دیا۔ علم کا ہر فرد سوگ میں مبتلا دکھائی دیتا ہے۔

اٹھتے جاتے ہیں اس بزم سے ارباب نظر
گھٹتے جاتے ہیں مرے دل کو بڑھانے والے

جس سے بہار تھی وہ آئیں رخ ملاقات دے گے
تجھ سے سر و سامان چھوڑ کر چل بسے

لطف تھا جن سے نظارے کا حسیں وہ نہ رہے
جس سے رونق تھی مکان و مکیں وہ نہ رہے

مفتی اعظم پاکستان بقیۃ السلف تھے جنکو دیکھتے ہی اللہ یاد آجاتا تھا۔ رسول اللہ کی [illegible]

[illegible] رسول کی زندہ و تابندہ مثال [illegible] محبت رسول کا درس دیا [illegible]

کی صدائیں بلند کرتے ہوئے اس دار فانی سے رخصت [illegible] وصال بھی [illegible]

کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں [illegible] عاشق رسول [illegible] میں یہ کہا ہے

ہم میں عشق رخ شاہ کا داغ لے کے چلے
اندھیری رات سنی تھی چراغ لے کے چلے

رئیس المحدثین شیخ الاسلام مفتی اعظم پاکستان [illegible] صورت و سیرت کے لحاظ سے [illegible]

حضرت فاضل بریلوی کے جانشین تھے شب و روز کی محنت [illegible] جمعیت کی طرف سے

آپ کو [illegible] رئیس المدرسین [illegible]

مفتی اعظم پاکستان جیسے عظیم القاب عطا ہوئے۔

گزشتہ برس [illegible] شیخ الحدیث [illegible] محمد عبدالحکیم شرف قادری [illegible]

[illegible] مفتی

اعظم پاکستان جس مقام پر [illegible] آپ کو شیخ [illegible]

شیخ الاسلام کے مقام [illegible] پر فائز تھے۔

طلباء کو الوداعی تقریب میں ایک مختصر مگر جامع خطاب

اے علوم حق و صداقت [illegible] آج [illegible] کس قدر پریشان و پشیمان ہے [illegible]

[illegible] کی طرح [illegible] کا عمل

[illegible] جا رہا ہے [illegible] جا رہی ہے۔ مکان

[illegible]

[illegible] کی جان [illegible]

[illegible] ایک نظر [illegible] ہے۔ یقیناً

پریشان کوئی تکلیف [illegible] اللہ تعالیٰ [illegible]

[illegible] سے محنت و مشقت کر کے تمہارے لئے سامان مہیا کر رہے ہیں۔ [illegible]

[illegible] کیونکہ رسول اللہ نے تمہارے بارے میں فرمایا [illegible]

[illegible] (ترمذی [illegible]) [illegible] کے مہمان ہیں۔ پریشانی [illegible] مہمان

[illegible] اللہ تعالیٰ [illegible] ہے۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] مکان کے [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] ہے۔

ہے [illegible] تیرے زمانے کا امام برحق
جو تجھے حاضر و موجود سے بیزار کرے
موت کے آئینے میں تجھ کو دکھا کر رخ دوست
زندگی تیرے لئے اور بھی دشوار کرے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مفتی اعظم پاکستان...... میری نظر میں

محمد شریف گل نوشہروی
کاتب فتاویٰ رضویہ

کل من علیہا فان و یبقیٰ وجہ ربک ذو الجلال و الاکرام

ہے من آں گل عارض عرب حرم و بس
کہ عندلیب تو از ہر طرف ہزار اللہ

(ایک میں ہی اس گل رعنا کی تعریف نہیں کرتا، ہزاروں بلبلیں اس کی مدح سرائی کر رہی ہیں۔)

مفتی اعظم پاکستان جناب علامہ مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کی علمی و دینی خدمات کا کون معترف نہیں۔ ایک جہان ان کی خدمات کا مدح سرا ہے۔ آپ کو ہزارہ ڈویژن کی وادی ناصبورہ کا چشم و چراغ ہونے کا شرف حاصل ہے۔

آپ 28 دسمبر 1933ء کو پیدا ہوئے اور مختلف جامعات سے 1956ء تک مسلسل 23 سال تک تعلیم حاصل کرتے رہے۔ آپ کو آخر میں [illegible] لاہور میں [illegible] جامعہ نظامیہ رضویہ کا مہتمم ہونے کا شرف حاصل ہے۔ مفتی صاحب مرحوم [illegible] حاصل تھا۔

مفتی صاحب مرحوم سے راقم الحروف (محمد شریف گل نوشہروی) کی ملاقات 1989ء کے اواخر میں ہوئی۔ آپ نے جامعہ نظامیہ رضویہ میں رضا فاؤنڈیشن کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا، جس کا بڑا مقصد فتاویٰ رضویہ کی اشاعت تھی۔ فتاویٰ رضویہ کی کتابت کا کام مجھے سونپ دیا گیا۔ خدا کے فضل و کرم سے فتاویٰ رضویہ کی 24 جلدیں چھپ چکی ہیں اور پچیسویں جلد چھپنے کے لیے پریس میں جا چکی ہے۔ مفتی صاحب مرحوم کو ہر وقت فتاویٰ رضویہ کی تکمیل کی فکر رہتی، مجھے فون پر اور بوقت ملاقات ایسے فرمایا کرتے۔

گل صاحب! جلدی کرو، درمیان میں دوسرا کام نہ کرنا، میں چاہتا

ہوں کہ فتاویٰ رضویہ میری زندگی میں ہی مکمل ہو جائے۔ اگر مجھے کچھ ہو گیا تو کسی سے لکھوانا نہیں اور اگر تمہیں کچھ ہو گیا تو کسی سے لکھوانا نہیں۔"

میں جب بھی ملاقات کے لیے آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوتا، مجھے اٹھ کر ملتے اور معانقہ فرماتے، پھر مجھے بہت شفقت سے اپنے پاس بٹھاتے اور واپسی پر بھی مجھ سے ایسی ہی محبت بھرا سلوک فرماتے۔

جب فتاویٰ رضویہ کی جلد آخری مراحل میں ہوتی تو میں ایک دو روز جامعہ میں ٹھہر جاتا تھا، پھر اس کی تصحیح وغیرہ کر دیتا اور صفحات نمبر وغیرہ لگا دیتا۔ اس دوران اگر مفتی صاحب مرحوم کا کہیں جانا ہوتا تو اپنے نائب جناب علامہ مولانا [illegible] صاحب مدظلہ سے فرماتے کہ میں ضروری کام کے لیے جا رہا ہوں، میرے بعد کاتب صاحب جانا چاہیں تو ان کو کچھ دے کر فارغ کر دینا۔"

اب کے جب میں جلد 25 کی تصحیح کے لیے جامعہ میں حاضر ہوا (25 اگست 2003ء بروز پیر) مجھے اطلاع ملی کہ مفتی صاحب علالت محسوس کر رہے ہیں، مجھے پیغام بھیجا کہ گل صاحب سے کہیں کہ مجھے مل لیں، مجھے کہیں جانا ہے۔ میں لائبریری سے (جو دوسری منزل پر ہے) سے پہلے مفتی صاحب کے کمرے میں آیا، آپ نے مجھ سے معانقہ فرمایا اور بہت خوش ہوئے کہ خدا کے فضل سے 25 جلدیں ہو گئیں، باقی کام جلدی ختم کریں۔ مفتی صاحب سے یہ میری آخری ملاقات ثابت ہوئی۔

آپ کی علمی خدمات کا یہ منہ بولتا ثبوت ہے کہ جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری دروازہ لاہور میں جگہ کی تنگی کی وجہ سے شیخوپورہ میں [illegible] چوبیس کنال اراضی خرید کر دار العلوم جامعہ نظامیہ رضویہ کی ایک نئی شاخ قائم کر دی۔ جامعہ ہذا کی عمارت جدید تقاضوں کے مطابق تعمیر کی گئی ہے۔ جامعہ ہذا میں درس و تدریس اور اساتذہ کی قیام گاہوں کے ساتھ ساتھ کھیل کے میدان بھی فراہم کیے گئے ہیں۔ اس جدید دار العلوم پر اب تک تقریباً ساڑھے چھ کروڑ روپے خرچ ہو چکے ہیں جو مفتی صاحب مرحوم اور ان کی کارکردگی پر عوام کے اعتماد کا نتیجہ ہے۔

وفات کے روز (26 اگست 2003ء بروز منگل) کو جامعہ ہذا کا آخری دورہ کیا اور

جب ایک محقق سے جانے اس حدیث پاک [illegible] جو بصورت [illegible] کی، جنازہ میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مفتی صاحب مرحوم [illegible] فرماتے تھے [illegible] تعصب [illegible] کرتے کرتے گزرا ہوا تھا۔ بقول اقبال

مصطفیٰ برساں خویش را کہ دیں ہمہ اوست
اگر باو نرسیدی تمام بولہبی است

کے مصداق اس سے قائل تھے۔

آپ کی وفات حسرت آیات پر [illegible] ﷺ نے فرمایا [illegible] کی جگہ [illegible] ہے۔"

اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کی قبر پر روز رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆☆☆

مفتی اعظم پاکستان، نائب اعلیٰ حضرت، جانشین محدث اعظم پاکستان

مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ

[illegible] کہ بیماری اور علالت کو معلوم ہے کہ مفتی عبدالقیوم [illegible]، [illegible] کرنے کی بجائے بیماری میں [illegible] کام کرتا ہے۔

اس لئے بیماری شرم کے مارے بھاگ جاتی ہے

[illegible] حافظ محمد عتیق الرحمٰن — حافظ ناصر اقبال سیالوی سرگودھا

مسند تدریس کے شہنشاہ

مولانا ارشاد مصطفیٰ نقشبندی
ناظم اعلیٰ جامعہ رضویہ [illegible] لاہور

حضرت مفتی اعظم پاکستان شیخ الحدیث و التفسیر، استاذ المحدثین حضرت علامہ مولانا مفتی عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ [illegible] عالم اسلام کے تھے بہت بڑا سانحہ ہے۔ اللہ رب العزت حضرت مفتی صاحب [illegible] جامعہ نظامیہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ حضرت مفتی اعظم [illegible] عظیم دینی رہنما تھے۔ ان کی [illegible] صدقہ جاریہ کے طور پر ہمیشہ باقی رہے گی۔

حضرت [illegible] المحدثین [illegible] شیخ العرب والعجم حضرت مولانا غلام رسول رضوی علیہ الرحمۃ کے بعد حضرت مفتی صاحب نے نہ صرف مسند تدریس [illegible] کیا کہ جامعہ نظامیہ کی علمی شہرت کا ڈنکا عالم اسلام میں بجنے لگا۔ ایسے درویش صفت [illegible] بعد پیدا ہوتے ہیں۔ کہنے کو یہ جملہ بہت آسان ہے استاذ المحدثین [illegible] کی [illegible] بہت کم شخصیات ہوتی ہیں۔ حضرت مفتی صاحب بجا طور پر اس منصب کے حقدار تھے۔

آپ کا علمی فیضان صرف برصغیر میں نہیں بلکہ دنیا کے بیشتر اسلامی ممالک میں جاری و ساری ہے۔ آپ کے فیض یافتگان پوری دنیائے اسلام میں خدمت دین کا فریضہ سر انجام دے رہے ہیں۔ حضرت مفتی صاحب کو اللہ تعالیٰ نے [illegible] علمی بصیرت عطا فرمائی تھی کسی بھی موضوع پر اہل علم کی محفل میں جب گفتگو کا سلسلہ شروع ہوتا تو آپ حدیث، تفسیر، عقائد و کلام، تصوف، میراث، منطق، فلسفہ، [illegible] رجال، صرف و نحو، سیرت و تاریخ و دیگر موضوعات پر نہ صرف کوئی رائے پیش کرنے پر اکتفا فرماتے بلکہ رہنمائی بھی فرماتے۔ انبیاء علیہم السلام اللہ تعالیٰ کی صفات عالیہ کا مظہر ہوتے ہیں اور حضور سید کائنات جان دو عالم ﷺ کے صحابہ آپ کے کمالات

عالیہ کے مظہر تھے اور علماء و اہل وقت بھی آپ کے دور آپ کے کمالات عالیہ کے معترف ہیں۔ وجدان کہتا ہے کہ حضرت مفتی اعظم کو اللہ تعالیٰ نے جلال و جمال فاروقی کا مظہر بنایا تھا آپ کے شاندار اور جاندار نظم و ضبط نے تنظیم المدارس کو وہ مقام عطا کیا کہ تنظیم المدارس کی سند کسی بھی سرکاری اور غیر سرکاری ادارے میں بے شک سند مانی جاتی ہے جبکہ دیگر وفاقوں کی اسناد ابھی تک مختلف جانچ پڑتال کے مراحل سے گزر رہی ہیں۔

ہم یہ کہنے میں بالکل حق بجانب ہیں کہ مفتی صاحب جیسی شخصیت کو کسی تنظیم یا ادارے کا سربراہ ہی نہیں بلکہ کسی عظیم مملکت کا بادشاہ ہونا چاہئے تھا۔ حق بات کہنے میں آپ کسی بڑے سے بڑے عالم یا مفتی اور مشاہیر کو ہرگز خاطر میں نہیں لاتے تھے اس لئے کہ آپ کا اپنا کردار عمل کتاب کی مانند تھا۔

یوں تو آپ کی ہر علمی خدمت قابل ستائش ہے "فتاویٰ رضویہ" فقہ حنفی کا شہرہ آفاق علمی خزانہ ہے جس کی عبارتیں عرب و عجم کے علماء، مفتی اور جس کی علمی رفعت کے آگے تو عوام، علماء بھی انگشت بدندان تھے۔ اس فتاویٰ کو اس انداز میں پیش کرنا کہ وہاں تک عوام کی بھی رسائی حاصل ہو۔ اس علمی کاوش نے مفتی صاحب کی عظمت کو چار چاند لگا دیئے۔

آپ کے متعلق حضرت شرف ملت شیخ الحدیث علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری کا یہ عقیدت بھرا جملہ ہے کہ "اگر حضرت مفتی اعظم اس عہد میں ہوں تو فرشتے رشک کریں"۔

سبحان اللہ یہی وہ نفوس قدسیہ ہیں جن کے قدموں کے نیچے فرشتے پر فرش بچھایا کرتے ہیں اللہ رب العزت حضرت مفتی اعظم کے مزار پر تا قیامت رحمتیں نازل فرمائے اور آپ کی راہ گرامی چلنے والے مقام و مسلک کو سلامت رکھے۔ آمین۔

استاذ العلماء شیخ الحدیث مفتی اعظم پاکستان
مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ مخزن علم و عرفان تھے
(علامہ محمود الرحمن شیخ طاہر جمیل سرفراز احمد لاہور)

حضرت استاذ العلماء مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی قدس سرہ

مشاہیر اور زعماء قوم کی نظر میں

ملک محمد محبوب الرسول قادری

استاذ العلماء حضرت مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمہ اللہ تعالیٰ کی رحلت پر پاکستان اہلسنت میں گہرے صدمے اور غم کی لہر دوڑ گئی۔ ہمارے جنازہ کے فقید المثال اجتماع میں جن اہم اور معتبر شخصیات سے ملاقات ہوئی یا بعد میں تعزیت کے لئے آنے والے بزرگوں سے حضرت مفتی صاحب مغفور کے متعلق بات ہوئی تو جو ضروری باتیں تھیں اسے اس مقصد کے لئے محفوظ کر رہا ہوں تاکہ اسے محترم قارئین تک منتقل کر سکوں۔

یوں تو تعزیت کرنے والے علماء، مشائخ، دینی و روحانی شخصیات، سیاسی و سماجی راہنماؤں کی تعداد ہزاروں میں بنتی ہے۔ لیکن یہاں چند اہم شخصیات کے مختصر ترین تاثرات قارئین کرام پر ہی اکتفا کرتا ہوں۔

☆ حضرت مفتی صاحب کی رحلت پوری قوم کے لئے بڑا علمی نقصان ہے میں پوری قوم سے تعزیت گزار ہوں۔ (شیخ الاسلام قائد اہلسنت مولانا شاہ احمد نورانی)

☆ ان کا علم آخرت ان کی اگلی منزلیں آسان ہونے کی گواہی دے رہا ہے۔
(پیر محمد شفیق الرحمن، دو عالمگری شریف، آزاد کشمیر)

☆ اللہ نے انہیں سکرات موت سے محفوظ فرما لیا۔ ان کی علمی اور دینی خدمات جلیلہ ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ (پیر میاں عبدالخالق قادری سجادہ نشین بھرچونڈی شریف، سندھ)

☆ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ اہلسنت کے لئے اللہ کا انعام تھے میرے والد گرامی حضرت شیخ الحدیث رحمۃ اللہ علیہ کے تربیت یافتہ تھے۔ اللہ ان کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا

فرماتے۔ (علامہ صابر اور جاوید رضا وڑائچ اوقاف آزاد کشمیر)

☆ مسلک امام احمد رضا کا سپوت ہم سے چل بسا۔

(شیخ الحدیث سید محمد معروف شاہ قادری آزاد کشمیر)

☆ حضرت مفتی محمد عبدالقیوم حقیقی معنوں میں عالم ربانی تھے۔

(قاضی حسین احمد امیر جماعت اسلامی پاکستان)

☆ مفتی صاحب قبلہ ہم سے جدا ہو گئے ہیں خدا ان کے درجات بلند فرمائے اور اہل سنت کو ان کا نعم البدل عطا فرمائے۔

(حضرت علامہ سید مظہر سعید کاظمی۔ ملتان)

☆ مفتی صاحب قبلہ کی رحلت سے پیدا ہونے والا خلا پر ہوتا نظر نہیں آتا۔

(صاحبزادہ حاجی فضل کریم رضوی، فیصل آباد)

☆ حضرت مفتی صاحب قبلہ بہت کڑے وقت میں ہمیں اچانک چھوڑ کر چل دیے۔

(محقق العصر مفتی محمد خان قادری امیر کاروان اسلام)

☆ کچھ سمجھ نہیں آتا کیا کروں؟ پتہ نہیں یہ کیا ہو رہا ہے۔

(صاحبزادہ عبدالمصطفیٰ ہزاروی فرزند حضرت مفتی صاحب)

☆ میری جماعت کا فکری راہنما ہم سے جدا ہو گیا۔

(سید ریاض حسین شاہ، راولپنڈی)

☆ مسلک اور عقیدے کے لئے ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

(شیخ الحدیث علامہ صاحبزادہ سید محمد عرفان مشہدی، ناظم اعلیٰ مرکزی جماعت اہلسنت پاکستان)

☆ نظم وضبط، خلوص اور انتھک محنت نے حضرت مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی کو ہر میدان میں کامیابیوں سے ہمکنار کیا۔　(ادیب شہیر علامہ سید محمد فاروق القادری، گڑھی اختیار خان)

☆ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی اصولوں پر سختی سے کاربند تھے۔ وہ خود دو ٹوک بات کہنے والے مثالی

ان جیسے لوگ ملکی معاشرے کی اشد ضرورت ہے۔

(جنرل (ر) کے ایم اظہر سابق گورنر سرحد)

☆ حضرت مفتی صاحب قبلہ نے اپنے عہد میں مسلک ومشرب کے لئے جو شاندار خدمات سرانجام دی ہیں انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ہم ان کی سرپرستی سے محروم ہو گئے۔

(مولانا خادم حسین رضوی)

☆ ان کا علمی شہرہ اور نیک نامی ان کی محنت کا ثمر ہے۔

(جنرل (ر) حمید گل سابق سربراہ آئی ایس آئی)

☆ میں ان کا بے حد قدردان ہوں ان کا فیض ان کی وفات سے بند نہیں ہوگا بلکہ جاری وساری رہے گا۔　(میجر (ر) راجہ محمد قاسم احمد، جوہر آباد)

☆ حضرت مفتی صاحب کی وفات کا صدمہ ہر شخص شدت سے محسوس کر رہا ہے۔

(قاری سید صداقت علی قادری، لاہور)

☆ جامعہ نظامیہ رضویہ کا علم وعمل اہلسنت کی فکر بدلنے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ یہ حضرت مفتی صاحب کا فیضان ہے۔ مدرسے کے ناظمین ان کے مشن کو آگے بڑھائیں۔

(پروفیسر صاحبزادہ محبوب حسین چشتی، دربار شریف)

☆ عہد حاضر میں وہ ہمارے ہم مسلک علماء کے سرخیل تھے۔

(ڈاکٹر خالد سعید شیخ، سیالکوٹ)

☆ ایک بزرگ عالم کی رحلت کو پوری قوم کے لئے ناقابل تلافی نقصان خیال کرتا ہوں۔

(پروفیسر قاری محمد مشتاق انور، جوہر آباد)

☆ حضرت مفتی عبدالقیوم ہزاروی کے انتقال کی خبر نے یہاں لندن میں بسنے والے مسلمانوں کو بے چین اور مضطرب کر دیا ہے۔ اللہ ان کی قبر کو جنت کی کیاری بنائے۔

(منظوم سیرت نگار علامہ جاوید القادری، برطانیہ)

☆ صورت الحال میں صرف سلام ۔ کی بات لکھا گئی۔

(پروفیسر الطاف عابد اعوان، دو پشان اکیڈمی)

☆ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ خلوص اور پیار کا پیکر تھے ان کی اچانک وفات سانحہ المناک ہے۔

(سید فیض الانور شاہ، دوریا آباد)

☆ حضرت کا سانحہ ارتحال پورے پاکستان کو سونا اور افسردہ کر گیا

(ڈاکٹر محمد سرفراز نعیمی، لاہور)

☆ بہت بڑے بزرگ اور عالم تھے ان کی رحلت پر بے حد رنجیدہ ہوں، کچھ نہیں کہہ سکتا۔

(مولانا غلام محمد سیالوی، کراچی)

☆ ان کی خدمات جمیلہ کا ایک زمانہ گواہ ہے خدا ان کے درجات بلند فرمائے۔

(قاری محمد خان قادری، [illegible] لاہور)

☆ حضرت مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ ولی کامل تھے ان کی خدمات ان کو ہمیشہ زندہ رکھیں گی۔

(سید حامد مسعود رسول قادری، کراچی)

☆ حضرت مفتی صاحب کی خدمات کا اعتراف ان کے مخالفین کرتے ہیں۔ تحریک ختم نبوت 1974ء میں ان کا کام مثالی تھا ان کا دنیا سے اٹھ جانا قوم پر بڑا نقصان ہے۔

(مفتی عبدالحلیم ہزاروی، میزبی حنفی کراچی)

☆ فتاویٰ رضویہ شریف کی شاندار اشاعت و وضاحت مفتی صاحب کو عہد حاضر میں ممتاز مقام دلاتی ہے وہ مثالی مدرس تھے۔ (مفتی محمد ابراہیم قادری، سکھر)

☆ اب تو ہر سو اندھیرا ہی نظر آتا ہے اب کیا ہوگا؟

(طارق محمود نقشبندی، [illegible] کوئٹہ)

☆ وہ مشن کے سپاہی تھے اور بڑے بزرگ تھے اہلسنت کا سرمایہ تھے۔

(صاحبزادہ سلطان ریاض الحسن قادری، آستانہ حسن دربار حضرت سلطان باہو قدس سرہ)

☆ حضرت مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی قدس سرہ کے خلوص اور محنت میں کوئی دوسرا نہ تھا

(قاری محمد زوار بہادر، جنرل سیکرٹری جمعیت علماء پاکستان)

☆ علماء کے اٹھ جانے سے علم اٹھ جاتا ہے حضرت مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی ہمارے علماء میں سے تھے۔ ([illegible] محمد حنفی سیالوی)

☆ حضرت مفتی صاحب کی اچانک رحلت ہمارے عظیم محسن کی جدائی کا پیغام بن گئی ہے۔

(پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری)

☆ آج حقیقی علماء کی صفیں کم ہو گئیں بہت بڑا خسارہ ہے۔

(پیر سید کبیر علی شاہ، چورہ شریف)

☆ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی حقیقت پسند اور راست گو عالم تھے۔ مدرسین کی بڑی تعداد تیار کر کے اور شاگی گراں قدر خدمات سرانجام دے کر انہوں نے وقت کی اہم ضرورت کو پورا کیا۔ (حضرت علامہ سید شاہ تراب الحق قادری، کراچی)

☆ آج اہلسنت یتیم ہو گئے۔ (مولانا عبدالستار سعیدی)

☆ خدمت علم سے کچھ کہنے کے قابل نہیں وہ پوری قوم کے محسن کبیر تھے۔

(قاری طاہر نعیم)

☆ اپنے دیرینہ ساتھی کی رحلت پر افسردہ ہوں ان کے ساتھ میری بہت ساری نسبتیں تھیں۔ اظہار غم کے لئے الفاظ ساتھ نہیں دے رہے۔

(شیخ القرآن مفتی فیض احمد اویسی، بہاولپور)

☆ مفتی عبدالقیوم ہزاروی کا کام فتاویٰ رضویہ تک کام آئے گا ان کی خدمات کا ہر کوئی اعتراف کرے گا۔

(مفتی جمیل احمد نعیمی، ناظم تعلیمات دارالعلوم نعیمیہ کراچی)

☆ وہ زندہ دل، مجتہد، بحر علم اور محقق اکمل عالم تھے۔

(مفتی منیب الرحمٰن، کراچی)

☆ استاذ العلماء کی رحلت سے ہم اپنی قسمت پر روتے آنسو بہا رہے ہیں کہ ہم اب کہاں سے فیض یاب ہوں گے

(مخدوم پیر سید محمد شاہ قادری، لاہور)

☆ حضرت مفتی صاحب نے آخری عمر مجھے لکھا جس میں محنت اور خلوص سے کام کرنے کی ہدایت فرمائی (سید … حسین شاہ … جامعہ …)

☆ ان کا مشن تھا۔ کام کام اور صرف مسلکی کام

(صاحبزادہ حافظ … سلطان قادری، … شریف، پنجاب)

☆ حضرت مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی کے کارنامے ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ حضور … نامت رحمۃ اللہ علیہ بھی … حرف تھے … ان کی جدائی پر ہم رنجیدہ ہیں۔

(… مشتاق احمد شاہ)

☆ مفتی عبد القیوم ہزاروی عقیدے سے … کام کرنے والے … باعمل عالم دین تھے

(مفتی عبد الشکور ہزاروی …)

☆ علماء علم کے لئے … (منظور حیات قادری …)

☆ حضرت مفتی عبد القیوم ہزاروی مسلکی غیرت و حمیت کا استعارہ اور علامتی نشان تھے۔

(مفتی محمد امین قادری، جامعہ … سندھی، کراچی)

☆ مفتی صاحب ہمارے دینی حلقوں کی جان تھے ان کی … وفات اہلسنت کو بہت متاثر کرے گی۔ (صاحبزادہ سید مصطفیٰ اشرف رضوی۔ جامعہ حزب الاحناف۔ لاہور)

☆ ہمارے بزرگ اور ہمارے بزرگوں کے ساتھی تھے ان کی خدمات کا اثر ساری دنیا میں ہے مسلکی تصلب ان کا خاصہ تھا۔

(صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ۔ جامعہ رضویہ شیرازیہ۔ لاہور)

☆ حضرت مفتی صاحب نے جو کام کیا وہ ان کی حیثیت کے تعین کے لئے کافی ہے۔

(پیرزادہ سید محمد عثمان نوری گیلانی، چک سادہ شریف، گجرات)

… کی جدائی … ان کا …

(پیرزادہ اقبال احمد فاروقی)

☆ مفتی صاحب کا … مسلک حق کے ساتھ بے لوث اور مضبوط تعلق ہے … (… محمد …)

☆ … کی … شان یہ بھی ہے کہ وقت وصال … ہوتی ہے۔ (شیخ الحدیث مفتی علی احمد سندیلوی، لاہور)

☆ حضرت مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی سے تعلق … نصف صدی پر محیط تھی وہ عظیم عالم … تھے (مفتی گل احمد خان عتیقی … شریف …)

☆ وہ سچے عاشق رسول اور … تھے۔

(پیر محمد افضل قادری سجادہ نشین … شریف)

☆ میں نے بڑے بڑے عالم علم کو ان کے سامنے جھکتے دیکھا۔

(صاحبزادہ محمد رفیق رضوی …… لاہور)

☆ ان شاء اللہ ہم مفتی صاحب کے حوالے سے شاندار تذکار شائع کریں گے

(مولانا ابو داؤد بشیر جلالی)

☆ حضرت علامہ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی کی خدمات اسلامیہ تا قیامت یاد رہیں گی۔

(قاری غلام حسین سعیدی)

☆ آپ کی وفات پورے عالم اسلام کے لئے ایک ایسا عظیم نقصان ہے جس کی تلافی کسی صورت بھی ممکن نہیں ہے۔ (مولانا سید غلام مصطفیٰ ریاض البخاری)

☆ آپ کے جانے سے پوری ملت اسلامیہ یتیم ہو گئی ہے۔

(مولانا محمد کرم … ایڈیٹر … نظام …)

☆☆☆☆☆☆☆

یادوں کے چند نقوش

حافظ محمد عطاء الرحمن قادری

مت سہل ہمیں جانو، پھرتا ہے فلک برسوں
تب خاک کے پردے سے انسان نکلتا ہے

ایسے ہی سالوں میں سے ایک عظیم انسان، مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ تھے۔ ان کے حسنِ خلق، تقویٰ و پرہیزگاری، محبت و شفقت اور علم و عمل کے حوالے سے کئی حسین یادیں لوحِ ذہن پر نقش ہیں۔ انہیں صفحۂ قرطاس پر منتقل کرتے ہوئے سوچ رہا ہوں کہاں سے شروع کروں اور کہاں ختم کروں؟ کسے بیان کروں اور کسے نہ بیان کروں؟

وہ عہد میں ہم نے سوچا کہ سر جھکائیں کہاں سے پہلے
ہر ایک ذرہ پکار اٹھا یہاں سے پہلے یہاں سے پہلے

بہرکیف علالت سے بچتے ہوئے چند باتیں سپردِ قلم کر رہا ہوں۔

فتاویٰ نویسی میں احتیاط:

حضرت مفتی صاحب اگرچہ عظیم محدث، مجتہد، مفتی، مدرس، وسیع النظر فقیہ اور بہترین مصنف تھے لیکن آپ کی وجہ شہرت مفتی ہونے کے حوالے سے ہی ہے، اسی لئے اہل سنت کے کبار علماء نے آپ کو مفتی اعظم پاکستان کے لقب سے پکارا۔ اور یاد رکھیں! آپ کے فتاویٰ کی خصوصیات تو کوئی فاضل ہی بیان کر سکے گا، بے بضاعت نے جو اہم خصوصیت دیکھی وہ فتویٰ نویسی میں آپ کی احتیاط ہے۔ چنانچہ ایک مرتبہ میں حاضرِ خدمت ہوا تو دیکھا کہ ایک نوجوان اپنے سسر کے ساتھ خدمتِ اقدس میں حاضر ہے اور یہ مسئلہ بیان کر کے فتویٰ کا طالب ہے کہ میں نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دی تھی لیکن میرے وکیل نے تین طلاقیں لکھ کر بھیج دیں۔ جواباً مفتی صاحب نے فرمایا کہ وکیل تو بہت ہوشیار لوگ ہوتے ہیں۔ یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ ایک طلاق دیں اور وہ تین

طلاقیں لکھ دے۔ ہم آپ کے سوال کے مطابق فتویٰ تو لکھ کر دے سکتے ہیں لیکن اگر آپ نے تین طلاقیں دی ہیں تو یاد رکھیں اب بیوی کو گھر میں رکھنا اللہ اور رسول ﷺ کی نافرمانی ہوگی۔" پھر کافی دیر تک خوف خدا اور فکر آخرت یاد دلاتے رہے۔ پھر نوجوان کے سسر صاحب سے فرمایا کہ وہ بھی اسے سمجھائیں۔ کچھ ہی دیر کے بعد وہ نوجوان اشکبار آنکھوں سے حاضر ہوا اور اعتراف کیا کہ میں نے تین طلاقیں ہی دی تھیں"۔

اگر کوئی دوسرا مفتی ہوتا تو صرف فتویٰ دے کر فارغ ہو جاتا لیکن مفتی صاحب اپنی ذمہ داری اور فراست سے بھانپ گئے کہ سائل سوال کرتے ہوئے کچھ چھپا رہا ہے اور یوں اس کی رہنمائی فرما کر شریعت کی خلاف ورزی سے بچا لیا۔

عامل بالحدیث

حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمۃ حدیث پڑھانے کے ساتھ ساتھ حدیث پر عمل کا بھی بہت زیادہ اہتمام فرماتے تھے۔ یوں کہنا بے جا نہ ہوگا کہ آپ جس یقین سے حدیث کی تدریس فرماتے تھے اسی یقین سے حدیث پر عمل بھی فرماتے تھے۔ احادیث پاک میں سفید لباس کی بہت تعریف کی گئی ہے۔ اسی لئے مفتی صاحب سفید لباس بہت پسند کرتے تھے۔ جہاں تک میرے مشاہدے کا تعلق ہے میں نے انہیں کبھی رنگین لباس میں نہیں دیکھا۔ ہمیشہ کھلی آستینوں والا سفید کرتا اور شلوار زیب تن فرماتے۔ سر پر سفید رنگ کا ہی عمامہ اور اسی رنگ کی چادر بھی ہوتی۔ جس سے سر اور چہرے کا کچھ حصہ ڈھکا رہتا۔ پہلے پہل میں اسے مفتی صاحب کی ادا اور سادگی کا طریقہ سمجھتا لیکن طبرانی شریف کی مندرجہ ذیل حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ یہ بھی عمل بالحدیث کا ہی ایک نمونہ تھا: الاردیة لبسة العرب والالتفاع لبسة الایمان "یعنی چادر اوڑھنا عربوں کا لباس ہے اور سر اور چہرے کو (چادر سے) ڈھانکنا ایمان والوں کا لباس ہے"۔

تقویٰ و پرہیزگاری:

حضرت مفتی صاحب جہاں علم کا ایک عظیم مینار تھے وہیں عمل کا بھی نہایت حسین

شاہکار تفسیر میں بھی اور اتباع سنت کے ساتھ ساتھ تقویٰ و پرہیزگاری میں بھی اپنی مثال آپ تھے۔ ۱۹ اگست 2003ء کو آپ کی خدمت میں حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ آپ مولانا محمد احمد رضا اشرف قادری (متعلم دورہ حدیث شریف) نے ہوٹل لا کے ... معروف ہسپتال سے آئے۔ مفتی صاحب نے دیکھ کر ارشاد فرمایا ... کے بعد ... میں ... صحت پر ... ہوا اور مفتی صاحب نے تقریباً ... محسوس کرتے ہوئے خاموش رہا۔

پچھلے سال ہی میں مولانا ... قادری ... کی جانب سے ایک خط موصول ہوا جس میں لکھا ہے "آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی ... مشہور ... سائنسدان ... جز و قلیل (Popsin) بھی سور ہی سے حاصل ہوتا ہے۔ علماء کرام سے امید ہے اس مسئلہ پر ضرور غور فرمائیں گے۔

گستاخانِ رسول ﷺ کا رد

مفتی صاحب حضور نبی کریم ﷺ کے سچے عاشق تھے تو یہ کیسے ممکن تھا کہ وہ آقا کریم ﷺ کے گستاخوں کا رد نہ کرتے۔ آپ کا درس حدیث بدمذہبوں اور گستاخوں کے لیے شمشیر بے نیام تھا۔ آپ عقیدہ کی اتنی پختگی اور تعصب کے باوجود ... فرمایا کرتے تھے کہ افسوس ہے بدمذہبوں کے رد میں اتنی محنت نہیں جتنا کہ ہمارے اکابر تھے۔ جب اکابر کا ذکر شروع ہوتا تو ختم ہونے کا نام نہ لیتا۔ تلامذہ کو بھی عموماً نصیحت کرتے کہ اسلاف کے نقش قدم پر چلتے ہوئے بدمذہبوں، گستاخوں کا خوب خوب رد کریں۔

زندگی کا آپ کی بس ایک ہی مقصد رہا
حفظ ناموس رسالت فروغ تعلیم نبی ﷺ

شیخ طریقت سے محبت:

اکابرین اہل سنت سے مفتی صاحب کو محبت اور اپنے شیخ طریقت حضرت محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد قادری چشتی علیہ الرحمۃ سے آپ کو خصوصاً بہت محبت تھی۔ اٹھتے بیٹھتے ان

کا ذکر کرتے رہتے۔ زندگی کے آخری ایام میں تو یہ تذکرہ بہت بڑھ گیا تھا۔ محبت و عقیدت کے باعث حضرت محدث اعظم پاکستان علیہ الرحمۃ کی جامع سوانح لکھنے کا کام میرے سپرد فرمایا۔ وقتاً فوقتاً پوچھتے رہتے کہ کتنا کام ہوا ہے۔ الحمد للہ تعالیٰ اب یہ سوانح تکمیل کے قریب ہے۔

حسن خلق

اخلاق تو ایسے تھے کہ پہلی ملاقات ہی میں ملنے والا آپ کا گرویدہ ہو جاتا تھا۔ ہر آنے والا ... یہی سمجھتا تھا کہ مفتی صاحب کی شفقت اس پر سب سے زیادہ ہے۔ حیات محدث اعظم پاکستان ... لکھتے ہیں: اکثر خاص خدمت ہو کر ... مشورہ کرتا رہتا تھا۔ انتقال سے کوئی ایک ہفتہ قبل میں نے ... آواز ... محسوس ہو ... کہنے لگے میں نے حدیث کی ... "مطالعہ ... آواز ... بھی ہے"۔

اشاعت کتب

آپ مسلک اہل سنت کے فروغ کے لیے اشاعت کتب کو بہت ضروری سمجھتے تھے۔ بیسیوں کتب آپ نے شائع کروائیں۔ یہاں ان سب کا تذکرہ مقصود نہیں۔ فتاویٰ رضویہ کی ترجمہ و تخریج کے بعد اشاعت آپ کا وہ کارنامہ ہے جو آب زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ آپ مرحوم فرمایا کرتے: کبھی کبھی میں یہ سوچتا ہوں کہ فتاویٰ رضویہ کا کام مجھ سے کیسے ہو گیا۔ بہت سوچنے کے بعد یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ اس نے مجھ سے یہ عظیم کام لے لیا۔

دینی مصنفین و محققین خصوصاً نئے قلمکاروں کی بہت حوصلہ افزائی فرماتے۔ میری کتاب "سیرت صدر الشریعہ" شائع ہوئی تو بہت خوش ہوئے۔ بہت خوبصورت تبصرہ لکھا اور تاکید فرمائی کہ "یہ کتاب مارکیٹ میں ہمیشہ موجود رہے"۔

دینی مدارس کا قیام

آپ نے بہت سے دینی مدارس قائم فرمائے جن میں جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور شیخوپورہ سرفہرست ہیں۔ ہمیشہ دینی مدارس قائم کرنے کی کوشش میں لگے رہے۔ ایک مرتبہ جامعہ ... ہوا تو بہت مسرور ہوئے۔ میں اس خوشی کو دیکھ کر حیران تھا کہ آپ نے خود ہی وجہ بیان کر دی۔ فرمانے

لگے" ایک وقت وہ تھا کہ میرے استاذ محترم آقائے نعمت حضرت محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمد صاحب نے مجھے صوبہ سرحد کے کئی مدارس کا پتہ لگانے کے لئے بھیجا تھا اس وقت دو تین مدارس کا پتہ چلا اور آج مجھے سرحد سے صرف ایک ضلع سے بیس مدارس کی فہرست موصول ہوئی ہے جن کا الحاق تنظیم المدارس سے کرنا ہے۔"

نورانیت:

ایک عجیب چیز جس کا آپ کی زندگی کے آخری ایام میں مشاہدہ ہوا وہ آپ کے چہرۂ مبارک کی بڑھتی ہوئی نورانیت تھی۔ حاضر باشوں کو یہ فرق شدید محسوس ہوا جو ہفتہ میں چند بعد وقفے سے حاضر خدمت ہوتا تھا اسے یہ فرق واضح طور پر محسوس ہوا۔ ظاہر ہے یہ روزانہ بہت مطالعہ کی اور اپنے کام کے کمال پر ہونے کی ایک مرد کامل کا نتیجہ تھی

تھی صبح عید اس کے دل کے آئینے میں
سرور ایک وصل تھا اس کے ہر لمحے میں

مقبولیت:

اگرچہ آپ نے زندگی بھر صرف تدریس فرمائی اور تقریر و خطابت کی جانب توجہ نہ کرنے کے باعث عوام کی نگاہوں سے چھپے رہے۔ لیکن اس کے باوجود آپ کے جنازہ میں جہاں علمائے کرام و طلبہ کے ساتھ ساتھ عوام کی کثیر تعداد میں شرکت حیران کن ہے۔ لاہور و شیخوپورہ میں جنازہ کے عظیم اجتماعات دیکھ کر یہی کہنا پڑتا ہے کہ یہ بلا شبہ "ثم یوضع له القبول فی الارض" کا نتیجہ ہے جامعہ نظامیہ رضویہ میں ہونے والی قل شریف کی محفل میں حاضر ہوا، اگرچہ اس سے پہلے شیخوپورہ میں قل شریف کی محفل ہو چکی تھی لیکن اس کے باوجود یہاں بھی علماء و عوام کا ایک جم غفیر تھا۔ جامعہ کی طلبہ اور اساتذہ تھے لیکن مفتی صاحب کی مسند خالی دیکھ کر دل تھام کر رہ گیا۔

وہی بزم ہے، وہی دھوم ہے وہی عاشقوں کا ہجوم ہے
ہے کمی تو بس اسی چاند کی جو تہہ مزار چلا گیا

☆☆☆☆☆☆☆

اٹھتے جاتے ہیں اب اس بزم سے ارباب نظر

تحریر: محمد آصف ہزاروی جامعہ نظامیہ غوثیہ وزیر آباد

استاذ العلماء، پیکر رشد و ہدایت، محسن اہل سنت، دنیائے تدریس کے تاجدار حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کی خبر سن کر بے حد دکھ ہوا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ اللہ رب العزت بوسیلہ رحیم ﷺ کے طفیل آپ کے مزار پر نور و رحمت و تجلیات کی بارش نازل فرمائے۔ آپ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ سے اعلیٰ و ارفع مقام عطا فرمائے۔

دکھ تو اس بات کا ہے کہ آپ ہم سے جدا ہو گئے ہیں ورنہ موت نے تو آپ کو وہ عظیم مقام عطا فرمایا ہے جو دنیا کے مقامات سے کہیں بڑھ کر بلند مقام ہے کیونکہ آپ صرف عالم نہیں تھے بلکہ ایک مدرس، مفسر، محدث، فقیہ، سیاست دان، متکلم اعلیٰ کے ساتھ ساتھ عبادت و ریاضت کے میدان میں بھی اپنی مثال آپ تھے۔

مشائخ عقیدت کا دم بھرتے ہیں علماء جن پہ ناز کرتے ہیں

اس بات کا واضح ثبوت آپ کی نماز جنازہ بھی کہ عوام سے کہیں بڑھ کر علماء کرام کی ایک کثیر تعداد کو آپ کے جنازہ و کندھا دینے کی سعادت حاصل ہوئی۔

آپ کے وصال کی خبر پر دار العلوم جامعہ نظامیہ غوثیہ وزیر آباد میں قبلہ پیر شیخ القرآن مفتی محمد عبدالشکور ہزاروی مدظلہ العالی کے حکم پر تعطیل کر دی گئی اور آج دار العلوم میں حضرت کے لئے خصوصی طور پر قرآن خوانی اور ختم پاک کا اہتمام کیا گیا۔ قبلہ والد گرامی جامعہ کے اساتذہ کے ہمراہ نماز جنازہ میں بھی شریک ہوئے۔ حضرت مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کا ہمارے ساتھ ایک خصوصی تعلق تھا۔ میرے جد امجد حضرت شیخ القرآن ابو محمد عبدالغفور ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کے بااعتماد ساتھیوں میں سے آپ کے والد گرامی کا شمار ہوتا تھا حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ کی لاہور شہر کے اندر سب سے آخری تقریر بھی جامعہ نظامیہ رضویہ کے اندر ہوئی تھی حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ نے بڑے خوبصورت انداز سے جلسہ کا اہتمام فرمایا تھا اور حضرت شیخ القرآن کا خطاب بھی بڑا شاندار تھا جس کو آج بھی لاہور کے علماء یاد کرتے ہیں۔ جس میں حضرت

شیخ القرآن سے طرح یاد تھا اس لئے وہ شعر مجھ سے کوئی خط جس میں یہ شعر میری دلی سے ہو رکھا ہے
کا جب تک محمد عبدالغفور ہزاروی زندہ ہے سو شعر ہم اس ملک کی تقدیر نہیں بن سکتا"۔

1983ء سے 2001ء تک کا عرصہ میں نے پنجاب یونیورسٹی اور گورنمنٹ کالج وغیرہ لاہور میں گزارا ہے۔ اس عرصہ کے دوران بطور طالب علم سینکڑوں بار حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ سے ملاقات کرنے کا شرف ملتا رہا خصوصاً جب میں نے اسلامیات میں ایم اے کے دوران جب میں حضرت شیخ القرآن کی ملی و دینی خدمات کے موضوع پر پنجاب یونیورسٹی کے لئے مقالہ لکھ رہا تھا تو حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ سے متعدد بار ملاقات کرنے کا شرف ملتا رہا۔ آپ بے حد حسن اخلاق کا مظاہرہ کرتے ہوئے میری بھرپور رہنمائی فرماتے۔ مقالہ کے سلسلے میں رہنمائی فرماتے ہوئے اور مجھے جمعیت علماء پاکستان کا وہ ریکارڈ اخبارات جب حضرت شیخ القرآن رحمۃ اللہ علیہ مرکزی صدر جمعیت علماء پاکستان تھے سب عطا فرما دیا جو میرے پاس آج بھی آپ کے عطا کردہ ریکارڈ کی کاپیاں موجود ہیں جن کی مدد سے میں نے اپنا مقالہ مکمل کیا تھا۔ بعد ازاں بھی حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ سے متعدد ملاقاتیں ہوئیں۔ آپ کے پاس جب حاضر ہوتا تو بڑی قیمتی معلومات سے نوازتے، کیونکہ حضرت شیخ القرآن کے ساتھ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے فرمانے لگے۔

جب حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ نے جمعیت کے قائد منتخب ہونے کے بعد جمعیت پارٹی اور کانگریسی علماء کا تعاقب شروع کیا تو آپ کی للکار سے یہ علماء پسپائی پر مجبور ہو گئے۔ مولانا مفتی محمود صاحب نے اپنے چند علماء کے ہمراہ حضرت علامہ ہزاروی صاحب سے ملاقات کے خواہاں ہوئے تو حضرت علامہ ہزاروی صاحب رحمہ اللہ نے پہلے تو ملاقات سے انکار کر دیا جب ان علماء کی طرف سے اصرار بڑھا تو آپ نے انہیں جواب دیا کہ اگر آپ ملاقات پر مصر ہیں تو سب سے پہلے لاہور میں میرے صاحب مولانا قاضی عبدالنبی کوکب اور مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی سے مل کر انہیں مطمئن کریں اگر یہ میرے صاحب آپ کی ملاقات پر مطمئن ہو جائیں تو پھر میں ان صاحب کے کہنے پر مولانا مفتی محمود صاحب سے ملاقات کروں گا۔ چنانچہ مفتی محمود صاحب اپنے ہمراہ چند علماء کو جن میں مولانا محمد علی جالندھری بھی شامل تھے، جامعہ نظامیہ رضویہ آئے مگر علماء کا یہ وفد ان صاحب کو مطمئن نہ کر سکا اور ناکام لوٹ گیا۔ اس واقعہ سے جہاں علامہ ہزاروی

رحمہ اللہ سے ان علماء کی دینی حیثیت کا حسن بیان کر کے اپنی محبت کا مظاہرہ کیا وہاں اپنے ان عزیز قاضی صاحب اور مفتی صاحب پر بھرپور اعتماد کیا اور انہیں آگے بڑھنے کا موقع عطا فرمایا۔

حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ کا حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ کے ساتھ ہزاروی نسبت کے علاوہ ایک جماعتی تعلق جمعیت علماء پاکستان کا بھی تھا۔ حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ کی رہائش پر قیام پذیر ہوا کرتے تھے۔ سال 1968.69ء میں تو اکثر مفتی صاحب علیہ الرحمہ لاہور سے تشریف لے جاتے اور جمعیت کے معاملات پر حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ سے ملاقاتیں جاری رہتی تھیں۔ میں نے ایک بار حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ سے گزارش کی کہ مجھے حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ سے متعلق اپنے تاثرات عطا فرمائیں۔ چنانچہ حضرت نے بڑے ہی خوبصورت الفاظ میں حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ سے متعلق اپنے قلم سے تاثرات لکھ کر عطا فرمائے آپ کی وہ تحریر میرے پاس اب بھی محفوظ ہے۔

اٹھتے جاتے ہیں اب اس بزم سے ارباب نظر
گھٹتے جاتے ہیں مرے دل کو بڑھانے والے

حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ کی زندگی علماء اہل سنت کے لئے ایک مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہے کہ قدرت نے جو ادارہ جامعہ نظامیہ رضویہ کو بام عروج تک پہنچایا بلکہ شیخوپورہ کا جامعہ کا کیمپس آپ کی کاوشوں کا مرہون منت ہے اس ادارہ سے دور دراز کے علماء کرام جو بڑی بڑی مجلسیں ادا کر سکیں۔

اک شمع جل رہی تھی سو وہ بھی خاموش ہے

حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ کے ساتھ ہمارا تعلق اس لحاظ سے بھی بڑا مضبوط رہا کہ آپ نے جامعہ گجرات کے دارالعلوم سے کچھ عرصہ تعلیم حاصل کی۔ وہاں شیخ الجامعہ حضرت مولانا محب النبی رحمۃ اللہ علیہ سے جو حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ کے بھتیجے اور داماد تھے ان سے علم دین حاصل کرتے رہے، اور یہ وہ دور تھا جب حضرت شیخ القرآن رحمہ اللہ گجرات شہر شریف کے آستانہ عالیہ پر تشریف فرما ہوتے تھے۔

(بقیہ صفحہ نمبر 199 پر ملاحظہ فرمائیں)

میرا دل اور میری جان مفتی اعظم پاکستان علیہ الرحمہ

بقلم محمد اویس رضا قادری۔ لاہور

اگست کی 26 تاریخ تھی اور منگل کا دن تھا۔ وقت تقریباً 9 بجے ایک ایسی غمناک خبر سننے میں آئی کہ جس سے دل دہل گئے، بچے بوڑھے سب پھوٹ پھوٹ کر رو گئے، ہنستا مسکراتا جامعہ ایک دم اندوہناک فضاؤں میں ڈوب گیا۔ مسکراہٹیں غمناک آہوں اور سسکیوں میں تبدیل ہو گئیں۔ یہ خبر کسی ولی کامل مرد قلندر مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کے وصال پُر ملال کی تھی۔

آپ کا اس فانی دنیا سے اچانک اس طرح چپکے سے رخصت ہو جانا صرف جامعہ نظامیہ کے طلبہ و اساتذہ کے لئے نہیں بلکہ ساری ملت مسلمہ کے لئے بہت عظیم صدمہ ہے۔ اس عظیم سانحہ نے صرف ہمارے دلوں کی بستیوں کو ویران نہیں کیا بلکہ سارے شہر لاہور پر سوگ طاری کر دیا۔ یہ جہاں جہاں چاہنے والوں کے دلوں کو شدید صدمے سے دوچار کیا وہاں دنیا سے نفرت اور اللہ سے وصال کا جذبہ بھی پیدا کیا۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ساری حیات پاک تقویٰ، معرفت، عرفان کا باعث تو تھی ہی آپ رحمۃ اللہ علیہ کے وصال نے بھی خوب خوب ظلمت کدوں میں عرفان کی ضیاء پاشیاں کیں۔

ایک ولی کامل کا یوں چلے جانا کسی بڑے صدمہ اور المیہ سے کم نہیں ہے۔ لیکن یہ ایک ایسا جام ہے جسے سب نے پینا ہے یا یہ ایک ایسا راستہ ہے جسے سب نے طے کرنا ہے۔ واضح رہے کہ اس راہ پر ہو کر جانے والے اللہ والے اس دنیا میں ہمیشہ دائمی قیام کے لئے نہیں آتے ہیں اور نہ محض کھانے کی حرص اور خبیث نفس کی لذت و خواہشات پر قناعت کرنے کے لئے آتے ہیں، بلکہ فقط اللہ تعالیٰ کی معرفت اور قرب و وصال کی شمع عظمیٰ پھیلانے کے لئے آتے ہیں۔ حضور قبلہ مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی طرح دین و اسلام کی خدمت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے قرب خاص میں جا پہنچے۔ مجھے اس وقت ایک بہت حسین واقعہ یاد آ رہا ہے کہ ہمیں ہماری والدہ محترمہ نے

سنایا تھا۔ آپ (میری والدہ محترمہ) نے کہا کہ میرے ابو جان یعنی راقم الحروف کے نانا جان نائب محدث اعظم پاکستان حضرت علامہ مولانا ابو محمد محمد عبد الرشید رحمۃ اللہ علیہ وصال کے چند روز بعد میرے خواب میں تشریف لائے تو میں نے شکایت کی آپ جلد گھر آ جایا کریں کیونکہ ہم آپ سے اداس ہو جاتے ہیں تو اس پر حضور قبلہ نائب محدث اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ فرمانے لگے کہ اللہ عزوجل نے فرمایا ہے کہ میں اپنے بندے کی روح اس وقت لیتا ہوں جب وہ میرے دیدار کا مشتاق ہو جاتا ہے ساتھ میں میری آنکھ کھل گئی گویا انہوں نے فرمایا کہ مجھے اس فانی دنیا سے جانے کے بعد بھی کوئی فرق نہیں پڑا بلکہ میں پہلے سے زیادہ سکون و آرام سے ہوں۔ اور واقعی یہ اللہ تعالیٰ کے کامل ولی کی ہی شان ہے۔

دل میں عشق رہا نثار کر دیا لے کے ہے
اک میری ذات کی تھی چاہت رب کے لیے

[illegible]

اور اگر بطور ایک سبب کے تو پتہ چلتا ہے کہ حضور قبلہ مفتی اعظم پاکستان بھی اپنے رب کے دیدار کے مشتاق تھے اسی لیے تو چپکے سے چل دیئے۔ اللہ عزوجل سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں حضور قبلہ مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ کے مشن کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور حضور قبلہ مفتی اعظم پاکستان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆☆

﴿بقیہ صفحہ نمبر 197﴾ آج علم و عمل، تحقیق و تدقیق، درس و تدریس کا ایک باب ختم ہو گیا جامعہ نظامیہ رضویہ کی مجلس تدریس سونی ہو گئی ... معرفت مرجھا گیا ہے۔ تشنگان علم و معرفت کی آبیاری کرنے والا، علماء و مدرسین کی ایک بڑی جماعت تیار کرنے کے بعد راہی ملک بقا ہو گئے آپ کی شایان شان آپ کا روضہ مبارک تعمیر کرنا

مثل ایوان سحر مرقد فروزاں ہو تیرا
نور سے معمور یہ خاکی شبستاں ہو تیرا

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت کے درجات و مراتب بلند فرمائے۔

میرے آقائے نعمت حضرت مفتی اعظم پاکستان قدس سرہ

تحریر: محمد عمران محسن قادری (دورہ حدیث)

شیخ المحدثین، رئیس المحققین، استاذ العلماء، حضرت مخزن جود و سخاوت، پاسبان ناموس رسالت، سالار کاروان عشق و محبت، قائد اہلسنت، سیدی سندی مولائی حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی قادری رضوی قدس سرہ العزیز کی ذات والا صفات ان ... ہستیوں میں سے ایک تھے جنہیں قدرت صدیوں بعد ... سے تخلیق کرتی ہے۔ آپ ... اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی ... کے عشق مصطفیٰ ﷺ کے ... تھے جن کی کتاب زندگی کا ہر ورق عشق مصطفیٰ ﷺ سے عبارت تھا۔

آپ جب بھی اعلیٰ حضرت امام اہلسنت کا یہ شعر سنتے تو وارفتگی کے عالم میں جھوم جاتے۔

کروں تیرے نام پہ جاں فدا نہ بس ایک جاں دو جہاں فدا
دو جہاں سے بھی نہیں جی بھرا کروں کیا کروڑوں جہاں نہیں

قبلہ مفتی اعظم پاکستان کی ذات اقدس ایک ... بہت گہری تھی۔ جس کی ہر ہر جہت ... آفتاب ... کے ... ہے جو ... کی ... نظر آتی تھی۔ آپ علم و عمل ... حسین پیکر ... اور ... کی ایک ... صورت تھے جنہیں دیکھ کر ... یاد آتا تھا۔

آپ کی ذات گرامی علم و معرفت کا وہ آفتاب عالم تاب تھی، جس کی صورت عمل کی کا حسین پرتو، جن کی سیرت ... رسول کی ... جن کا دل عشق نبی سے معمور، جن کی آنکھیں محبت رسول سے مخمور، جن کا سینہ علوم و معارف کا گنجینہ، جن کا قلب ... کی دولت سے ... آقا کی یادوں کا مدینہ، جن کی زبان پر ہر وقت ذکر ... درود ... کے ... جن کی نگاہوں میں حسن یار کے جلوے، جن کے چہرے پر علامت و عصمت کا نور، جن کی آنکھوں میں بادۂ محبت کا سرور، جن کی ... پر ہر ... اور ... پر ہر وقت تبسم کے حسین پھول، جن کی زیارت کرنا ... جن کی صحبت میں بیٹھنا سعادت، علم جن کا زیور، غیرت جن کا تیور، جن کے علم و فضل کی

... کرتی ہے ... جن کے تقدس ... علماء و فضلاء نے ... جن کے گیت محققین ... نے گائے، جن کی بلندی کردار کو سلام اپنوں اور غیروں نے بھی کیا، جن کے چرچے عالم اسلام میں، جن کے تذکرے عالم دوام میں، جن کی شہرت شرق و غرب میں، جن کے محامد و محاسن عرب و عجم میں سنے جاتے ہیں، ایسے لوگوں کے متعلق علامہ اقبال نے کہا۔

جہاں میں اہل ایماں صورت خورشید جیتے ہیں
ادھر ڈوبے ادھر نکلے ادھر ڈوبے ادھر نکلے

آپ کے علاوہ ... آپ نے ... رشد و تبلیغ، تصنیف و تالیف، وعظ و نصیحت کا کام ... انجام دیتے ہیں ... کے مصداق ... کے ... میں اسلام ... ہیں۔

حضور قبلہ مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ... ان شخصیات میں سے تھے جو صدیوں بعد پیدا ہوتی ہیں اور جب یہ مقدس لوگ ... کی آغوش میں آ کر تعلیم و تدریس، تصنیف و تالیف، تحقیق و تدقیق، وعظ و ارشاد، فضل و کرامت اور علم و بصیرت کی روشنی پھیلا کر اس دنیا کو داغ مفارقت دے جاتے ہیں تو یوں معلوم ہوتا ہے کہ زندگی کی ہر ... ہے اور ... کی ... ہو گئی ہے ... اور ... زندگی اپنی ... کھو بیٹھے ہیں۔

حضرت مفتی اعظم پاکستان کے وصال با کمال سے علم و دانش کا وہ آفتاب غروب ہوا جس کی روشنی کو ... ترسے گی۔ آپ کا غم فراق ایک مکان کا غم نہیں ایک جہان کا غم نہیں ... قیامت گزر گئی۔ وہ ایک آفتاب تھے، ایک ماہتاب تھے، وہ باران کرم تھے، ظلمت کے ... اب کہاں جائیں گے، علم کے پیاسے اب کیا کریں گے؟

آپ شیخ الحدیث تھے، رئیس المحققین تھے، ... تھے، استاذ الاساتذہ تھے، ولی کامل تھے، دانائے عصر تھے، پیکر رشد و ہدایت تھے، عظمت اسلام کے امین تھے، اسلامی اقدار کے علمبردار تھے، علم و عمل میں یکتائے روزگار اور اوصاف و کمالات میں سلف الصالحین کی یادگار تھے

جو زندگی بھر قرآن مجید سمجھاتے رہے، حدیث مبارک کے انوار لٹاتے رہے، جو حدیث کے سبق پڑھاتے رہے، بارگاہ رسول کے آداب سکھاتے رہے، علم کے جواہر لٹاتے رہے، عشق کے چراغ جلاتے رہے، دین کے رفقاء لگاتے رہے۔

قبلہ مفتی اعظم پاکستان کے وصال پر ہر ایک کی زبان پر بس یہی سوال ہے کہ اب کون رہ گیا ہے جو ... کون ... رکھے گا ان ... پر، کون ہم طلبہ کے سروں پر دست شفقت رکھے گا، کون ... کرے گا، کون ... رہ گیا جو کفر کے ... کو مسمار کرے گا، باطل کے ... کو کون بے نقاب کرے گا، دشمنان دین کی سازشوں کو ... مدارس کا جال پھیلائے گا، کون ظلمت کے میناروں کو گرائے گا، کون علمائے حق کو ان کی ... سے آگاہ کرے گا، کون اب ... کی نگاہ میں کھٹکے گا، کون ... کی صدا بلند کرے گا، ہر ... پریشان حال ہے، حوصلے ٹوٹ چکے ہیں، ہمتیں جواب دے گئی ہیں۔ آپ کی ذات والا صفات مرجع خلائق تھی، دینی اداروں کی ہر ورکنگ ہو یا دار ... کو منظم طریقے سے چلانا ہو، مسئلہ دینی ہو، دنیوی، معاشی ہو، معاشرتی، ذاتی ہو یا اجتماعی، لوگ مفتی اعظم پاکستان کی خدمت میں رجوع کرتے، آپ ہر ایک کی ... احساس کا آسان حل بیان فرماتے۔

مفتی اعظم پاکستان کی زندگی تمام رسوم اور عشق رسول ﷺ سے عبارت تھی، آپ کا چلنا، پھرنا، اٹھنا بیٹھنا غرضیکہ آپ کی ہر ہر ادا سنت مصطفیٰ ﷺ کے مطابق تھی، عبادت وریاضت تقویٰ وطہارت میں آپ مقام رفیع پر فائز تھے۔ علم وحکمت کا یہ آفتاب، بے سہاروں کو سہارا دینے والا، شکستہ دلوں کو حوصلہ دینے والا، دکھیوں کا دکھ درد بانٹنے والا، تاریک دلوں کو علم کی روشنی بخشنے والا، ملک الموت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کرنے والا، مدارس دینیہ کا جال بچھانے والا، دینی اداروں کو باطل کے چنگل سے محفوظ رکھنے والا، حضرت قبلہ مفتی اعظم پاکستان نے صرف ہم طلبہ جامعہ نظامیہ رضویہ کو ہی نہیں بلکہ پوری اہل سنت کو یتیم کر کے 27 جمادی الاول 1424ھ بروز منگل نماز مغرب کی امامت فرمانے کے بعد کلمہ طیبہ پڑھتے ہوئے واصل بحق ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

مفتی اعظم پاکستان سیاستدانوں کی نظر میں

مرتب: صاحبزادہ فیضل رسول رضا نورانی

مفتی اعظم پاکستان کو جہاں علمائے کرام، مشائخ عظام، دانشوروں، وکلاء، صحافیوں، ادیبوں، شاعروں، طلباء حتی کہ شعبہ ہائے زندگی کے تمام افراد نے خراج عقیدت پیش کیا۔ وہاں سیاستدانوں نے بھی حضرت مفتی اعظم کی دینی ملی اور علمی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اپنے مذہب سے لگاؤ کا ثبوت دیا۔ سچ تو یہ ہے کہ حضرت مفتی اعظم کو ان کی ملی خدمات کے عوض میں جتنا بھی خراج عقیدت پیش کیا جائے کم ہے۔ یہاں ان سیاستدانوں کا خراج عقیدت بحضور مفتی اعظم پاکستان پیش کیا جا رہا ہے۔ جنہوں نے مفتی اعظم کی وفات پر اپنے اپنے جذبات کا اظہار کیا

حضرت علامہ شاہ احمد نورانی (صدر متحدہ مجلس عمل پاکستان)

علامہ شاہ احمد نورانی نے کہا کہ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی کی وفات اہل سنت کے لئے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ افسوس ہے کہ اہل علم اٹھتے جا رہے ہیں۔

جنرل پرویز مشرف (صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان)

مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ علامہ مرحوم کو خداوند تعالیٰ اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ (جنگ، ۲۷ اگست)

میر ظفر اللہ جمالی (وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان)

وزیر اعظم نے کہا کہ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی کی دینی اور ملی خدمات پر پوری قوم ان کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ (نوائے وقت، لاہور)

چوہدری پرویز الٰہی (وزیر اعلیٰ پنجاب)

مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی کی دینی، ملی اور علمی خدمات کو جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا ہزاروی نے ہزاروں طلبہ و طالبات کو دینی اور [illegible] قائم [illegible] تعلیمی [illegible] ترقی کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا۔

روزنامہ نوائے وقت 30 اگست، لاہور

میاں محمد نواز شریف (سابق وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان)

سابق وزیر اعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف نے کہا کہ مولانا ایک باعمل عالم دین تھے۔ انہوں نے مولانا ہزاروی کی وفات پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا۔

میاں محمد شہباز شریف (سابق وزیر اعلیٰ پنجاب)

سابق وزیر اعلیٰ نے اپنے تعزیتی پیغام میں مفتی اعظم کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کی وفات کو سانحہ قرار دیا۔

جنرل (ر) خالد مقبول (گورنر پنجاب)

گورنر نے کہا کہ مولانا کئی کتابوں کے مصنف تھے اتحاد بین المسلمین کے لیے مولانا کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

راجہ محمد ظفر الحق (چیئرمین مسلم لیگ (ن))

راجہ محمد ظفر الحق نے کہا کہ مفتی اعظم کا خلاء مدتوں پورا نہ ہوگا۔

سرانجام خان (جنرل سیکرٹری مسلم لیگ (ن))

سرانجام خان نے کہا کہ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی ایک بے باک عالم دین تھے۔

سید صابر شاہ (سابق وزیر اعلیٰ سرحد)

مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی مسلک حق اہل سنت و جماعت کے بے باک ترجمان تھے۔

مولانا فضل الرحمٰن (سیکرٹری جنرل متحدہ مجلس عمل)

مولانا ہزاروی کی وفات دینی قوتوں کے لیے بہت بڑا سانحہ ہے۔

علامہ ساجد نقوی (نائب صدر متحدہ مجلس عمل)

علامہ ساجد نقوی نے کہا کہ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی کا خلا صدیوں پر نہیں ہو سکیگا

پروفیسر ساجد میر (نائب صدر متحدہ مجلس عمل)

پروفیسر ساجد میر نے کہا کہ مولانا ہزاروی کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ وہ عصبیت تعصب پرستی کے اس دور میں غیر جانبدار رہے۔ انہوں نے لواحقین سے گہری ہمدردی کرتے ہوئے مفتی صاحب کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی۔

مولانا سمیع الحق (نائب صدر متحدہ مجلس عمل)

مولانا معتدل مزاج عالم دین تھے جن کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

جنرل کے ایم اظہر (سابق گورنر سرحد)

جنرل کے ایم اظہر نے کہا کہ مولانا ہزاروی روشنی کے مینار تھے۔

قاضی حسین احمد (امیر جماعت اسلامی پاکستان)

مولانا ہزاروی کی وفات سے پاکستان ایک محب وطن عالم دین سے محروم ہوگیا۔

رفیق تارڑ (سابق صدر پاکستان)

مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی ملت اسلامیہ کا ایک عظیم سرمایہ تھے۔

ڈاکٹر طاہر القادری (چیئرمین عوامی تحریک پاکستان)

مولانا عالم اسلام کے ایک درخشندہ ستارہ تھے دینی و سیاسی تحریکوں میں ان کا کردار نہیں بھلایا جا سکتا۔

پیر اعجاز احمد ہاشمی (سیکرٹری اطلاعات متحدہ مجلس عمل)

مولانا ہزاروی تمام خوبیوں کے مالک تھے ان کی وفات سے عالم اسلام ایک ماہر دین سے محروم ہو گیا۔

صاحبزادہ عتیق الرحمن فیض پوری (ممبر اسمبلی آزاد کشمیر)

مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی اہل سنت کو یتیم کر کے چلے گئے ان کا خلا کئی صدیوں تک پر نہیں ہو گا۔

ارشد خان لودھی (سینئر وزیر پنجاب)

مولانا ہزاروی کی رحلت کسی سانحہ سے کم نہیں ہے۔

میاں خادم حسین وٹو (وزیر اوقاف و زکوۃ)

مولانا ہزاروی کی وفات سے پاکستان ایک محب وطن عالم دین اور روحانی پیشوا سے محروم ہو گیا۔

میاں اسلم اقبال (وزیر سیاحت)

اہل پاکستان بالعموم اور اہل لاہور بالخصوص ایک عظیم مذہبی سکالر سے محروم ہو گئے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

شیخ الحدیث مفتی اعظم علیہ الرحمہ ۔ میری نظر میں

از: نوید احمد قادری، جامعہ نظامیہ رضویہ شیخوپورہ

آج اس صاحب کردار کی باتیں ہوں گی
ان کی گفتار، ان کی رفتار کی باتیں ہوں گی

جلاتا تھا اندھیروں میں جو محبت کے چراغ
آج اس عاشق کے پیار کی باتیں ہوں گی

26 اگست کا سورج عالم اسلام کے لئے غم کا پیغام لے کر طلوع ہوا اور رفتہ رفتہ طلوع ہوتا رہا اس طرح عالم اسلام کی عظیم شخصیت بانی جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور شیخوپورہ اور تنظیم المدارس کے صدر مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی کی زندگی کا سورج بھی غروب ہو گیا۔ جن کی رحلت سے پورا عالم اسلام روحانی شخصیت سے جدائی پر غم کے سمندر میں ڈوبا ہوا ہے۔

ان کی شخصیت آسمان علم پر درخشندہ ستارہ تھی، آپ العلماء ورثۃ الانبیاء کے عصر حاضر میں حقیقی مصداق تھے، کہ آپ کے علم نے آپ کو کبھی غرور و تکبر میں مبتلا نہیں کیا بلکہ ہر وقت عاجزی سے جبیں باری تعالیٰ کی چوکھٹ پر رکھی۔ انہیں علماء کے لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا

انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء۔

آپ سچے عاشق رسول تھے، دین مصطفیٰ کی تڑپ رکھنے والے تھے، آپ نے الفاظ سے نہیں بلکہ عمل سے حقیقت کا جامہ پہنایا، مجلس اندر رہ کر دین کی خدمت کی، آپ کا اٹھنا بیٹھنا چلنا پھرنا سونا جاگنا کھانا پینا مرنا جینا تمام دین کے لئے تھا۔ یہی وجہ ہے جب بھی آپ سے دین کے بارے میں سوال کیا جاتا تو آپ فرماتے "یہ تو بس رب تعالیٰ پر توکل ہے جس سے یہ تمام کام چل رہا ہے"۔

طلباء کے نام صرف ایک پیغام تھا، محنت، محنت اور محنت، پڑھو اور حق و باطل میں تمیز رکھو اور پرچم اسلام کو ہر کونے کونے میں بلند کر دو۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کے چشمہ علم سے

سیراب ہوئے اور ہو رہے ہیں، مختلف علاقوں میں دینی مصروف عمل نظر آ رہے ہیں۔

ہمیشہ خلوص نیت اور صبر و استقامت کا درس دیتے۔ میں نے اپنی زندگی میں آپ جیسا بردبار کوئی دوسرا شخص نہیں دیکھا کہ 1956ء میں جامعہ نظامیہ رضویہ کی بنیاد محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد رحمۃ اللہ علیہ نے رکھی اور علامہ غلام رسول رضوی صاحب کے زیر سایہ تدریس شروع کی۔ تو آپ کو بہت سے مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ یہاں تک کہ قتل کی دھمکیاں بھی دی گئیں۔ آپ نے فرمایا تم اپنا مقصد پورا کرو اور میں اپنا مقصد۔

تندیٔ بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب
یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لئے

اور جن کے ہاتھ ہوں نظر جن کی خدا پر ہو
تلاطم خیز موجوں سے وہ گھبرایا نہیں کرتے

یہ آپ کا جذبہ عشق ہے۔ آج ہمارے سامنے مفتی صاحب کے مدارس ہمیشہ ہمیشہ کے لئے علم و عمل کا سرچشمہ ہیں۔ حق گوئی آپ کا شعار تھا۔ جب بھی کوئی غلط بات کسی مجلس میں فرماتے اور اگر کوئی بھی بات ہوتی تو اس کو پسند فرماتے اور اگر مدارس کے خلاف پروپیگنڈا ہوتا تو اس کی سرکوبی کرتے۔ کبھی بھی حکومت وقت کی چاپلوسی نہیں کی، دہر گواہ ہے حکمرانوں کی دعوت کرنے کے باوجود وہ آپ کی خدمت میں دنیاوی و اخروی سرمایہ سمجھتے تھے۔ آپ کی رحلت صرف آپ کے رفقاء کے لئے صدمہ کا باعث نہیں ہے بلکہ پورے عالم اسلام کے لئے عظیم صدمہ ہے یہ مقام فکر ہے، ہم پر لازم ہے کہ آپ کے مشن کو آگے بڑھائیں۔ آپ کا مشن کام، کام اور کام تھا۔ سستی کا نام و نشان تک بھی آپ کی ذات میں دکھائی نہ دیتا۔

طلبہ کو اکثر فرماتے تھے کہ پڑھو اور محنت سے پڑھو آنے والا مستقبل تمہارا ہے اگر تم دنیا میں قیادت کرنا چاہو اور فرماتے اپنی عادتوں کو درست کرو کیونکہ یہ وسیع ہے۔ یہ دین کا کام ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ میں امیر ہوں یا مجبور کا بیٹا ہوں، بلکہ اللہ کی ذات پر توکل کی بات ہے۔ دعا ہے کہ اللہ آپ کی رحمت سے پیدا ہونے والے خلاء کو جلد از جلد پورا فرمائے۔ آمین

مردِ مومن

صاحبزادہ محمد ابوبکر صدیقی
سیکرٹری بزم محدث جامعہ نظامیہ رضویہ شیخوپورہ

اے گردشِ وقت جن کو لوگ مر رہے ہوں میں
وہ لوٹ کر بچھڑے خلق فراموش ہو گئے

کسی بھی تاریخ ساز روحانی شخصیت کی سیرت و کردار اور کارناموں پر لکھنا بڑی کاوش کا تقاضا کرتا ہے، کیونکہ ان پر لکھنے کے لئے اہل علم اور مشاہداتی قابلیت بہت درکار ہوتی ہے۔ قدوۃ مفتی اعظم پاکستان حضرت مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کی سیرت اور کارناموں پر لکھنے کے لئے راقم الحروف کو اپنی کم مائیگی اور کم علمی کا بڑی شدت سے احساس ہے لیکن ان کو خراج عقیدت پیش نہ کرنا بہت بڑی بے مروتی اور احسان ناشناسی شمار ہوگی۔

۲۶ اگست کی شام سورج بڑی تیزی سے غروب ہو رہا تھا اس کی سرخی بڑی تیزی سے پھیلتی جا رہی تھی گویا وہ کسی خطرے کی گھنٹی بجا رہا ہو اور وہ بھی یوں کہ اس سرخی سے جاتے جاتے ہر امید پر ماتم بکھیر دیا۔ شبنمی قطروں نے گلشن کے حسن کو دھوکا دے دیا اس شعر کو

گلشن سے پھول گیا اور رنگ چھوڑ گیا
مہک بکھیر کے آنکھوں کو زنگ چھوڑ گیا

اور چاند بھی طلوع ہوتے ہوئے اس لمحہ پر حیرت سے محو اور اداسی کی تصویر بن گیا ملن دل گرفتہ دل کی وجہ روئی کے گالوں کی طرح ہوا میں اڑنے لگا اداس حالی، آنکھیں ویران، لب خاموش، دل ویران ہو گیا یہ ایک قیامت صغری تھی جو گزر گئی۔ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی ہمیشہ کے لئے داغ مفارقت دے گئے، اناللہ وانا الیہ راجعون۔ وقت کی رفتار تھم گئی ایسے صدمے پر مجبور محسوس ہونے لگے وہ شخص جو اپنے پیاروں کو محبت کرنے والوں کو صراط مستقیم پر لے کر چلنے کا

خوشنود تھے جنہیں گلشن اور بے سہارا اکیلا ہی کیوں چل نکلا۔ اتنی دور جتنی جانب ادائی کرنے جہاں دیکھیں وہاں تک پہنچنا ممکن ہی نہیں۔

مر لاکھ بری ہے تو پھر مرنا ہے
ہائے عمر کی دن بھرنا ہے

یہ بات بھی اپنی جگہ مسلم بالخصوص ہے لیکن تین جلدی بھی کوئی کارواں وہ پیچھے چھوڑ جاتا ہے کہ آنکھ جھپکنے کا موقع بھی نہیں ہوتا شدت غم کی دھند سے یوں چاروں طرف سے کہ حسرت جذبات تھی کہ آسماں تک جو منجمد کر دو پھر کی کے لبوں پہ ایک ہی سوال تھا کہ اتنی جلدی اتنی جلدی کیا تک نہیں تھی ہیں بیا تک بھی۔

کل اس کی آنکھوں نے کیا زندہ گفتگو کی تھی
گمان تک نہ ہوا کہ وہ بچھڑنے والا ہے

ابھی تو ان کی شخصیت کی خوشبو کا حصار ہمارے اردگرد ہے ابھی گفتگو کی مٹھاس ہمارے چاروں سو ہے ابھی بچوں کی ہری ہنسی میں کسک پیدا کر رہی ہے ابھی تو ان کی آواز کی کھنک کانوں میں گونج رہی ہے ایک ایسی شخصیت جو بہت سے لوگوں کے لئے مرکز و محور تھی جن کی موجودگی میں دور دور تک مہک پھیلتے تھے جن کی دانش لفظ کو معتبر کر دیتی تھیں ان کی زندگی کی روشن ہو گئی تھی مگر انہوں نے روشنی کا سفر ختم کیا اور ہزاروں طالب علم آخری وقت تک اس چہرے سے بیدار ہوتے رہے ہر آنکھ اشکبار تھی مگر اس دن تو آسمان بھی ستارہ ساکت تھا سوگوار سے تھے لوگ آپ کا دیدار کرنے کے لئے بے چین ہو رہے تھے جس نے دیدار کیا وہ بے ساختہ آشنا ہوا جس سے زندگی بھر آشنا رہے گا۔ آپ کے رخ انور پر انوار و تجلیات کی بارش ہو رہی تھی اور مسکراہٹ دیکھی تھی کہ معلوم ہوتا ابھی گفتگو فرمائیں گے آپ کے چہرے کا اطمینان سکون اور تبسم گواہی دے رہا تھا کہ

نشان مرد مومن با تو گویم
چوں مرگ آید تبسم بر لب اوست

زندگی کا دیا آخر کب تک موت نے اندھیرے دور کیا کرتا ہے اس کی لو تھرتھرانے لگی اور یہ روشنیاں بجھنے لگیں۔ کہا جاتا ہے کہ جانب یوں محسوس ہوتا ہے جیسے سر پر تپتی دھوپ ہو اور ہزاروں انسانوں کی آنکھوں کو ہونٹوں سے وقت رخصت پر نم کیا لیکن ایک لفظ بولے بغیر خاموش مگر مسکراتے ہونٹ سب کو الوداع کہہ معلوم نہیں موت نے اس پیکر علم پر رشک کیا ہوگا سب سے اپنی آغوش میں لیا ہوگا حرف آخر یہی ہے کہ آپ کے درجات بلند فرمائے اور آپ کی رحلت سے جو خلا پیدا ہوا ہے اپنے فضل کرم سے اس کو پورا فرمائے اور آپ کے مشن کو تاقیامت جاری رکھے اور آپ کی ذات جو کہ ہمارے لئے سنہری چھاؤں کی حیثیت رکھتی تھی رب ذوالجلال اس سایہ کو باقی رکھے (آمین)

☆☆☆☆☆

﴿بقیہ صفحہ نمبر 214﴾

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک صاحب لولاک کا صدقہ مفتی صاحب کی قبر پر کروڑوں رحمتیں و برکتیں نازل فرمائے اور ان کی خدمات جلیلہ کو قبول فرمائے ان کے متعلقین اور طلباء کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ مفتی صاحب کی کمی ہر موڑ پر محسوس ہوگی۔ جامعہ نظامیہ جو پیدا ہوا ہے اس کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا ملا
جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ ﷺ کی

☆☆☆☆☆☆☆☆

استقامت کے پیکر...... تاج اہل سنت

کوثر زمان، صدر مجلس گنج بخش، لاہور

آج بھی جب مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ کا خیال آتا ہے تو یقین ہی نہیں آتا کہ آج وہ ہم میں نہیں ہیں۔ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی استقامت کے پیکر تھے "الاستقامۃ فوق الکرامۃ۔ استقامت کرامت سے بڑھ کر ہے"۔ آج جب لوگ کسی کی بیعت کرنے جاتے ہیں تو اس شخص میں کرامت تلاش کرتے ہیں۔ حالانکہ بات تو یہ ہے کہ مفتی صاحب بیعت کرنے سے بیزار تھے۔ مفتی صاحب فرمایا کرتے تھے کہ جامعہ نظامیہ رضویہ کے طالب علم ہی میرے مرید ہیں۔ مفتی صاحب علم و فضل، تقویٰ اور دیانت کے ایسے گوشہ تھے جو کسی بھی شخص پر عیاں ہے کہ عبادت و کمالات کا منبع تھے۔ مفتی صاحب کا استقامت پر قائم رہنا ہی مفتی صاحب کی کرامت ہونے کی دلیل ہے۔ مفتی صاحب محدث اعظم پاکستان ابوالفضل مولانا محمد سردار احمد چشتی قادری علیہ الرحمۃ کے مرید تھے۔

آج شہر لاہور کی رونقیں بحال ہیں لیکن مفتی صاحب کے رحلت فرما جانے سے شہر لاہور ویران نظر آتا ہے۔ آج پھر پاکستان کے رہنے والوں کو بریلی شریف سے التجا کرنی ہوگی کہ ایک دفعہ پھر ہمیں حجۃ الاسلام مولانا محمد حامد رضا خاں فاضل بریلوی علیہ الرحمۃ کے تربیت یافتہ شخص مفتی اعظم پاکستان علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری علیہ الرحمۃ اور محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد قادری علیہ الرحمۃ کی ضرورت ہے۔ آج پھر پاکستان پر احسان کریں کہ ایسے ہی دو اشخاص عنایت فرمائیں کیونکہ مفتی صاحب سید صاحب کے شاگرد اور محدث اعظم پاکستان کے مرید تھے۔ مفتی صاحب کے رحلت فرما جانے سے جو خلا پیدا ہو گیا ہے وہ پورا ہونا ممکن نہیں کیونکہ ظاہراً اسباب ہی ایسے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فضل فرمائے تو سب کچھ ہو سکتا ہے۔ میں مفتی صاحب کے پاس اکثر اوقات حاضری دیا کرتا تھا۔ مفتی صاحب سلف کی عظیم یادگار تھے۔

جب مجلس گنج بخش نے مفتی اعظم پاکستان علامہ ابوالبرکات سید احمد قادری علیہ الرحمۃ کے دو رسائل فضائل شعبان اور سلام اور پردہ شائع کئے اور میں نے مفتی صاحب کی خدمت میں حاضر ہو کر پیش کئے تو مفتی صاحب کے چہرہ سے مسرت کے آثار نمودار ہوئے اور فرمایا کہ

صاحب آپ یہی کام سنبھال لیں کہ بزرگوں کے رسائل شائع فرماتے رہیں تو آج کے اس دور میں یہ عظیم کام ہوگا۔

مفتی صاحب کے پاس ایک دفعہ میں بھی حاضر تھا کچھ لوگ وہاں حاضر ہوئے اور مفتی صاحب سے عرض کیا کہ ہمیں امام و خطیب چاہیے مفتی صاحب نے فرمایا آپ کی مسجد کہاں ہے تو انہوں نے کہا شاہدرہ میں۔ مفتی صاحب نے فرمایا میں نے بھی وہاں نماز پڑھی تھی تو طالب علم حفظ کر رہے تھے۔ مجھے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی انہوں نے بتایا اب وہ چھوٹی مسجد عظیم الشان مسجد کی شکل اختیار کر گئی ہے انہوں نے کہا کہ ہم ایک مینار بنانا چاہتے ہیں تو مفتی صاحب نے فرمایا کہ مینار پر لاکھوں روپے خرچ ہوگا آپ اپنے مدرسہ پر توجہ دیں جو پیسے آپ نے مسجد کے لئے چندہ والا سب مدرسہ کے لئے ملے، روپے سے بچے مانگ تاکہ لگاؤ تو اس کی آپ کو زیادہ بھی حاصل ہوگا یہ مدرسہ آباد کرنے کا طریقہ۔ مفتی صاحب فرمایا کرتے تھے کہ اگر میں اپنے فرض سے کوتاہی کروں گا تو یہ استاد بھی کوتاہی کریں گے پھر یہاں صبح سے شام تک بیٹھنا استادوں اور طالب علموں کو چست رکھتا ہے۔

مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ فرماتے تھے ایک دفعہ بچپن میں ہمارے گاؤں میں کچھ حضرات تشریف لائے تو انہوں نے بچوں سے پوچھا کہ تم بڑے ہو کر کیا بنو گے کسی نے کہا استاد، کسی نے کہا چوہدری اور کسی نے کچھ۔ جب وہ میرے پاس آئے اور مجھ سے پوچھا عبدالقیوم تم بڑے ہو کر کیا بنو گے تو میں نے کہا کہ میں مولوی بنوں گا۔ مفتی صاحب عقیدہ میں امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمۃ کے مسلک پر سختی سے کاربند تھے اور عقیدہ میں کسی قسم کی مداہنت کے قائل نہیں تھے۔ مفتی صاحب کے زمانے میں بڑے بڑے طوفان آئے کچھ مولوی حضرات پیسے کی لالچ میں اور کچھ کرسی کی ہوس، وسائل حاصل کرنے کے لئے عقیدہ امام احمد رضا محدث بریلوی سے ہٹ کر ادھر ادھر ہو گئے۔ لیکن مفتی صاحب نے آخری دم تک ہر طوفان کا بڑی جرأت سے مقابلہ کیا اور سرخرو ہوئے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ جب میں جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری دروازہ کا مہتمم بنا تو یہاں لوہاری منڈی میں شرابی جواری لوگوں کا اڈا تھا وہ میرے پاس آتے اور کہتے کہ عبدالقیوم یہاں سے چلے جاؤ ورنہ ہم تمہیں جان سے مار دیں گے۔ مفتی صاحب فرماتے تھے کہ اس سے بڑی سعادت اور کیا ہوگی کہ مجھے دین اسلام کی خاطر شہادت نصیب ہو جائے۔" آپ

بڑی مصلحتیں برداشت کیں لیکن مسلک اہل سنت و جماعت اور حق صداقت سے اپنی بیعت اور محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمد علیہ الرحمۃ سے اپنی ارادت کو آخری دم تک نبھایا۔

مفتی صاحب حکومت کے جلسوں میں اہل سنت کی نمائندگی فرماتے تھے لیکن آپ کسی صدر اور وزیر اعظم کے سامنے نہیں جھکے ہمیشہ اپنا موقف جرأت بہادری اور بے باکی سے پیش کیا اور اگر کوئی بات ناگوار گزری تو حاکم کے سامنے کہہ دی اور سرزنش بھی فرماتے تھے آخری وقت میں آپ کو اس بات کا شدید احساس تھا کہ اہل سنت کی قیادت کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر دیا جائے اور آپ نے اس مقصد میں اپنا سب کچھ وقف کر دیا۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک کے صدقے مفتی صاحب کی اس خواہش کو پورا فرمائے۔

مفتی اعظم پاکستان مفتی عبد القیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ 25 اگست 2003ء کو معمول کے مطابق صبح جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور اندرون میں تشریف لائے ایک بجے تک اسباق پڑھانے کے بعد شیخوپورہ تشریف لے گئے عصر کی نماز تک وہیں قیام کیا مغرب سے پہلے ہی وہاں سے روانہ ہوئے اور سیدھے گھر آ کر مغرب کی نماز باجماعت ادا کی۔ پھر صاحبزادہ عبد المصطفیٰ ہزاروی کو فرمایا قہوہ بناؤ قہوہ بنا دیا گیا تو اس میں لیموں نچوڑنے کو کہا گیا جب انہوں نے لیموں نچوڑ کر قہوہ مفتی صاحب کی خدمت میں پیش کیا تو مفتی صاحب دنیا سے رخصت ہو گئے۔

مفتی صاحب کی نماز جنازہ قذافی سٹیڈیم میں ادا کی گئی نماز جنازہ قائد اہل سنت حضرت علامہ الشاہ احمد نورانی صدیقی مدظلہ العالی نے پڑھائی نماز جنازہ میں مفتی منیب الرحمن چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی، حضرت علامہ سید محفوظ شاہ مشہدی، مفتی جمیل احمد نعیمی، حضرت علامہ ڈاکٹر سرفراز نعیمی، حضرت مولانا محمد شریف رضوی، حضرت مولانا سید حسین الدین شاہ صاحب، راولپنڈی سمیت جید علماء کرام نے شرکت فرمائی قذافی اسٹیڈیم میں انسانوں کا سمندر نظر آتا تھا جہاں تک نظر جاتی تھی لوگ ہی لوگ تھے جب قذافی سٹیڈیم میں جگہ کم پڑ گئی تو لوگوں نے قذافی سٹیڈیم سے باہر صفیں بنا لیں پھر مفتی صاحب کو شیخوپورہ میں قائم کردہ دینی مدرسہ جامعہ نظامیہ رضویہ شیخوپورہ میں دفن کر دیا گیا۔ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ کی رحلت سے علم و فضل کا آفتاب غروب ہو گیا۔ مفتی صاحب اہل سنت کے وہ عظیم مجاہد اور سرمایہ تھے جن کی خدمات تادیر یاد رکھی جائیں گی۔ (بقیہ صفحہ نمبر 211 پر ملاحظہ فرمائیں)

ہے کبھی جان اور کبھی تسلیم جان زندگی

از محمد عبد الحمید متعلم جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

اس مختصر سے مصرعے میں حکیم الامت علامہ محمد اقبال علیہ الرحمۃ نے پوری زندگی کی حقیقت کو محض دو لفظوں "جان اور تسلیم جان" میں سمو دیا۔ اس طرح انہوں نے ہمیں زندگی کے ایک نئے اہم اور نازک پہلو سے روشناس کرایا۔ جسے انسان کی کمال معراج کہا جا سکتا ہے اس مصرع میں علامہ اقبال نے ہمیں بتایا زندگی کوئی کھیل تماشا نہیں جسے ہنسی مذاق میں یونہی وقت گزاری میں بسر کر دیا جائے بلکہ زندگی جہد پیہم کا نام ہے ... بلکہ زندگی تو ایک جہد اور جہد مسلسل کا نام ہے جس کو ہم حقوق کے ... شریعت اور احکام ... سب سے پہلے ادا کریں۔ بعد ازاں ... کی طرف راغب ... کریں۔ تاکہ زندگی کا عظیم مقصد پایۂ تکمیل تک پہنچے علامہ اقبال کے مصرعے کے دو جز ہیں (1) جان (2) تسلیم جان۔ پہلی جز یعنی جان سے مراد یہاں ... حرکت و عمل کے لئے استعمال ہوا ہے یعنی زندگی جہد مسلسل کا نام ہے۔ جان کا لفظ علامہ اقبال کے کلام میں بالعموم ایک خاص معنویت کا آئینہ دار ہوتا ہے جیسا کہ آپ فرماتے ہیں

ہو صداقت کے لئے جس دل میں مرنے کی تڑپ
پہلے اپنے قالب خاکی میں جان پیدا کر

علامہ اقبال علیہ الرحمۃ کے مصرعہ کا دوسرا جز، اہم تسلیم جان ہے۔ تسلیم جان کے لفظی معنی ہیں "جان کو کسی کے سپرد کرنا" دوسرے لفظوں میں تسلیم جان سے مراد جان کو کسی عظیم اور پاکیزہ مقصد یا عزیز ترین ہستی کی محبت میں قربان کر دینا ہے۔ یعنی حضور اکرم کی محبت میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنا زندگی کا اہم ترین اور عظیم مقصد ہے۔ اس مصرعہ کا صحیح مصداق مفتی اعظم پاکستان مربی و مشفق محسن اہل سنت علامہ مفتی عبد القیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ ہیں۔ جن میں یہ تمام تر خصائص کوٹ کوٹ کر پائے جاتے ہیں۔ مفتی اعظم پاکستان سیرت و کردار اور عمل جہد مسلسل اجاگر

مشقت اور دل بھرپور قوتوں سے کام لے کر سنگ ہستی پر حسن عمل کے ایسے نقوش ثبت کر گئے ہیں۔ رشد و ہدایت کے ایسے چراغ جلا گئے ہیں۔ جن کی تابانی نے انکی بقائے دوام کا خلعت پہنایا ہے۔ چنانچہ قبلہ مفتی صاحب ایک حقیقت نگار شاعر کے اس شعر کے مصداق جمیل بن گئے ہیں۔

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

قبلہ مفتی صاحب اپنے حسن عمل اور مسلسل جدوجہد سے سر کئے ہوئے تمام کارناموں سے جب آج بھی دلوں میں زندہ ہیں اور کل بھی زندہ جاوید رہیں گے بلکہ میرا تو یقین کامل یہ کہتا ہے کہ یہ نقوش بھی آپ کے قائم کردہ مدارس اور تنظیمات آپ کے حسن ذوق کی وجہ سے زندہ جاوید رہیں گے۔ گویا کہ مفتی اعظم پاکستان نے اپنی حیات مبارکہ دین متین اور اشاعت اسلام کے لئے وقف کر رکھی تھی۔ روز و شب بلکہ ہر لمحہ ہر گھڑی خدمت دین اسلام و تحفظ ناموس رسالت کے لئے سربستہ رہے۔ جب مفتی اعظم پاکستان کی سیرت و کردار پر اور عمر پیری پر نظر دوڑائی جائے تو ہر صاحب دل شعور انسان یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اس قدر بڑھاپا اور بیماری ناتواں جسم کو کام میں اتنی سرعت اور تیزی کہ اپنی جوانی پر نازاں نوجوان بھی انگشت بدنداں رہ گئے۔

آپ کے تمام تر خصائل میں سے حق گوئی سب سے منفرد اور ممتاز وصف تھا۔ چنانچہ حق بات کہنے میں کسی کے مرتبے کو خاطر میں نہ لاتے خواہ صدر مملکت ہو یا وزیر اعظم، خواہ کسی بھی اعلیٰ عہدہ پر فائز کیوں نہ ہو حق بات آپ انہیں مخاطب کر کے برملا ڈنکے کی چوٹ پر کہہ دیتے ایسا کیوں نہ ہوتا کیونکہ وہ فرمان خداوندی کے "انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء" کی عملی تفسیر تھے۔ اور فرمان نبوی "العلماء ورثۃ الانبیاء" کے صحیح مصداق تھے۔ کہ خوف اور خشیت تھی تو اس ذات کی بھی جو تمام پر غالب ہے۔ مفتی اعظم پاکستان کی جرأت مندانہ اور بہادرانہ مثالیں دیکھ اور سن کر ہمارے اندر روح بھی رقص ہو جاتے ہیں ہمارے دلوں میں بھی جرأت اور بہادری کی تڑپ اٹھتی مگر کسے خبر تھی کہ جرأت و بہادری کی داستانیں رقم کرنے والے اچانک ہی صدمہ ہجر و فراق دے جائے گا۔ اور ہمیں زار و قطار رلا جائے گا اور زندگی کے حسین لمحات کو غم و آلام میں

تبدیل کر جائے گا۔

بہرحال قارئین کرام زندگی کا پرشور دریا اپنی روانی اور تندی سمیت اپنے سفر میں مگن تھا اس پرشور دریا کے ساتھ تو کیا دکھاتا ہے اور کیا کچھ بہا جاتا ہے۔ اسے دیکھ کر ہر کام پر آنکھیں تھوڑی دیر کے لئے ساکت ہو جاتی ہیں۔ وقت تھوڑا سا اور سرک جاتا ہے۔ مگر واقعات و حادثات اور سانحہ گرم آنسوؤں کے قطرے کی مانند جم جاتے ہیں۔ میرے دل میں بھی ایسے ہی گرم گرم خون کے کئی قطرے گرے ہیں اور زندگی کے آگے بڑھتے ہوئے اس طوفان کے ہاتھوں ٹھنڈے ہو کر جم گئے ہیں۔

زندگی کے اس طویل سفر میں چند لمحوں کی ہمراہی اور قربت بھی وہ تاثر چھوڑ جاتی ہے جو ذہن پر مرتسم ہو جاتا ہے۔ وہ بھی ایک مختصر سفر چند لمحوں کا ہی کچھ نہیں بچا بچا ساتھیوں کا مگر میرے دل و دماغ میں وہ اپنے نقش ثبت کر گیا ہے جس کو سپرد قلم کرنا محال ہے۔

قارئین کرام یہ وہ سب درد بھری تحسین ہمارے شعبہ حیات سے رواں دواں ہو گی عقیدت و محبت کے گورو مرکز مربی و مشفق و محافظ مسلک اور فکر رضا ہم سے تعلق حسی منقطع کر کے روحانیت میں جا گزیں ہو گئے۔ وہ کس قدر دردناک اور ہولناک گھڑی تھی جس کو ہماری حالت زار و ابتر حالت اور مضطرب کیفیت پر ابھی بھی رحم نہیں آیا کہ اس نے ہمارے گوشہ داماں کی وسعت سے کہیں زیادہ غم و آلام کی بوچھاڑ کر دی اور ہمارے سروں سے روحانی پدری سائے کو اٹھا لیا اور ہمیں بے سایہ اور بے سہارا کر دیا۔ اب کون ہمارے سروں پر سایہ علمی اور شفقت کا سہارا بنے گا۔ کئی لوگ تھے جو بچھڑ گئے کئی نقش تھے جو بگڑ گئے۔

کئی شہر تھے جو اجڑ گئے کبھی غم کیا کوئی اور بھی ہے

گویا کہ یہ دنیا ویران سنسان اور خزاں رسیدہ لگتی ہے کئی لمحے اب میرے دل ان ویرانوں اور تاریکیوں میں وحشت زدہ ہے۔ سب ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا لگتا ہے۔ سب ہر سو ظلمت اور تاریکیوں نے ڈیرے جما لئے ہیں سب میں سراپا خوف ہوں۔

ہر ایک لمحہ میرا خوف کی گرفت میں ہے
محافظوں سے کون بچائے گا آ کے مجھے

اب کس سے امید وفائے دین مصطفیٰ رکھوں کیونکہ یہاں پہ کمزور دین مصطفیٰ کے والی نظر آتے ہیں یہاں پر تو ہر کوئی پیٹ [illegible] کی جنگ لڑتا نظر آتا ہے اب کہاں سے ایسا مخلص [illegible] ڈھال کر جسموں لے [illegible] اپنے جسد کو ہر وقت [illegible] دین مصطفیٰ کے لیے وقف کر رکھا تھا۔ اب پوری حیات دین مصطفیٰ اور ناموس رسالت کی جنگ لڑتے رہے ہمیشہ گستاخان رسول کے ساتھ صف آرا رہے۔

مفتی اعظم پاکستان گستاخان رسول پر بہت ہی سختی، شدت اور حرارت رکھتے تھے۔ آپ کی محبت کا بھی معیار تھا۔ آپ [illegible] رسول اللہ ﷺ کی محبت میں ہر وقت سرشار رہتے تھے یہی وجہ تھی۔ راہ محبوب میں آنے والی مشکل کو خندہ پیشانی سے قبول کرتے تھے اور اس میں راحت محسوس کرتے تھے اور کبھی بھی زبان پر حرف شکایت نہ لاتے۔ اپنے غم اور درد کسی کے سامنے بیان نہ کرتے

زخمم | درمیان | محفل | [illegible]
خود | گو | باک | کو | بم | مشکل | [illegible]
[illegible] | ترسم | کہ | پنہاں | شود | فاش
غم | خود | با | تو | گویم | بدل | [illegible]

یہی وجہ ہے کہ [illegible] ﷺ نے اپنے غم کو کسی سے بیان کیا آپ کے [illegible] میں آنسو [illegible] محفل میں بھی مجھی رہتا ہوں اور ڈرتا ہوں کہ کہیں میرے غم کی خبر ہو نہ جائے۔ اس لئے میں اپنا دکھ [illegible] میں ہی چھپا کر رکھتا ہوں۔ مفتی اعظم پاکستان کا بھی یہی شعار تھا کہ اپنے غم کو اپنے پاس [illegible]۔ اسی لیے شدت اور [illegible] سے ہی [illegible] جھگڑے کرتے اور چپ چاپ رہنا ان کی عادت ہوتی ہے کیونکہ محبت میں لب کشائی گناہ ہے۔ بقول اقبال

زبان | بار ریاں | [illegible] | [illegible]
حدیث | درد | [illegible] | [illegible] | و | [illegible]

کشادم | چشم | [illegible] | لب | [illegible]
سخن | [illegible] | طریق | ما | [illegible]

یوم وصال مفتی اعظم وسعادت من

از قاری حضور بخش چشتی صاحب

26 اگست بروز منگل صبح 8 بجے مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ حسب معمول جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں تشریف لائے تو مسجد میں [illegible] تھی تو قبلہ مفتی صاحب کو سلام و زیارت کرنے کے بعد میں پڑھائی میں مصروف ہو گیا۔ مفتی صاحب اپنے کمرے میں تشریف لے گئے، تھوڑی ہی دیر بعد [illegible] شدت [illegible] سے چہرہ انور سے پسینے کے قطرے ٹپک رہے تھے [illegible] میں خیال آیا کہ [illegible] موقع [illegible] خدمت کر [illegible] کمرے کے اندر آنے کی اجازت طلب کی، اجازت ملنے پر [illegible] آپ سے پوچھا [illegible] ہوا ہے میں نے عرض کی حضور [illegible] پنکھے کے [illegible] آپ نے ارشاد فرمایا کہ بیٹا! میں سردی گرمی کو تو برداشت کر سکتا ہوں لیکن تمہاری پڑھائی کا نقصان برداشت نہیں کر سکتا۔ اور میں نے پنکھے کو [illegible] شروع کر دیا۔ آپ حسب معمول اپنے کاموں میں مشغول ہو گئے اسی دوران آپ نے میرا نام پوچھا اور علاقہ۔ بندہ نے عرض کی حضور نام حضور بخش، علاقہ ڈیرہ غازی خان۔ تو پوچھا کہ ڈیرہ غازی خان کی وجہ تسمیہ کیا ہے۔ میں نے عرض کی کہ حضور [illegible] سے سنا ہے کہ دو بھائی تھے۔ غازی خان اور اسماعیل خان مگر کچھ اختلافات کے باعث دونوں بھائی ایک دوسرے سے الگ ہو گئے۔ ایک نے اپنے علاقے کا نام ڈیرہ غازی خان اور دوسرے نے ڈیرہ اسماعیل خان۔ یہ بات سن کر آپ نے تبسم فرمایا

اسی دوران ممتاز الخطباء مناظر اسلام علامہ عبدالتواب صدیقی، شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور حاضر خدمت ہوئے اور سلام عرض کیا۔ آپ نے مسکراتے ہوئے جواب دیا گزشتہ روز مدرسہ نہ آنے کی وجہ پوچھی۔ انہوں نے بتایا کہ میری طبیعت خراب تھی، سر درد ہو گیا۔ تو قبلہ مفتی صاحب نے ارشاد فرمایا کہ مولانا گھر جا کر سبز [illegible] کا قہوہ بنا کر اس میں لیموں ڈال کر [illegible]

پہ ہمیں انشاء اللہ محنت پر سب ہوں گے اور ساتھ ہی فرمایا میرا بھی معمول ہے [illegible]
احساس دلاتے ہوئے فرمایا کہ میں دیکھ رہا ہوں کہ میدان میں تو اکیلا ہے یعنی دیوبندی وہابی
وہابی جس جگہ بھی سر اٹھاتے ہیں اہل سنت وجماعت والے تجھے پکارتے ہیں۔ فرمایا اس چیز کو
مدنظر رکھتے ہوئے تدریس کا کام بھی سرانجام دو اور ان کا مقابلہ بھی کرو اس میں سستی کا مظاہرہ نہ
کرو جہاں کہیں ضرورت ہو وہاں جانا چاہئے صدیقی صاحب نے عرض کیا کہ میں نے کبھی
[illegible] سے کوئی رابطہ [illegible] تو میں معذرت کروں گا۔ اس پر
آپ ناراض ہو گئے۔ جب صدیقی صاحب نے [illegible] حضور کل آدمی میرے پاس آئے تھے میں
نے انکار کیا تو وہ آپ کے پاس آئے تو قبلہ مفتی صاحب نے فرمایا جو نکاح [illegible] قابل قبول ہے۔

قبلہ مفتی صاحب نے [illegible] کتاب [illegible] کی تصنیف ایک تھی وہ کتاب آپ
سے [illegible] پڑھی گئی پریشان ہو کر فرمایا میں نے دیوبندیوں سے بھی [illegible]
کو علم میں [illegible] جب کتاب [illegible] قبلہ مفتی صاحب دروازے پر
تشریف لائے اور مطالعہ شروع کر دیا [illegible] ہوئے کہ جب [illegible] علماء حیران ہوئے کہ
گرمی کے باوجود مفتی صاحب مطالعہ کر رہے ہیں۔ قارئین کرام یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ یہ
انسان کے بس کی بات نہیں۔

قبلہ مفتی صاحب محو مطالعہ تھے کہ مہمان تشریف لائے مگر مفتی صاحب کو محسوس
بھی نہ ہوا کہ کون آیا ہے بندہ نے مہمانوں کے آنے کی خبر دی۔ سلام کرنے کے بعد آنے کا سبب
پوچھا انہوں نے بتایا کہ حضور آپ کی زیارت کرنے کے لئے حاضر ہوئے ہیں۔ آپ نے فرمایا
محترم اگر آپ داتا حضور علیہ الرحمۃ کی زیارت کے لئے آتے تو آپ کی جھولی بھر دیتے
مہمانوں سے ان کے کام کے بارے میں پوچھا ایک نے کہا کہ میں کاروبار کرتا ہوں اور دوسرے
نے کہا کہ میں مدرسہ میں پڑھتا ہوں تو قبلہ مفتی صاحب مدرسہ کا نام سن کر بہت خوش ہوئے۔

پھر چائے بھی [illegible] اور بہت دیر دعائیں دیں۔ اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کے
درجات میں بلندی عطا فرمائے۔ اور ہم کو ان کے مشن کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین
بجاہ النبی الکریم الامین۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مفتی اعظم پاکستان علیہ الرحمہ ایک گوہر نایاب

ازقلم: غلام یٰسین عاصم، آزاد کشمیر

اگر تاریخ کا بنظر غائر مطالعہ کیا جائے تو یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ انسانیت کا
واسطہ ہر دور میں دو طرح کے لوگوں سے رہا ہے ایک تو وہ لوگ جو عام نوعیت کے حامل ہوتے ہیں،
پیدا ہوئے گمنامی کی زندگی بسر کی اور کوچ کر گئے۔ ان کے جانے کے ساتھ ان کا نام بھی ختم ہو گیا
اور دوسرے وہ لوگ ہیں جن کے لئے تاریخ [illegible] ان کے عظیم کارناموں کی
وجہ سے تاریخ نے انہیں [illegible] جب بھی تاریخ کی ورق گردانی کی جائے تو ان کا
[illegible] ہمیشہ [illegible] میں نظر آئے گا [illegible]
مسلسل "ذائقۃ الموت" کا قانون قدرت کائنات کی ہر تخلیق شدہ شے پہ محیط ہے لیکن اپنے پیچھے
[illegible] چھوڑ گیا ان کے چلے جانے کے بعد انسانیت ان پر فخر کرتی ہے تاریخ انسانیت
میں ایسے لوگ بھی گزرے جو اپنی ریاضت، عبادات اور جہد مسلسل کے ذریعے انسانیت کو اپنا وجود
کا احساس دلاتے ہیں وہ لوگ انسانیت کی خدمت کر کے نہ صرف فخر انسانیت بن جاتے ہیں بلکہ
فلک ولایت کا تاج بھی اپنے سر پر سجانے کا شرف حاصل کرتے ہیں جب ہم ایسے افراد کے
بارے میں تذکرہ کرتے ہیں تو ایک عظیم نام ذہن پر آتا ہے جس کے سامنے نگاہیں ادب سے جھک
جاتی ہیں اس شخصیت کو مفتی اعظم پاکستان حضرت مفتی عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمہ کے نام سے
جانا پہچانا جاتا ہے۔

محدث اعظم پاکستان مولانا سردار احمد رحمہ اللہ، مفتی اعظم پاکستان علامہ سید
ابوالبرکات رحمۃ اللہ علیہ، شیخ الحدیث علامہ غلام رسول رضوی رحمۃ اللہ علیہ، استاذ الکل حضرت
علامہ عطا محمد بندیالوی رحمۃ اللہ علیہ سے کسب علم و فیض والا مولانا عبدالقیوم ہزاروی جب
میدان عمل میں اترا تو تھکنے کا نام نہ لیا [illegible] آپ کے [illegible] کہاں کہاں چلے [illegible]
[illegible] بھائی

تدریس حضرت قبلہ مفتی صاحب کی مسند حدیث و فیضان کی رہی وابستہ پانچ چھ اسباق پڑھانا آپ
کا معمول تھا۔ حدیث شریف جب پڑھاتے تھے تو معلوم ہوتا تھا کہ ایک محدث دوران مسند تدریس
پر جلوہ گر ہو کر درس حدیث دے رہے ہیں اور جب آپ سے ملتے تو کسی عالم کا تصور بھی نہیں کیا جا
سکتا آپ نے جامعہ کے معیار تعلیم میں ہر طرح کی علمیت معاف کی کہ جب والی بنے تو مدرسہ میں داخلہ کا
عالم دانا چاہتا ہے تو کسی مدرسہ میں داخلہ کی درخواست طلب کرتا ہے کہ کس مدرسہ میں داخل
ہو جائے تو راستے دکھانے کے لیے کہتے کہ مدرسہ کا نام بتائیں جو معروف ہے۔

تحریک نظام مصطفیٰ ﷺ اور ختم نبوت بحالی جمہوریت کا معاملہ ہو یا امریت
منسوخ کرنی ہو آپ نے ہمیشہ ان دستہ سپہ سالار لشکر کی حیثیت سے کام کیا، آپ حق گوئی کے علمبردار
حق شناسی کردار کے حامل تھے آپ کی ذات محمود و پیش سے پاک منکر امرا ابرار اور متقی
کا منبع تھی، حضرت قبلہ مفتی صاحب علیہ الرحمہ کی پوری زندگی جانفشانی سے محنت کرتے رہنے
کے علاوہ اشتہار اور پابندی سے بعد از عصر کلے اور جہد مسلسل سے عبارت ہے۔ آپ کے پاس
مستقل میں طلاق نام کی کوئی شے نہ تھی حضرت قبلہ مفتی صاحب علیہ الرحمہ ایک فرد واحد نہیں
بلکہ ایک عالمگیر تحریک کا نام تھے۔ ان کی رحلت سے علمی دنیا کے سرسبز و شاداب گلستان میں ایسی
آگ ہی درد علم کے ستار دوکانوں سے بچھ گئی ہے، آپ عملی میدان میں انقلابی جدوجہد کا درس دیا
کرتے تھے، جس انقلاب کے لانے سے حیات کی ظلمتوں کا سینہ چیر کر ایک عالم نور روشن ہو کر ایک
نئے جہان کی تعمیر کرتا ہے۔ یہ شاہراہ انقلاب پھولوں کی سیج نہیں ہوا کرتی بلکہ پہلے کانٹوں سے پیار کرنا
پڑتا ہے جب عمر کے بعد بھی کی دولت سے ہمکنار ہوتا ہے۔

الغرض حضرت قبلہ مفتی صاحب علیہ الرحمہ ایک گوہر نایاب تھے جن کی نظیر ملنا ناممکن ہے۔

☆☆☆☆☆☆

حضرت مولانا مفتی عبدالقیوم ہزاروی ... عالم باعمل

از قلم: صاحبزادہ محمد امانت رسول، لاہور

حضرت مفتی عبدالقیوم ہزاروی سے میری پہلی ملاقات اس وقت ہوئی جب میں بہت
چھوٹا تھا۔ والد گرامی قدر (مولانا محمد عالم سوس نوری رحمۃ اللہ تعالیٰ) شرقپور شریف حاضری کے لئے
لاہور سے ہو کر جاتے تو مفتی صاحب سے ضرور ملاقات کرتے، والد گرامی کے ساتھ ایک دو مرتبہ
جامعہ نظامیہ ضرور میں ہمیں بھی جانے کا موقع ملا۔ اس طرح، لاہور مستقل آنے سے پہلے قبلہ مفتی
صاحب سے میری نیاز مندی تعارف کی صورت میں قائم ہو چکی تھی۔

میری ان سے آخری ملاقات ان کی وفات سے چند ماہ پہلے ہوئی۔ میں یہ تو فقط پوچھنے کے لیے
گیا کہ گفتگو کا ایک سلسلہ چل نکلا۔ میں قبلہ ہزاروی صاحب کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اسی دوران
کسی نے مجھے انگلش میں لکھا ہوا خط دیا کہ مجھے پڑھ کر سنائیں۔ وہ خط حکومت کی طرف سے تھا
جس میں جامعہ کے نظام تعلیم کے بارے میں چند سوالات تھے۔ میں نے ان سے کہا ”آپ حکومت
کی طرف سے ملنے والی مراعات قبول کرتے ہیں۔ اس میں حرج بھی کیا ہے اگر
آج ان سے مدد لے لیں، کل یہ لوگ دخل اندازی شروع کر دیں گے۔ میں نے کہا حکومت تو فقط
اتنا کہتی ہے، دینی نظام کے ساتھ سکول کے مضامین بھی شامل نصاب کریں۔“ مفتی صاحب
نے جواب نہیں دیا تھا کہ کچھ لوگ دور دراز علاقوں سے ملنے تشریف لے آئے ان کو تصنیف کرنے میں
مصروف ہو گئے اور میں چائے پینے لگا۔ وعظ و نصیحت کے بعد مفتی صاحب نے دعا دے کر رخصت کیا
اور فرمانے لگے۔ ”چند پیشہ ور خطیبوں، مولویوں اور نعت خوانوں نے ہمارے مسلک کا حلیہ بگاڑ کر
رکھ دیا ہے۔ دوسرے مسلک کے علماء اور عوام ان کے طور طریقے دیکھ کر یہی سمجھتے ہیں کہ ہمارا
مسلک یہی ہے جب کہ مولانا احمد رضا خان بریلوی بدعات و خرافات کے سخت مخالف تھے۔

فاضل بریلوی کا علمی فکری سرمایہ ابھی تک چھپ نہیں سکا۔ ہم بریلی شریف سے آپ کی کتابیں
منگواتے ہیں اور امت کے مطابق چھپواتے ہیں۔ مفتی صاحب نے چند کتابوں کا ذکر بھی فرمایا۔

فتاویٰ رضویہ کی مدد سے احادیث اور عربی عبارات کا آسان ترجمہ و تشریح کی ہے۔ تاکہ عوام بھی اس علمی ذخیرہ سے استفادہ کر سکے" میں نے عرض کی مولانا احمد رضا خان بریلوی کے خانوادوں کے افراد بھی اس عظیم کام میں کتنی دلچسپی لے رہے ہیں۔ وہاں بھی ماشاء اللہ حافظ و عالم [illegible] پیدا ہوتے [illegible] سے اور [illegible] رہتے ہیں" مفتی صاحب نے میری یہ بات سن کر خاموشی اختیار فرمائی اور کوئی جواب نہیں دیا۔

میں گزشتہ سالوں میں جب بھی حاضر ہوا ایک ہی نصیحت فرمائی اور جب بھی [illegible] "بیٹے! آپ نے درس نظامی پڑھا ہے لیکن کسی مدرسہ میں پڑھاتے کیوں نہیں؟" میں نے دعا کی درخواست کرتے ہوئے عرض کی۔ [illegible]

اللہ نے ہر انسان کی فطرت جدا جدا تخلیق کی ہے ہر انسان اپنے ذوق، صلاحیت اور رغبت کے مطابق شعبہ چنتا ہے۔ پاکستان میں ہر شعبہ اور ہر ادارہ میں اچھی صلاحیت لوگوں کا فقدان ہے۔ اور کسی شعبہ میں بھی کام کرنا گویا کہ دین کی خدمت کرنا ہے۔ میں جب اجازت لے کر [illegible] لگے "اب ادارہ [illegible] جوانوں سے کام کرتا ہے" میں نے عرض کیا "آپ تو اب بھی جوانوں سے بڑھ کر کام کرتے ہیں" [illegible] لگے "بس اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا کرم ہے۔" 2001ء میں والدہ محترمہ کا انتقال ہوا تو ان کی وفات کے بعد ان کے ہم عصر علماء، مشائخ اور بزرگوں کی زیارت سے دل کو سکون پہنچتا تھا، ان میں [illegible] نظر آتے تھے، ایسا لگتا ہے [illegible] کے اٹھنے سے [illegible] کی تصویر بھی دھندلی ہوتی جا رہی ہے۔

ایک انسان اپنے علم، تجربہ، صلاحیت، روایات، مشاہدہ، مطالعہ اور تربیت سے حاصل نظریات کا خود کو پابند کر لیتا ہے اور ان کی پابندی کے بعد وہ ان نظریات کے پرچار اشاعت کے لئے سرگرم ہو جاتا ہے۔

وہ جتنا ان کی تبلیغ کرتا ہے [illegible] مفتی عبدالقیوم ہزاروی رحمہ اللہ تعالیٰ کی شخصیت بھی ایسی تھی وہ ان لوگوں میں سے نہیں تھے جو دوسروں کی بات کو حق سمجھیں

[illegible] سے [illegible] تسلیم [illegible] قرآن کے مفسر، تھے جن کی زبان دل کی رفیق تھی اور دل زبان کا دوست تھا۔

ان کی باتوں میں جھلک تو پائی جاتی تھی لیکن [illegible] آج کی [illegible] تھی وہ مفتی صاحب [illegible] سال تھے وہ فقط جامعہ نظامیہ کا انتظام ہی نہیں چلاتے تھے بلکہ جامعہ میں باقاعدہ اسباق بھی پڑھاتے تھے [illegible] سے ملاقات بھی کرتے، پاکستان کے تمام [illegible] سرکاری معاملات میں مدد بھی کرتے تھے، مذہبی جلسوں میں کم جاتے لیکن جب [illegible] تشریف لے جاتے

حکومت ملنے سے پہلے [illegible] لوگوں کا احساس [illegible] مسند ارشاد پر بیٹھنے سے پہلے [illegible] سے نفرت [illegible] سے پہلے عوامی [illegible] شہرت کے حصول سے پہلے خاموش مجاہد [illegible] لوگوں میں [illegible] ملاقات میں [illegible] "[illegible]" کا نام [illegible] ہیں۔

مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی کے پاس سب کچھ تھا لیکن [illegible] پہلے تھا [illegible] آخر تک قائم رہا مسند ارشاد پر بیٹھے [illegible] سے نفرت کی [illegible] جماعت میں [illegible] شہرت بھی ملی لیکن خاموش مجاہد کا کردار ادا کیا اور [illegible] کو سہارا دیتے رہے۔

جنازے پر بڑا کہرام تھا۔ بے شمار لوگوں کو دھاڑیں مار مار کر روتے دیکھا۔ کوئی کہتا تھا میرا باپ مر گیا کوئی [illegible] کہ میرا مرشد [illegible] رخصت ہو گیا کسی کو اپنے سرپرست کے بچھڑنے کا ملال تھا کوئی اپنے [illegible] کی جدائی پر آنسو بہا رہا تھا

نہ کوئی [illegible] [illegible] [illegible] کیا
بس ایک شام [illegible] عشق سے کنارہ کیا

☆☆☆☆☆☆☆

مفتی اعظم پاکستان محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمہ
حیات وخدمات کے آئینے میں

تحریر: محمد تصدق حسین نقشبندی جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

اللہ رب العزت نے جب انسان کو تخلیق فرمایا تو اس کے مقصد تخلیق کو بھی بیان فرمایا کہ وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون ۔ اور اس کے بعد انسان کو تقدیر وقدرت کا مالک بھی بنایا تاکہ لیبلوکم ایکم احسن عملا کے متعلق بھی معلوم ہو جائے تو اس کائنات میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر اب تک ان گنت انسان اس دنیا میں آئے اور دنیا کی چار دن کی زندگی گزار کر عالم برزخ میں جا بسے اور ان کے جسم مٹی میں مٹی ہو کر رہ گئے۔ ان انسانوں میں جہاں حسن وجمال کے پیکر تھے وہاں مال ودولت کے انبار رکھنے والے اشخاص بھی تھے لیکن وقت کے دھارے نے بڑی بے دردی کے ساتھ ان کی قبروں کے نشانات تک مٹا دیئے اور یوں ان کا نام اس صفحہ ہستی سے مٹ گیا لیکن اس کے برعکس وہ لوگ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے دین کی خدمت کو ہی اپنا اوڑھنا بچھونا سمجھا اور ساری زندگی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے احکامات لوگوں تک پہنچانے میں صرف کی ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے حیات جاودانی سے سرفراز فرمایا اور تاریخ کے صفحات پر ان کا نام ہمیشہ کے لئے ثبت ہو گیا۔ ان خوش نصیب افراد میں آفتاب علم وحکمت، معرفت وعرفان کے سمندر، جانشین محدث اعظم پاکستان حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی بھی شامل ہیں۔ آپ ہزارہ کی زرخیز زمین پر حضرت علامہ عبداللہ صاحب مرحوم کے گھر پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم اپنے والد محترم سے حاصل کی اور اس کے بعد اپنی علمی منازل کو طے کرتے ہوئے جامعہ حزب الاحناف میں قبلہ سید صاحب کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا اور اس کے بعد حضور محدث اعظم پاکستان سے بھی شرف تلمذ حاصل کیا اور انہی کے دست حق پرست پر بیعت کا شرف حاصل کیا۔ اپنی تعلیم کو مکمل کرنے کے بعد جامعہ نظامیہ رضویہ میں تدریس شروع فرما کر اپنی عملی زندگی کا آغاز

کی اور جوں جوں وقت گزرتا گیا رسول اللہ ﷺ کے اس غلام کے سینے میں خدمت دین متین کا جذبہ بڑھتا چلا گیا۔ 60ء کی دہائی میں اس وقت اچانک جامعہ نظامیہ کی ذمہ داری کا سارا بوجھ مفتی صاحب کے کندھوں پر آ پڑا، جب آپ کے استاذ محترم شارح بخاری حضرت علامہ غلام رسول رضوی صاحب رحمہ اللہ حضرت محدث اعظم پاکستان کے وصال کے بعد فیصل آباد تشریف لے گئے تو گویا جامعہ رضویہ کے انتظام وانصرام کی ذمہ داریاں سونپ دی گئیں۔ قبلہ مفتی صاحب کو اس کے بعد ہر طرف سے پریشانیوں نے گھیر لیا لیکن آپ نے ہر مشکل کا مردانہ وار مقابلہ کیا اور اپنے استاذ محترم کے انتخاب کو صحیح ثابت کر دکھایا۔

آپ نے تدریسی مصروفیات کے باوجود تصنیف کے میدان میں قدم رکھا اور تاریخ نجد وحجاز، التوسل، اعتقاد، مسائل اور علمی مقالات جیسے شاہکار تصنیف فرمائے۔ آپ کا اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے ساتھ خصوصی قلبی لگاؤ تھا اور انہی کے نام پر تصنیف وتالیف کا شعبہ رضا فاؤنڈیشن قائم فرمایا اور اعلیٰ حضرت کے فتاویٰ رضویہ کو جدید انداز میں شائع کرنے کا اہتمام بھی فرمایا جس کی چوبیس جلدیں منظر عام پر آ چکی ہیں اس کے علاوہ الدولۃ المکیہ، انباء الحی اور اعلیٰ حضرت کی دوسری کتب کی اشاعت کا بھی اہتمام فرمایا۔ آپ تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کے صدر تھے اور اس کی بہتری کے لئے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ آپ نے اہلسنت کی ملکی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے سرزمین شیخوپورہ پر جامعہ نظامیہ رضویہ کے نام سے ایک ادارہ قائم فرمایا جو کہ 45 کنال پر محیط ہے آپ نے اپنی ساری زندگی دین متین کی خدمت کے لئے وقف کر دی اور اپنے تلامذہ کو بھی ہر وقت یہی تلقین فرمائی کہ نظام مصطفیٰ کو لے کر پوری دنیا میں پھیل جاؤ۔ آپ 26 اگست بروز منگل نماز مغرب ادا کرنے کے بعد اس دنیائے فانی سے رخصت ہوئے اور علم وعرفان کے اس سورج کے غروب ہونے سے دنیائے اہلسنت ایک عظیم محسن سے محروم ہو گئی۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم کے طفیل آپ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے... آمین بجاہ سید المرسلین

☆☆☆☆☆☆☆

اب انہیں ڈھونڈ چراغ رخ زیبا لے کر

از: حافظ محمد سلیم نقشبندی آف حافظ آباد

اگست کی ۲۶ تاریخ تھی منگل کا دن تھا اور سورج کی روشنی مدھم ہوتی جا رہی تھی اور سورج کی کرنیں اداس اور غمگین نظر آ رہی تھیں سورج جوں جوں ڈھلتا گیا اس کی روشنی مدھم پڑ گئی۔ یہاں تک کہ وہ غروب ہو گیا لیکن جب آسمان کے دوسرے آفتاب غروب ہوئے تو علم و عمل کا سورج بھی غروب ہو گیا لیکن جب آسمان کا سورج غروب ہو تو روشنی ختم ہو گئی لیکن علم و عمل کا سورج غروب ہو جائے تو سارا گیا روشنی بڑھتی گئی جہالت کا اندھیرا ختم ہوتا گیا جب یہ سورج غروب ہوا تو کل روشنی ختم نہیں ہوئی بلکہ اسی طرح برقرار رہی اور وہ علم و عمل کا سورج جو تھے جن کا نام زبان پر آتا ہے تو زبان تک رشک کرتی ہے اور ہر آنکھ جوش اور محبت سے بھر جاتی ہے وہ صاحب علم ہستی ہے۔ وہ علم و عمل کا سورج مفتی اعظم پاکستان استاذ العلماء صدر تنظیم المدارس، شیخ الحدیث، سرپرست اعلیٰ اور مہتمم جامعہ نظامیہ رضویہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ تھے۔ جب ان کے بارے میں کچھ لکھنے کا ارادہ کیا تو ذہن میں خیال آیا کہ قلم چھوٹی سی علم تصور ہے کہ میں ایک ادنیٰ طالب علم ہوں، ہاتھوں میں طاقت نہیں ذہن میں الفاظ نہیں کہ کسی کا بھی حساب ہے اور عقل کا بھی لیکن پھر یہ سوچ کر اپنی ذہن کو تیار کیا کہ میں بھی اس عورت کی طرح جو حضرت یوسف علیہ السلام کو خریدنے بازار میں چلی ہے دھاگے کی ایک گٹھی لے کر۔ کسی نے کہا یوسف علیہ السلام کو کیسے خریدے گی تو اس بڑھیا نے جواب دیا کہ مجھے بھی معلوم ہے کہ میں یوسف علیہ السلام کو نہیں خرید سکتی لیکن اس نیت سے کہ جب قیامت کے دن یوسف علیہ السلام کے خریداروں کو بلایا جائے گا تو ہو سکتا ہے کہ میرا نام بھی آ جائے اسی نیت سے میں نے بھی اس ہستی کے بارے میں لکھنا شروع کیا کہ آج کے پرفتن دور میں ایک دن میں سو نہیں بلکہ ہزاروں اموات ہو رہی ہیں لیکن کچھ ایسی شخصیات بھی ہوتی ہیں کہ جب وہ اس دنیائے فانی سے جاتے ہیں تو ہر آدمی کی تمنا ہوتی ہے کہ میں ان کی چارپائی کو کندھا دوں اور ان کے جنازے

میں شرکت کروں ان شخصیتوں میں مفتی اعظم پاکستان علیہ الرحمۃ بھی شامل تھے۔ جب ان کے وصال کی خبر ملی تو ہوا کچھ یوں تھی زمین و آسمان افسردہ نظر آ رہے تھے

جنگل میں رہنے والی چیونٹیاں، سمندروں اور دریاؤں میں رہنے والی مچھلیاں یہاں تک کہ حسن والے فرشتے بھی اس ہستی کی موت پر رو رہے تھے۔ پورے ملک بلکہ بیرون ملک سے بھی لوگ جنازے میں شامل تھے جن میں بڑے بڑے علماء، مشائخ اور سیاستدان تھے کہ یوں لگتا ہے کہ ہر کوئی ان کے جنازے میں سسکیاں لے لے کر رو رہا تھا ہر طرف سے کلمہ طیبہ، قصیدہ بردہ شریف اور درود شریف کی صدائیں آ رہی تھیں اور یہ آواز آ رہی تھی۔

عاشق کا جنازہ ہے ذرا دھوم سے نکلے
محبت کا تقاضا ہے کہ لب چوم کے نکلے

آسمانوں سے ملائکہ اس ہستی کو ہونے پر کیا تشریف لا رہے تھے ہر کسی کی محبت پکارتی ہے کہ سرکار مدینہ بھی تشریف لائے ہوں گے۔

میرے جنازے پر ہر سو شور ہو گا جانے کا دیکھو گے
کہئے الوداع خود سرکار تشریف لائیں گے

میرا وجدان یہ کہتا ہے کہ جب مفتی اعظم پاکستان سے قبر انور میں فرشتوں نے سوال کئے ہوں گے کہ تیرا رب کون اور دوسرا سوال دین کیا تیسرا اور وہی سوال ما کنت تقول فی حق هذا الرجل تو رسول ﷺ نے خود فرمایا ہوگا کہ فرشتو اس سے یہ نہ پوچھو کہ میں کون ہوں بلکہ مجھ سے پوچھو کہ یہ کون ہے یہ تو جامعہ نظامیہ رضویہ کا بانی ہے میری عظمت و رسالت کے چراغ جلانے والا مفتی عبدالقیوم ہزاروی ہے کہ مفتی اعظم پاکستان جن کی زندگی کا ہر ہر لمحہ اسوۂ رسول ﷺ پر عمل کرتے ہوئے گزرا ہزاروں دیے روشنی کی طرح عیاں ہے اور بعد میں آنے والوں کے لئے مشعل راہ ہے۔

عالم اسلام کی عبقری شخصیت اور برصغیر کی ابھی عظیم مرتبت مفتی عبدالقیوم ہزاروی کے بارے میں کچھ کہنا اور ان پر کچھ لکھنا چاہتا ہوں گر چہ وہ اس دور کا بڑے سے بڑے عالم،

فاضل، مفتی، فقیہ، محدث، مفسر، متکلم، مصنف اور شاعر کتنی خوبیاں ہیں مگر جب وہ استاذ العلماء
مفتی عبدالقیوم ہزاروی جیسے علم وفضل اور تحقیق وتصنیف کے آسمان پر نظر ڈالتا ہے تو دوسروں کا کیا
ذکر، وہ خود بھی آپ کو بہت کوتاہ قامت اور پست شخصیت سمجھنے لگتا ہے اس پر بات کرتے ہوئے
بڑے سے بڑے خطیب کی زبان لڑکھڑاتی ہے اور بڑے سے بڑے ادیب کی نوک قلم سے الفاظ
ٹوٹ کر گرنے لگتے ہیں ندامت کی کپکپاہٹ میں رہتی ہے مفتی اعظم علیہ الرحمۃ کو بھی آفتاب علمی
روشنی میں دیکھا جائے تو ان کی شخصیت کی رنگت ہے اور ان نگاہ کی جاذبیت کا سامان لئے
ہوئے اور یہاں انکے بارے میں [illegible] زبان پر بے اختیار یہ آجاتا ہے

کوئی تصویر نہ ابھری تیری تصویر کے بعد
دامن خالی ہی رہا کاسہ سائل کی طرح

علم کے دعویدار تو بے شمار نظر آتے ہیں مگر باعمل علم کے پیکر اور بہت کم ہوتے ہیں
اپنے علم کو بزم یار کی زینت بنانے والے کسی دور میں کم نہیں رہے مگر اپنے سرمایہ علم کو بارگاہ ناز میں
لٹانے والے اکا دکا ملنے سے خال خال ملتے ہیں۔ مفتی عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں یہ
بات نظر آتی ہے کہ وہ علم کے ساتھ ساتھ ناموس علم کا پاس رکھنے والے تھے۔ مفتی اعظم پاکستان کو
اہل ایمان نے علم وفن اور سوز کے سبب سے [illegible] عشق محمد اللہ علیہ وسلم کی مقدار میں [illegible]
غلامی رسول اور عشق رسالت مصطفی [illegible] جب وہ مسند قضا پر ہوں تو شیخ نظر مفتی محدث ہوئے ہوں
تو عظیم محدث، فقہی مسائل پر گفتگو کر رہے ہوں تو فقیہ اعظم لگیں میراث در محور ہوتا ہے ماہر علم
المیراث دکھائی دیتے ہیں ان کی قامت پر ہر قبا خوب بجتی ہے مگر جب وہ کوچہ یار میں ہوں تو
ان کی شان گدائی پر دارا وسکندر کو رشک آنے لگتا ہے جب وہ وقف ذکر رسول میں ہوں تو جہاں
درود پڑھنے لگتا ہے جب ان کے ہاتھ میں [illegible] ہوتا تو فرشتے بھیک [illegible]
زمین پر اترتے دکھائی دیتے ہیں جب ان کے لبوں پر نام مصطفی ہوتا ہے۔
تو شہد کی بارش ہونے لگتی ہے جب انکا موضوع سخن حضور کا چشمہ فیض ہوتا ہے تو سارا

دل چھلک چھلک جاتا ہے جب یار حبیب کا چاند اسکے دل کے آنگن میں اترتا ہے تو شب ہجران
چمک چمک جاتی ہے اور لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ کی چلتی پھرتی تصویر تھی۔
کون مفتی اعظم پاکستان جو صرف مسجد اور مدرسہ میں ہی نہ بیٹھے رہے بلکہ بڑی بڑی
میٹنگوں میں بھی شرکت فرماتے تھے اور بڑے بڑے جلوسوں کی قیادت فرمایا کرتے تھے اور وقت
کے حکمرانوں کے سامنے کلمۂ حق کہہ دیتے تھے آپ کی زندگی کا ہر ہر لمحہ دین کی آبیاری اور ناموس
رسالت کے لئے وقف تھا آپ اپنے مسلک کے ساتھ بہت ہی مخلص تھے۔ انما یخشی اللہ
من عبادہ العلماء کی تفسیر تھے۔ العلماء ورثۃ الانبیاء اس حدیث کے صحیح مصداق تھے
موت العالم موت العالم کی حقیقت آپ کے وصال مبارک پر عیاں ہوتی ہے۔
آپ جاتے جاتے جو خلا پیدا ہوا اس کا پر ہونا ناممکن ہے آپ نے [illegible] رضائے اللہ و رسول
اللہ کی خوشنودی کے لئے دن رات کام کیا بہت سے دینی ادارے قائم کئے جن میں تاریخی کارنامہ
جو سنہری حروف میں لکھے جانے کے قابل ہے وہ جامعہ نظامیہ رضویہ کا قیام اور فتاوی رضویہ کا
اشاعت ہے جو اس امت مسلمہ پر احسان عظیم ہے۔ مفتی اعظم پاکستان نے ہر عظیم کارنامے سر
انجام دے کر بعد میں آنے والوں کو یہ پیغام دیا کہ [illegible]
کوشش کریں بلکہ مسجدیں بنائیں مدارس قائم کئے۔ محدود وسائل ہونے کے باوجود مگر مفتی اعظم
پاکستان اتنے عظیم کارنامے سرانجام دے سکتے ہیں تو ہمیں بھی چاہئے کہ دن رات محنت کرکے
جمعیں اور اپنے اس عظیم محسن کی طرح کام کرنے کا عہد کریں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس پر عمل
کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور اللہ تعالیٰ مفتی اعظم پاکستان کی خدمات کو اپنی بارگاہ میں قبول
فرمائے اور انکے درجات بلند فرمائے آمین

☆☆☆☆☆☆☆☆

آہ! مفتی اعظم پاکستان، حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمہ اللہ

از قلم: ابو الخلیل عبدالعظیم آزادی، جامعہ جدیدیہ ظفریہ پشاور

26 اگست بروز منگل رات ساڑھے نو بجے مجھے درس عشاء سے فارغ ہوتے ہی فون کی گھنٹی بجی، جامعہ کے طالب علم نے کہا کہ فون ہے اور مجھے کہا کہ لاہور سے محمد عبدالستار سعیدی صاحب ناظم مرکزی دارالتعلیم مدرسہ (جامعہ نظامیہ) پاکستان بات کرنا چاہتے ہیں محترم علامہ صاحب نے بتایا کہ مفتی صاحب رضائے الٰہی سے وصال فرما گئے ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حاصل یہ کہ پہلی مرتبہ تو یقین نہیں ہوا، کیونکہ جو شخص اس قدر فعال اور متحرک تھا اپنے سارے کام معمول کے مطابق انجام دے رہا تھا، مگر جو نہی کیسے اچانک اجل کا پیغام آ گیا۔ جامعہ کے تمام علماء سے یہاں اساتذہ کو چھوڑ کر بیٹھے ہو گئے اور تمام طلبہ بے حد غمزدہ سے آگاہ ہو گئے ہیں چونکہ فقیر نے صبح سے ساری رات بے حد مغموم اور بے قرار ہو کر جنازہ میں شرکت کا عزم کیا اور بقول شاعر:

> ہمیں اے ابر جوان سے پوچھ آنسو
> تو کب تک یہ موتی پرولتا رہے گا

جامعہ پہنچا، مرحوم کے جنازے میں شامل ہونے کے لیے وجود جنازے کا وقت آیا تو منظر ایک خواب لگ رہا تھا، یادگار پاکستان سے متصل شفیق سلیم کے سبزہ زار پر حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کے شاگرد، دوست احباب کے علاوہ علماء و مشائخ کی کثیر تعداد ملک کے طول و عرض سے مفتی صاحب کا آخری دیدار کرنے کی غرض سے جمع تھی۔ مرحوم کے اعلیٰ کردار اور بلند پایہ شخصیت کا اندازہ ان کے جنازے میں شریک مقتدر شخصیات کی موجودگی سے بخوبی لگایا جا سکتا تھا جو ملک کے کونے کونے سے انہیں عقیدت پیش کرنے آئے ہوئے تھے اور پھر جامعہ نظامیہ کے شیخ الحدیث نے دوبارہ جنازہ اور دفن کے وقت رقت آمیز مناظر بلکہ طلبہ اور قصیدہ بردہ کے گونج اور علماء و مشائخ کے آہوں سسکیوں میں حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ دفن کر دیئے گئے۔

حضرت قبلہ مفتی صاحب کی ولادت باسعادت 29 شعبان المعظم 1352ھ بمطابق 28 دسمبر 1933ء بمقام سیرا، پرشادی ناسگرہ (ہزارہ) میں ہوئی آپ کے والد ماجد حضرت علامہ مولانا عبدالحمید صاحب بلند پایہ کے عالم اور عارف تھے آپ کے والد صاحب جامعہ ... ضلع فیصل آباد میں فرائض امامت و خطابت انجام دے رہے تھے اس سے آپ کی پرورش و تعلیم و تربیت انہوں نے اپنی نگرانی میں یہاں پر جاری رکھی، قرآن کریم اپنے والد ماجد سے ... صاحب آپ سے پوچھی جماعت پاس کر لی تو والد صاحب نے پوچھا اب تم کیا پڑھنا چاہتے ہو آپ نے جواب دیا کہ میں فارسی اور عربی پڑھوں گا۔

سات آٹھ سال کی عمر میں والد ماجد سے آپ کو درس نظامی شروع کرایا گیا، حضرت ... صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مدرسہ میں داخل کر دیا، مختلف مدارس میں کتب علم کرتے ہوئے مدرسہ حزب الاحناف سے 1955ء میں سند فراغت حاصل کی اور 1956ء میں جامعہ رضویہ مظہر اسلام فیصل آباد سے سند حدیث اور دستار فضیلت حاصل کی۔

آپ کے جلیل القدر اساتذہ کرام میں سے حضرت علامہ عبدالحمید صاحب (والد صاحب) حضرت علامہ محبوب الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ، علامہ محب النبی صاحب، علامہ محمد انور شاہ صاحب، علامہ غلام رسول صاحب رضوی شارح بخاری، حضرت علامہ محمد سردار احمد صاحب چشتی قادری رضوی، حضرت مولانا سید ابوالبرکات سید احمد قادری اشرفی الوری۔ یہ وہ ہستیاں ہیں جن کی صحبت میں آپ آگے جا کر ... کیا۔ ان ہستیوں کے لئے علماء اور ... سنت کے لئے آپ کی ... قدر خدمات ہیں کہ ایک ایک کر کے انہیں گنا نہیں جا سکتا۔

حضرت قبلہ مفتی صاحب رحمہ اللہ کے کارنامے اور علمی خدمات اتنی زیادہ ہیں جو تحریر میں لائے جانے والی نہیں۔

مرکزی دارالعلوم حزب الاحناف سے 1955ء میں فراغت حاصل کرنے کے بعد جامعہ حنفیہ قصور میں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا، درس و تدریس کیسا تھا اور محنت کا پتہ اس

سے چلتا ہے کہ آپ یومیہ 22 اسباق بڑی عرق ریزی اور محنت سے پڑھاتے تھے، معمولی مشاہرہ کیساتھ ہر قسم کی آزمائشوں اور امتحانوں کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے، موچی دروازہ و مسجد اسلام نگر (سابق کرشن نگر) میں تقریباً کئی سال تک امامت وخطابت کے فرائض انجام دیتے رہے۔

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کی بنیاد جب سن 1956ء میں بے سروسامانی حالات میں رکھی گئی کہا جاتا ہے کہ حضرت محدث اعظم علامہ ابوالفضل محمد سردار احمد خان صاحب رضوی سے بخاری شریف کے سبق سے آغاز کیا حضرت علامہ غلام رسول رضوی صاحب مہتمم جبکہ موصوف حضرت قبلہ مفتی صاحب مدرس و ناظم مقرر ہوئے۔

1962ء میں جب علامہ غلام رسول رضوی صاحب واپس فیصل آباد تشریف لے گئے جامعہ کی تمام تر ذمہ داری آپ ہی کے کندھوں پر آن پڑی۔ اسی طرح تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان کا معرض وجود میں لانا بھی آپ کا عظیم الشان اور عدیم المثال کارنامہ ہے جس سے پورے پاکستان بمع آزاد کشمیر ایک ہزار سے زائد اہل سنت وجماعت کے قابل ذکر مدارس ایک ہی پلیٹ فارم پر جمع ہیں جبکہ طالبات کے سینکڑوں ادارے بھی تنظیم المدارس سے ملحق ہو چکے ہیں، آپ ہی کی محنت اور سعی جمیلہ کی بدولت تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کی اہمیت وحیثیت گورنمنٹ سطح پر تسلیم کی جا چکی ہے جس کی اسناد کی برکات اظہر من الشمس ہیں۔

بے پناہ مصروفیات کے باوجود آپ نے قرطاس وقلم کیلئے بھی خاصا وقت نکالا تھا۔ ہزار ہا فتاویٰ جاری کئے جبکہ علمی وتحقیقی کتابیں بھی تصنیف فرمائیں جن کے نام درج ذیل ہیں۔

(۱) اصول العمل (عربی) (۲) تاریخ نجد و حجاز (۳) علمی مقالات

(۴) اعتقادی مسائل (۵) امام اعظم رحمہ اللہ کے اجتہادی قواعد و اصول

فتاویٰ رضویہ جو پہلے بارہ ضخیم جلدوں پر مشتمل تھا حضرت قبلہ مفتی رحمہ اللہ نے جدید دور کے تقاضوں کے مطابق، اردو عربی، فارسی عبارات کے ترجمہ اور حوالہ جات کی تخریج کے ساتھ ساتھ اس کی خوبصورت اشاعت وطباعت کا اہتمام فرمایا جو ابھی تک … جلدیں شائع ہو چکی

وہ بھی حضرت قبلہ مفتی صاحب رحمہ اللہ کا وہ کارنامہ ہے جس پر آنے والی نسلیں فخر کریں گی۔

حضرت مفتی صاحب کی ناگہانی موت نے جہاں ہزاروں دلوں کو مغموم کیا اور لاکھوں آنکھوں کو اشکبار کیا ہے وہاں علم ودانش کے میدان میں ایک ایسا خلا پیدا کر دیا ہے جسے کبھی پُر نہیں کیا جا سکتا۔ وہ آج ہم میں نہیں ہیں لیکن ان کے کارنامے ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔

مرحوم ایک باوقار شخصیت کے مالک تھے، جب بھی ملتے تو اتنی محبت سے پیش آتے کہ پھر الگ ہونے کو جی نہیں چاہتا، بڑے معتدل اور شائستہ طبیعت تھی اور شستہ ذہن و دماغ کے مالک تھے، آپ کی عادات وطرز عمل سے شفقت ٹپکتی تھی آپ ایک صاحب بصیرت بزرگ ہونے کے ساتھ ساتھ مخلص دوست اور اعلیٰ پائے کے منتظم تھے بہت سادہ مگر پروقار زندگی گزارتے، حضرت قبلہ مفتی صاحب رحمہ اللہ کے بارے میں یہ بات بلاخوف تردید کہی جا سکتی ہے کہ وہ ایک غیر متنازعہ شخصیت کے مالک تھے جو بھی آپ سے ملا تحریری کلمات … کہا کرتا

ملیں علم تھا پاس ہے اپنے وہ ملک و مال
ہم سے خلاف ہو کے کرے گا زمانہ کیا

آپ فرقہ وارانہ تشدد کے سخت خلاف تھے ان کے نزدیک فرقہ واریت اسلام کو بدنام کرنے اور مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کی گھناؤنی سازش تھی، جس سے وہ ہر مسلمان کو بچانے کی تلقین کیا کرتے تھے۔

آپ جیسا صاحب بصیرت اور باوقار صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں۔

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

آپ کی حیات مبارکہ جو کہ شمسی حساب سے 69 سال 8 مہینے کی زندگی اس سب … میں گزری پر کارنامے ایسے ہیں جو سب ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ الحمد للہ العظیم آپ نے اپنی نسبی اولاد کے علاوہ روحانی اولاد بھی چھوڑی ہے جو متلاشیان حق کیلئے نشانات ہدایت ہیں۔

determination and iron will. In the beginning he had to face many vicissitudes but he never give in. Owing to his unending efforts Jamia Nizamia Rizvia made much progress. Now by the Grace of God and by the efforts of Mufti Sahib's endeavours Jamia Nizamia Rizvia is functioning smoothly at Lahore, Sheikhupura with its branches. He is the glory of Sheikhupura and Abbottabad. Mufti Abdul Qayyum Hazarvi was embodiment of beauty and simplicity, very contented and selfless personality. His life was faster than computer. The last time I saw Mufti Sahib on T.V. in a meeting with the Minister of Religious Affairs one and half year ago. Very next day my elder brother who is a neighbour of Jamia Nizamia Sheikhupura telling me about Mufti Sahib's personality. Meanwhile Mufti Sahib descends from a local wagon and starts walking outside the Jamia's wall takes stock and entered the complex. I was really impressed that a man having his own conveyance but preferring local transport. At that time I was not acquainted with Mufti Sahib but inwardly I was really overwhelmed by his personality.

Mufti Sahib was a asset of Millat-e-Islamia and will remain in our hearts for ever.

My Allah shower his Blessing on Mufti Sahib's grave.

Ch. Muhammad Yaseen

Assistant Manager, ABL

Housing Colony, Sheikhupura

EXPRESSION OF CONDOLENCE

ATRIBUE TO MUFTI AZAM PAKISTAN

MUFTI MUHAMMAD ABDUL QAYYUM HAZARVI [RA]

My heart wrenched with woe, when I heard about the sudden departure of Mufti Abdul Qayyum Hazarvi [RA] to his creator. The news of Mufti sahib's demise spread like a jungle fire, not only in Pakistan but also abroad. Millat-e-Islamia deprived of a prominent religious scholar. Everyone was shedding tears, particularly the student of Jamia Nizamia Rizvia felt a pang. The atmosphere that the Jamia was presenting was a gloomy picture. One can do nothing againest the will of God, as every one has to go his creater sooner or later. Death is inevitable and we all have to taste it. The most beautifull thing on this earth live very short but their fragrance remains for ever.

I express my sorrows with the bereaved family, Mufti Sahib's sons, brothers and entire team of the Jamia at Lahore-Sheikhupura. I pray to God Almighty to give strength to them to continue Mufti Sahib's misson to it's accomplishment. All my sympathies and cooperation will remain with them.

In so far as Mufti Abdul Qayyum Hazarvi [RA] personality and achievements are concerned, he was aparagon of virtues and unparalleled qualities. He was ama

of judgement because the Nizamia campus at Lahore and Shakhupura will always bare witness to the greatness of the grand Mufti of Pakistan.

Muhammad Shabbir Salvi

student Jamia Nizamia Rizvia, Shakhupura.

☆☆☆☆☆

The demise of the Grand Mufti of Pakistan can only be term as a great loss and the fulfilment of the almight's promise of leaving the world bare of knowlege and wisdom before the day of jugement.

Muhammad Jameel- student Jamia Nizamia (Lahore)

******

A Reminder of the Almighty

The honourable, mufti Abdul-Qayyum Hazarvi's personality is not one that requires any introduction. Possibly the most renowed, respected and honoured person amongst the scholars of the Ahle sunnat of his time. So much so, that I feel that my words will never be able to totaly express my feelings about such an aluminated personality.

However, having known the deceased very close I feel it necessary to pay my respect to such an honourable saint.

The holy prophet (pbuh) has said

"The saint of allah is he who when looked upon reminds you of the Almighty"

I don't feel that I can add anything to these words than to say that anybody who was fortunate enough to have been blissed with the opportunity of meeting the honorable Mufti Sahib will agree that Mufti Sahib was a man of such virtues and qualities as stated in the above hadith.

To conclude I would like to quote a few words from my respectable father Molana Bashir Ahmed Sialvi a close friend of the deceased.

" Today the whole of the Ahle-sunnah has become orphaned. but it is now our duty to continue Mufti Sahib's mission with the same determation as the deceased.

Insha Allah Mufti Sahib will be remembered till the day

حضرت مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمہ کے ساتھ اخباروں نے تقریباً چھ سال قبل ستمبر 1997ء کے آخری عشرے میں یہ انٹرویو کیا گیا اپنی اہمیت و افادیت اور کثیر معلومات کے پیش نظر ہدیہ قارئین ہے

(ادارہ)

تنظیم المدارس پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ

مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی

کا چشم کشا انٹرویو

محدث اعظم پاکستان کے حکم پر میں جامعہ نظامیہ لاہور منتقل ہوا

دینی مدارس کے سربراہ مستقل مزاجی سے مدارس میں بیٹھ جائیں تو خوب درس چلے گا

میرے جد اعلیٰ پائندہ خان نے بالاکوٹ میں سید احمد کو قتل کیا

ستر اور اسی کے دور میں، میں نے مدارس کے تحفظ کی جنگ لڑی

[illegible]

ملاقات: ملک محبوب الرسول قادری

اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ علوم دین کے فروغ کے لئے مدارس کا کردار بنیادی اور اساسی حیثیت کا حامل ہے۔ جب ہم پاکستان بھر کی دینی درس گاہوں کا تجزیہ کرتے ہیں تو دارالعلوم جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری گیٹ لاہور پہلی صف کے مدارس میں نمایاں نظر آتا ہے۔ یقیناً اس کی کامیابی اور تعلیم کے اعلیٰ معیار کا سہرا جامعہ نظامیہ رضویہ کے سربراہ اور نامور عالم دین علامہ مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی مدظلہ کے سر ہے آپ اعلیٰ انتظامی صلاحیتوں کے حامل باعمل عالم

دین ہیں۔ مسلک اہل سنت سے محبت ان کی طبیعت ثانیہ ہے۔ درس و تدریس ان کا شغل بھی ہے اور شوق بھی، بلکہ درس سے انہیں عشق ہے۔ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی اس وقت تنظیم المدارس پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ بھی ہیں۔

ان دنوں آپ نے شیخوپورہ میں اسی نام سے ایک اور وسیع و عریض مدرسہ بھی قائم کیا ہے اور وہ اسے جامعہ نظامیہ کی شاخ قرار دیتے ہیں گذشتہ دنوں برادرم مولانا محمد ... کے ہمراہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی سے کیا جانے والا انٹرویو نذر قارئین ہے۔

محبوب قادری

سوال: آپ کی ولادت اور آبائی علاقہ کے بارے میں آپ کیا ارشاد فرمائیں گے؟

مفتی صاحب: میری ولادت 1933ء میں ہزارہ کے علاقہ (موجودہ ضلع مانسہرہ) میں ایک گاؤں ... کلاں میں ہوئی۔ تناولی خاندان سے میرا نسبی تعلق ہے۔

سوال: آپ کا خاندانی پس منظر؟

مفتی صاحب: ہزارہ میں تناولی خاندان، پختون قبیلہ اور سادات کرام اکثریت کے ساتھ موجود ہیں۔ ہمارے خاندان کے جد امجد میں سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کا اسم گرامی بہت نمایاں ہے۔ تناولی قوم درحقیقت غزنوی قبیلہ کی ایک شاخ (نسب کا ست) ہے۔ ہمارے خاندان کے ایک بزرگ سردار کا نام پائندہ خان ہے۔ یہ وہ شخصیت ہیں جنہوں نے بالاکوٹ کی جنگ میں بھرپور حصہ لیا تھا بلکہ سید احمد (المعروف سید احمد بریلوی شہید) کو قتل بھی کیا تھا ہماری چونکہ سکھوں کے ساتھ جنگ ہوتی رہتی۔ ہم سکھوں سے لڑ رہے تھے ادھر دوسری طرف سے سید احمد وغیرہ نے ہم پر حملہ کر دیا ان کے حملے کا سبب یہ تھا کہ ہمارے جد اعلیٰ پائندہ خان نے سید احمد کی بیعت سے انکار کیا تھا جس پر مشتعل ہو کر انہوں نے شرک کے فتوے کے ساتھ ہمارے اجداد پر حملہ کر دیا۔ پائندہ خان نے جب یہ صورت حال دیکھی تو انہوں نے اپنا بیٹا ان کے ہاں گروی رکھا

("تاریخ قادیان" میں اس کی تفصیلات موجود ہیں) [illegible]

سوئے حجاز: آپ کو دینی علم حاصل کرنے کا موقع کیسے ملا؟

مفتی صاحب: ہمارے خاندان میں دو تین پشتوں سے علماء آرہے تھے میرے ایک [illegible] نے مجھے علم دین حاصل کرنے کی طرف رغبت دلائی۔

سوئے حجاز: آپ نے تعلیمی مراحل کہاں کہاں طے کئے؟

مفتی صاحب: مسجد شریف میں مولانا محبت نبی سے پڑھتا رہا۔ پھر [illegible] بعد ازاں جامعہ حزب الاحناف لاہور میں داخل ہو گیا اور یہیں حصول علم کا موقع ملا۔ حزب الاحناف میں اس وقت حضرت مولانا سید ابوالبرکات سید احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے حضرت مولانا سید محمد انور شاہ صاحب پڑھاتے تھے۔ میں نے ان سے ابتدائی کتب پڑھیں۔ اس کے بعد حضرت شیخ الحدیث مولانا سردار احمد رضوی رحمۃ اللہ علیہ محدث اعظم پاکستان نے مجھے [illegible] حضرت شیخ الحدیث مولانا غلام رسول رضوی کی خدمت میں بھیجا۔ اس وقت ہم چار طلبہ تھے میرے علاوہ سابق خطیب دربار حضرت داتا صاحب مولانا سید احمد [illegible] خطیب مولانا محمد افضل [illegible] اسلام آباد میں [illegible] ہمارے ساتھی مولانا سید قاسم شاہ گجراتی تھے۔ ہم نے حضرت مولانا غلام رسول رضوی کے ساتھ ساتھ [illegible] حزب الاحناف لاہور میں کتب [illegible] پڑھیں اور پھر فیصل آباد میں دورۂ حدیث شریف پڑھا۔

سوئے حجاز: آپ کے اساتذہ کے اسمائے گرامی؟

مفتی صاحب: حضرت شیخ الحدیث پاکستان شیخ الحدیث مولانا سردار احمد رضوی، حضرت شیخ الحدیث مولانا غلام رسول رضوی، حضرت [illegible] سید ابوالبرکات سید احمد قادری اور حضرت مولانا سید محمد انور شاہ رحمہم اللہ تعالیٰ اجمعین۔

سوئے حجاز: طریقت میں آپ کی بیعت کس بزرگ طریقت سے ہے؟

مفتی صاحب: مجھے 1951ء میں فیصل آباد میں حضرت شیخ الحدیث مولانا سردار احمد

صاحب محدث اعظم پاکستان کے دست مبارک پر بیعت کا شرف نصیب ہوا۔

سوئے حجاز: آپ نے تدریس کا سلسلہ کب شروع فرمایا؟

مفتی صاحب: فراغت کے بعد میری تقرری [illegible] ہوئی۔ میں ادھر جانے کو تیار ہو رہا تھا کہ میرے استاذ محترم مولانا غلام رسول رضوی نے لاہور میں جامعہ نظامیہ رضویہ کی بنیاد رکھی اور حضرت محدث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کو [illegible] کے لئے خط لکھا۔ حضرت نے وہ خط مجھے دے دیا اور [illegible] پوچھتے رہے کہ تمہارا کیا خیال ہے؟ (اور یہی آپ کا انداز تھا) میرا جواب ہوتا کہ جو آپ کا حکم ہو میں حاضر ہوں۔ [illegible] حضرت فرماتے [illegible] لاہور میں [illegible] کے مطابق [illegible] تیسرے دن مجھے [illegible] کا فیصلہ [illegible] حضرت صاحب نے [illegible] کے ساتھ رخصت فرمایا۔ لاہور پہنچا [illegible] یہاں "گویا استاذ" کی (مولانا غلام رسول رضوی) اس مسجد ([illegible]) میں امام و خطیب بھی تھے۔ مجھے ملے اور [illegible] تشریف لے گئے [illegible] میں [illegible] مسجد میں پڑھتا رہا۔ [illegible] میرے استاذ تھے مجھے ان کے معمولات کا پتہ تھا۔ میں نے یہاں ایک [illegible] جب میں نے دو سال مکمل کر لئے تو تیسرے سال مجھے جامعہ کی طرف سے تیس روپے تنخواہ دی گئی۔

سوئے حجاز: جامعہ نظامیہ رضویہ کا بانی کون ہے اور اس کا اجراء کب ہوا؟

مفتی صاحب: میں اور میرے استاذ محترم مولانا غلام رسول رضوی جامعہ نظامیہ رضویہ کے بانی ہیں۔ اس کا اجراء 1956ء میں ہوا۔

سوئے حجاز: مولانا غلام رسول رضوی آج کل کہاں تشریف فرما ہیں؟

مفتی صاحب: 1962ء میں حضرت محدث اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے بعد استاذ الکل علامہ غلام رسول رضوی صاحب قبلہ فیصل آباد تشریف لے گئے اور یہ ادارہ میرے سپرد فرما دیا۔

سوئے حجاز: تنظیم المدارس کے معیار کی کیا وجہ ہے؟

مفتی صاحب: تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان چاروں صوبوں اور آزاد کشمیر کے دینی مدارس اہل سنت (بریلوی مکتبہ فکر) کی واحد تنظیم ہے۔ جس کا بنیادی مقصد مدارس اہلسنت کو باہم مربوط رکھنا، انہیں یکساں نصاب تعلیم کا پابند بناتے ہوئے امتحانات کے ذریعے طلبہ میں تعلیمی فروغ کا رجحان پیدا کرنا ہے۔ جس سے عقل کے ساتھ دینی و تحقیقی کا رنگ رہا اور مختلف مقامات کے طلبہ بھی ایک ہی سائل سے آگاہی ہے۔

ویسے تو یہ تنظیم کی 1960ء میں قائم ہوئی مگر اسے فعال بنانے کے لئے 9 جون 1974ء کو اس کی نشاۃ ثانیہ ہوئی۔ الحمد للہ جب سے اب تک شب و روز مصروف عمل ہے۔ اس کا ایک مرکزی اور چار صوبائی دفاتر ہیں جبکہ شعبہ امتحانات الگ ہے۔ سند کا اجراء مرکزی دفتر سے ہوتا ہے۔ نصاب تعلیم تنظیم المدارس کی نصابی کمیٹی تیار کرتی ہے اور مجلس عاملہ اس کی منظوری دیتی ہے اور بعد ازاں ملحقہ مدارس میں لاگو کر دیا جاتا ہے۔

سوئے حجاز: تنظیم المدارس کے امتحانات کا نظام کیا ہے؟ اور اس کی سند کی کوئی اہمیت بھی ہے؟

مفتی صاحب: ہمارے ہاں امتحانات کے چھ مختلف درجات ہیں جن میں چار درجے یعنی درجہ عالیہ، درجہ عامہ، درجہ ثانویہ خاصہ اور درجہ ثانویہ عامہ طلبہ سے متعلق ہیں جبکہ دو درجات درجہ ثانویہ عامہ اور درجہ ثانویہ خاصہ طالبات کے لئے ہیں۔ پاکستان بھر کی تمام یونیورسٹیوں اور یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے تنظیم المدارس کی سند "الشهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية" کو ایم اے عربی اور ایم اے اسلامیات کے مساوی تسلیم کیا ہے۔ یہ سند ہم درجہ عالیہ کا امتحان پاس کرنے والے طلبہ کو دیتے ہیں۔

سوئے حجاز: مختلف مدارس تنظیم المدارس کے ساتھ کیسے منسلک ہوتے ہیں؟

مفتی صاحب: کسی بھی مدرسے یا تعلیمی ادارے کو جب تنظیم المدارس کے ساتھ وابستہ

ہونا ہو تو وہ ادارہ مرکزی دفتر کو درخواست دے کر الحاق فارم حاصل کرتا ہے۔ اس فارم کے مندرجات کی تصدیق علاقہ کے کسی معتبر عالم دین سے کروا کر ہمیں بھجوا دیتا ہے۔ مرکزی دفتر ضروری کاروائی کے بعد اسے منسلک کر لیتا ہے۔

سوئے حجاز: کیا آپ تنظیم المدارس کے نصاب تعلیم سے مطمئن ہیں؟

مفتی صاحب: میں تنظیم المدارس کے نصاب تعلیم سے پوری طرح مطمئن ہوں۔ میرے نزدیک اس کے ہوتے ہوئے عصری علوم کی ہرگز کوئی ضرورت نہیں۔ درس نظامی کا مجموعی طور پر 20 سالہ نصاب ہے اور اس میں سب کچھ ہے۔ … کہ تمام علوم ہیں۔ جدید تعلیم کے حامی، مزدور، انجینئر اور طلباء سب جماعت کی پیداوار ہیں ان کا نظام تو بھی درست نہیں۔ جیسی ہم سسٹم نے پورے امتحانی نظام کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے۔ اس کی اصلاح کے لئے اسلاف کے طریقے کو بنیاد بنانا ضروری ہے۔ جب تک ہم اسلاف کا … طریق کار واپس نہیں لائیں گے اس وقت تک استعداد اور قابلیت پیدا نہیں ہوگی۔

سوئے حجاز: آپ کا کیا خیال ہے کہ درس نظامی کے فاضل اساتذہ انگریزی پڑھے بغیر جدید معاشرے میں دلیل … تبلیغ کے سلسلہ میں کامیاب ہو جائیں گے؟

مفتی صاحب: میرے خیال میں جن طلبہ نے انگریزی معاشرے میں جا کر کام کرنا ہو انہیں انگریزی پڑھائی جائے۔ بلکہ وہ (انگریزی میں) عبور حاصل کریں۔ صرف انگریزی نہیں کوئی بھی زبان ہو سکھائی جانی چاہیے۔ … واضح رہے کہ انگریزی زبان ہے علم نہیں ہے۔ علم تو درس نظامی میں ہے۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ صدر ایوب خان کے دور حکومت میں مصر سے جمال عبدالناصر … لاہور کے سالانہ جلسہ میں آئے انہیں انگریزی میں تقریر کرنے کو کہا گیا حالانکہ وہ کرنل تھے اور انہیں انگریزی آتی تھی لیکن اس کے باوجود انہوں نے کہا کہ میں عربی النسل ہوں اور عربی میری زبان ہے۔ عربی ہی جنتی طبقے کی زبان ہے اس لئے میں عربی میں ہی تقریر کروں گا اور انہوں نے واقعی عربی میں ہی تقریر کی۔ بعد میں ترجمان سمجھاتا

رہا تو جمع کر کے سناتا رہا۔ یونیورسٹی کریٹ، انگریزی، انگریزی کا شور مچاتے ہیں درحقیقت میں انگریزی انہیں بھی نہیں آتی وہ تھوڑی بہت گٹ مٹ کر لیتے ہیں۔ بہرحال میرا موقف ہے کہ جہاں ضرورت ہو وہاں انگریزی پڑھانے میں کوئی حرج نہیں۔

سوئے حجاز۔ تصنیف و تالیف کے حوالے سے آپ کی خدمات؟

مفتی صاحب۔ کیا خدمات ہیں میری؟ اللہ تعالیٰ کی تدریس اور جامعہ کے کام میں برکت ہے اور میرے لیے یہی کافی ہے۔ میں تو بس شب و روز اسی میں مصروف رہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ کام جو کر رہا ہوں یہ کس نے کیا؟ جامعہ نظامیہ ہے تنظیم المدارس ہے اور یہ فتاویٰ رضویہ کا کام ہے میری رہنمائی کے لیے تو فتاویٰ رضویہ کا کام ہی کافی ہے۔ تصنیف و تالیف کے سلسلہ میں میرا شوق ہے کہ اپنے ساتھیوں کو آگے لاؤں۔ میری کئی کتب میرے ساتھیوں کے نام پر چھپ چکی ہیں۔

سوئے حجاز۔ آپ مرکزی زکوٰۃ کونسل میں کتنا عرصہ رہے اور آپ نے مسلک و مذہب کے لیے کیا خدمات سرانجام دیں؟

مفتی صاحب۔ میں چھ سال پنجاب زکوٰۃ کونسل اور چھ سال مرکزی زکوٰۃ کونسل کا رکن رہا اور وہاں جانے کا مقصد اہل سنت کے حقوق کو قائم رکھنا اور حاصل کرنا تھا۔ اسی مقصد کے لیے میں نے تنظیم المدارس کو فعال بنانے کا بیڑا اٹھایا۔ اس سے پہلے وفاق المدارس والے سب کچھ لے جاتے تھے۔ ہم نے بھٹو دور میں مولانا شاہ احمد نورانی صاحب (جو اس وقت قومی اسمبلی کے رکن تھے) کے ذریعے جدوجہد کی مگر کامیاب نہ ہوئے۔ بالآخر جنرل ضیاء الحق کے دور میں ہم نے باقاعدہ "جنگ" لڑی اپنے حقوق کے تحفظ کی۔ میں نے کوئٹہ یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر رشید احمد جالندھری اور پشاور یونیورسٹی کے شعبہ اسلامیات کے سربراہ پروفیسر ڈاکٹر قاضی غلام مصطفیٰ پر مشتمل قائم کیے گئے بورڈ کے ساتھ مدارس عربیہ کی حیثیت پر گفتگو کی۔

بالآخر انہوں نے تسلیم کیا اور اپنی رپورٹ میں لکھا کہ درس نظامی کے طلبہ جامع العلوم

ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل کی رپورٹ بھی آگئی جو مدارس نظامیہ کے حق میں تھی اس پر جنرل ضیاء الحق نے درس نظامی کے فضلاء کو ایم اے کے مساوی قرار دیا۔

سوئے حجاز۔ آپ نے فتاویٰ رضویہ کی اشاعت کے لیے کیا کیا؟

مفتی صاحب۔ ہم نے 1988ء میں فتاویٰ رضویہ اور اس جیسی نادر و نایاب اور حجازی مسلسل کتب کی اشاعت کی غرض سے رضا فاؤنڈیشن کی بنیاد رکھی۔

ہمارا ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ جس سطح کے مفکر اور عالم تھے ہم مجموعی طور پر ان کے کلام کی گہرائی تک ہی نہیں پہنچ سکتے پھر آج صدی پر صدی پہلے کا طرز تحریر اور اسلوب تحریر بھی قدرے پرانا خیال کیا جاتا ہے۔ ہم نے اس کام میں تخریج، بعض جگہ ترجمہ و تشریح کا کام کر کے اس کو عام فہم بنانے کے لیے اور اس کام کو جدید انداز میں پیش کرنے کے لیے رضا فاؤنڈیشن کی بنیاد رکھی۔

ہم نے دو سال میں فتاویٰ رضویہ کی گیارہ جلدیں شائع کی ہیں۔ فتاویٰ رضویہ میں ہمارے طلبہ کا وظیفہ بھی ہے اور تربیت بھی۔ میں جب گزشتہ سال بیرون ممالک کے دورے پر گیا تو لندن میں معروف حسین شاہ کے ہاں انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کے پروفیسر بھی ایک تقریب میں جمع تھے انہوں نے فتاویٰ رضویہ کو دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا اور ان کے تاثرات یہ تھے کہ "فتاویٰ رضویہ" کی تو ایک ایک جلد پر پی ایچ ڈی ہو سکتی ہے۔ کیا یہ کام آپ کے اساتذہ کر رہے ہیں؟ میں نے کہا کہ نہیں یہ کام ہمارے اساتذہ نہیں طلبہ کر رہے ہیں۔ اس سے ہمارے طلباء کی قابلیت بھی خوب آشکار ہو جاتی ہے۔

سوئے حجاز۔ آپ کے وسائل کے ذرائع کیا ہیں؟

مفتی صاحب۔ یہ تو پتہ مجھے بھی نہیں کہ ہمارے وسائل کہاں سے آتے ہیں۔ دراصل ہمارے ساتھی اور معاونین ہی میرے وسائل ہیں اور ان کو اللہ تعالیٰ خود توفیق دے دیتا ہے اور

ہمت بھی۔ اللہ تعالیٰ کسی نہ کسی بہانے سے بھیج دیتا ہے اور یہ تو ایک فطری بات ہے کہ جب دین کا کام صرف اللہ کی رضا کے لئے کریں گے تو وہ خود مدد و نصرت فرمائے گا۔ قانون قدرت ہے کہ میں کسی لمحہ کسی الحمد للہ مجھے اس سلسلہ میں کبھی پریشانی نہیں ہوئی۔ البتہ جب سر پر قرض چڑھ جائے تو فکر مند ہو جاتا ہوں۔

سوئے حجاز۔ فتاویٰ رضویہ کا کام کرنے والے حضرات کو آپ ان کے کام کی اجرت بھی ادا کرتے ہیں؟

مفتی صاحب۔ بعض ساتھیوں کو معمولی سا اعزازیہ پیش کیا جاتا ہے۔ اجرت ادا کرنا تو بس بات ہے ہمارے اتنے وسائل ہمارے پاس کہاں ہیں۔ ویسے ان کے کام کو میں خود وقتاً فوقتاً پڑھتا ہوں اور چیک کرتا ہوں۔

سوئے حجاز۔ مفتی محمد خان قادری صاحب کو فتاویٰ رضویہ کے کام کا اعزازیہ دیا جاتا ہے؟

مفتی صاحب۔ نہیں نہیں مولانا مفتی محمد خان قادری صاحب بالکل اعزازی طور پر کام کرتے ہیں بڑے مخلص ساتھی ہیں ہمارے۔ ان کا تحقیقی کام معاشرے کی ضرورت ہے۔ عظیم خدمت سر انجام دے رہے ہیں۔ خدا ان کو اجر عظیم عطا کرے بڑے مختصر وقت میں انہوں نے عالمی دعوت اسلامیہ اور اب کاروان اسلام کے حوالے سے مصروف جہد ہیں۔

سوئے حجاز۔ آج کل ہمارے دینی مدارس میں خاطر خواہ کام نہیں ہو رہا ہے اس صورت حال پر قابو پانے کے لئے کیا اقدام کرنا چاہیے؟

مفتی صاحب۔ اس میں جامعات کے سربراہ سکون سے مدارس میں بیٹھتے نہیں جس کی وجہ سے نتائج خراب نکلتے ہیں۔ معیار تعلیم گر جاتا ہے اگر اداروں کے سربراہ سکون سے اداروں میں بیٹھیں تو ادارے کامیاب ہوں گے اور معیار تعلیم بھی بلند ہوگا۔ جامعہ نظامیہ رضویہ میں طلبہ کی بھرپور حاضری اور معیار کی بہتری کا سبب یہی ہے کہ میں یہاں سردی گرمی دھوپ بارش میں

تک ذکر کرتا ہوں۔ اب شیخوپورہ میں مدرسہ کا سلسلہ بھی شروع کیا ہے تو وہاں بھی ہفتہ میں صرف ایک دن یعنی جمعۃ المبارک کو وہاں جاتا ہوں۔

سوئے حجاز۔ دن بھر میں آپ کے معمولات کیا ہوتے ہیں؟

مفتی صاحب۔ دن بھر میں پانچ گھنٹے تدریس کرتا ہوں۔ اس کے علاوہ جامعہ کے جملہ معاملات کی نگرانی کرتا ہوں۔ لائبریری ہے تعمیرات ہیں۔ نشر و اشاعت کا شعبہ ہے۔ اس میں تقریباً پروف ریڈنگ اور اصلاح مسودہ میں خود کرتا ہوں اور درجنوں سینکڑوں استفتا بھی کرتا ہوں۔

سوئے حجاز۔ عصر حاضر میں علماء کا وقار کیوں ختم ہوتا جا رہا ہے اس کو کیسے بحال کیا جا سکتا ہے؟

مفتی صاحب۔ عصر حاضر میں علماء کا وقار ختم کرنا یہ بھی ایک سازش ہے۔ کون کہتا ہے کہ علماء کا وقار گر گیا ہے؟ آج بھی حکومت صدر مملکت، وزیراعظم، وزیراعلیٰ اور دیگر بڑے سب علماء سے خوف زدہ ہیں۔ وہ چل کر ہمارے پاس آتے ہیں ہماری عزت و تکریم کرتے ہیں اور یہ سب مجھ دین کی برکت سے ہے۔ ہم نے اپنا کردار پیش کیا ہے۔ ننکانہ کے لوگوں اور افسران سے پوچھئے کہ مفتی عبد القیوم ہزاروی کا کردار کیا ہے؟ کردار اہل علم کی آج بھی قدر ہے لوگ آج بھی مولانا عبد الحکیم کو قبلہ شرف صاحب کے نام سے پکارتے ہیں۔

سوئے حجاز۔ اہلسنت کے انتشار کے اسباب کیا ہیں اور ان کی وحدت کا راستہ کیا ہے؟

مفتی صاحب۔ اب نورانی صاحب اور ہزاروی صاحب بوڑھے ہو گئے ہیں اتحاد و اتفاق کے لئے کوئی نہیں مانتا ہم نے اتحاد کے لئے کوششیں کیں ہم اتحاد کے لئے مولانا عبد الستار خان نیازی کے پاس اسلام آباد گئے۔ وہ اور ہم اتحاد کرنے میں ناکام ہوئے۔ شاید اللہ اور اتحاد اہلسنت کے راہ کی رکاوٹ ہے

سوئے حجاز۔ جامعہ نظامیہ رضویہ میں طلباء اور اساتذہ کی کل تعداد کتنی ہے؟

مفتی صاحب۔ ہمارے ہاں لاہور میں 650 طلباء اور شیخوپورہ شاخ میں ساڑھے تین سو

طلبہ زیر تعلیم ہیں اور دونوں مقامات پر کل سٹاف 170 افراد پر مشتمل ہے۔

سوئے حجاز۔ آپ کے اساتذہ کی تنخواہیں بہت کم ہیں اس کی وجہ کیا ہے؟

مفتی صاحب۔ اساتذہ کی تنخواہیں اس لئے کم ہیں کہ ہمارے پاس وسائل تھوڑے ہیں اور ضرورت بہت زیادہ ہے البتہ جتنے وسائل ہمارے پاس ہوتے ہیں ہم خرچ کر دیتے ہیں بچا کے پاس کچھ نہیں رکھتے۔ اگر اللہ تعالیٰ ہمارے وسائل میں فراخی پیدا کرے تو ہم اساتذہ سمیت سارے سٹاف کی تنخواہیں بڑھا دیں۔

سوئے حجاز۔ مدرسہ سے فارغ ہونے والے اساتذہ کے مستقبل کے تحفظ کے حوالے سے جامعہ نظامیہ نے کیا منصوبہ بندی کی ہے؟

مفتی صاحب۔ کوئی تحفظ نہیں اور کوئی منصوبہ بندی کی ہے۔ محض ادارہ ہی کے دور ہے اگر کسی کو کوئی مدد ہو جائے تو ہو جائے اس پر کوئی پابندی نہیں۔ ویسے علماء کے مستقبل کو کوئی خطرہ ہے کہ تحفظ دیں۔ عالم جتنا بڑا ہوتا جاتا ہے اس کا عزت و احترام ہوتا ہے اس کی قدر بڑھتی ہے۔

سوئے حجاز۔ موجودہ خانقاہی نظام کے حوالے سے آپ کیا ارشاد فرمائیں گے؟

مفتی صاحب۔ خانقاہی نظام اب کہاں رہا اب تو ختم ہو کر رہ گیا ہے۔ نا اہل لوگوں نے اسے تباہ و برباد کر دیا۔

سوئے حجاز۔ اگر آپ شیخ طریقت بن جائیں تو؟

مفتی صاحب۔ میں کیوں شیخ طریقت؟ رسول اللہ ﷺ کے دین کی برکت سے جب بڑے بڑے سجادہ نشین اور مشائخ کرام میرے پاس آتے ہیں۔ اصل خانقاہی نظام تو یہی ہے جو میں چلا رہا ہوں۔ علم دین سے بڑا کون سا مشن ہو سکتا ہے اور اگر اس معنی میں دیکھو تو میں خود سجادہ نشین ہوں۔ اصل تصوف کا کام تو یہی ہے جو میں کر رہا ہوں۔ کسی جعلی کام کی مجھے حاجت ہے نہ ضرورت۔

سوئے حجاز۔ اہلسنت کے مختلف ادارے اس وقت جو چل رہے ہیں اور وہ اہلسنت کی

ملکیت ہیں، کسی ایک فرد یا خاندان کی ذاتی جاگیر نہیں، حزب الاحناف، دارالعلوم نعیمیہ جیسے مرکزی اداروں میں علم دین مفقود ہے ان کی بہتری کے لئے آپ نے یا تنظیم المدارس نے کیا لائحہ عمل مرتب کیا ہے؟

مفتی صاحب۔ تنظیم المدارس کسی بھی ادارے کے داخلی اور اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں کرتی۔ یہ متعلقہ انتظامیہ کا کام ہے کہ وہ پیسے مدرسہ کی تعلیم کاری کی تکمیل کرے اور اتنی جو دوری وہاں ختم کرے۔ یہ مسئلہ ہے کہ حکومت بھی ڈالو ہے اور عوام بھی سب کچھ حکومت پر ڈالنا چاہتے ہیں۔ اب اگر حکومت ان اداروں کو اپنی تحویل میں لے بھی لے تو وہ انہیں اپنی آمدن کا ذریعہ بنائے گی۔ اس لئے بہتر ہے کہ ان مدارس پر مخلص حضرات اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی خاطر ان کے انتظام و انصرام سنبھالیں تاکہ ان اداروں کے اصل مقاصد کے لئے مصرف میں لایا جا سکے۔ اسی میں دین و ملت کی بھلائی کا راز مضمر ہے۔

سوئے حجاز۔ آپ کے ہاں دینی تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبہ کی تربیت کا کیا نظام ہے؟

مفتی صاحب۔ ہم جو کچھ پڑھاتے ہیں طلبہ کو اس پر عمل کی تلقین کرتے ہیں۔ بلکہ یہاں اساتذہ خود بھی اس پر عمل کرتے ہیں۔ اب معاشرے میں بے شمار برائیاں ہیں۔ ان کے خاتمے کے لئے تو پورے معاشرے کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ ورنہ صحیح عالم تو وہی ہے جو اپنے پڑھے علم پر قائم اور عامل ہے۔

سوئے حجاز۔ موجودہ ارباب اقتدار کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے کہ نظام مصطفیٰ ﷺ کے نفاذ کے سلسلے میں کیا کریں گے؟

مفتی صاحب۔ مخلص ہونا الگ ہے اور علم و عمل الگ۔ جاہل اخلاص سے بھی کام کرے تو نقصان ہوتا ہے۔ اگر حکمران مخلص ہوں بھی تو کیسے کام کریں گے۔ علماء انہیں ہدایت دیں تو یہ علماء کو اپنا راہنما سمجھیں پھر کام ہو جائے گا۔ اسلام میں اعلیٰ اختیاراتی مفتی اور نظامی اختیاراتی قاضی ہے۔ مفتی راہنمائی کرے اور قاضی قانون نافذ کرے۔

سوال نمبر ۔ نظام اسلام کے علاوہ کی رکاوٹیں کیا ہیں؟

مفتی صاحب ۔ علم اور جہالت کی ہر دور میں باہمی ٹکر رہی ہے۔ جہالت کو ختم کیا جائے یہی نظام اسلام کے راہ کی بڑی رکاوٹ ہے۔ جہالت ختم ہوگئی تو علم کا نور پھیلے گا اور نظام مصطفیٰ ﷺ از خود قائم ہوگا۔

سوال نمبر ۔ آپ کا پیغام قوم کے نام؟

مفتی صاحب ۔ بدقسمتی سے اس وقت پورے معاشرے کے تمام طبقات بے عملی اور بدعملی کا شکار ہیں اور دنیاوی حرص وہوس کا شکار ہو کر رہ گئے ہیں انہیں فکر آخرت نہیں رہا۔ اب ضرورت ہے کہ ہر طبقہ اپنے فرائض منصبی کے سلسلہ میں ذمہ داری کا ثبوت دے تا کہ معاشرہ دوبارہ بحال ہو سکے۔

☆☆☆☆☆☆☆

حج گروپ بندی اور ویزہ عمرہ کے لئے

حکومت پاکستان سعودی حکومت سے منظور شدہ لائسنس یافتہ کاروان (رجسٹرڈ) کے اعلان کے ساتھ

کاروانِ سعیدی

اوپن حج سکیم کی بکنگ جاری ہے

{نوٹ} رمضان شریف کے عمرہ گروپ کے لئے پاسپورٹ جمع کروانے کی آخری تاریخ 5 اکتوبر ہے۔

المشتہر ۔ حافظ محمد اعجاز احمد سعیدی کاروان سعیدی حج و عمرہ سروس پاکستان

اک آفتابِ نور تھا وہ بھی چلا گیا
عشقِ نبی میں چور تھا وہ بھی چلا گیا

تحریر: غلام مصطفیٰ چوہدری ایم اے شرقپور

حضرت شیخ العلماء مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی، آسمانِ علم وفضل کے ایک خورشید تاباں تھے جس کی ضوفشانیوں سے ہزاروں روشن ہوئے ہزاروں دلوں میں بیدار ہوئے۔ آپ نے علمی اور بین الاقوامی تناظر میں فروغ اسلام کی ایک سرگرم جماعت تیار فرمائی جو سیاسی، سماجی، معاشرتی، معاشی اور بالخصوص مذہبی میدانوں میں اسلام کا پرچم سربلند کئے ہوئے ہے اس وقت ہر روز علماء کرام ان کے روحانی علم کے ذریعے خود راہنمائی لیتے ہیں۔

اس عاجز کو ان کی زیارت سے تو الحمد للہ بارہا ان کی صحبت سے فیض حاصل کرنے کا موقع ملا۔ آپ خلوص و للہیت کا مجسمہ تھے علم و ادب کا شہ پارہ تھے جلال وجمال کا حسین امتزاج تھے، ایسے ہی عظیم لوگ تاریخ میں اپنا نام ہمیشہ کے لئے محفوظ کر جاتے ہیں جو علم کے ایسے انمٹ نقوش ثبت کر جاتے ہیں جن کو دیکھ کر منزلوں کا تعین آسان ہو جاتا ہے۔ درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے علم وفضل کے اس شجر سایہ دار کی معرفت کے لئے اس کے ثمرات کو دیکھتے ہیں علماء کی ایک کہکشاں نظر آتی ہے، حضرت مولانا محمد صدیق ہزاروی حضرت مولانا حافظ محمد عبدالستار سعیدی، حضرت مولانا محمد عطاء تابش قصوری، حضرت مولانا محمد شرف قادری اور بھی بہت سے جو ان شخصیت آپ کے خوشہ چین ہیں، کلمہ طیبہ اصلہا ثابت وفرعہا فی السماء، آپ نے ایک عہد ساز کارنامہ سرانجام دیا ہے دینی تعلیم کے فروغ کے لئے بہت سی درسگاہیں تعمیر فرمائی ہیں، جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور اور جامعہ نظامیہ رضویہ شیخوپورہ آپ کی مساعی جمیلہ کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

عظیم شخصیت کی ایک یہ بھی نشانی ہوتی ہے کہ ان کی زندگی میں بہت سے لوگوں کو ان کے کام میں اختلاف ہو سکتا ہے لیکن ان کے جانے کے بعد کوئی ان کا مخالف نہیں ہوتا۔ یہی معاملہ حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ کے ساتھ بھی ہوا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

مفتی اعظم پاکستان ...... جانشینِ اعلیٰ حضرت

از قلم: مولانا محمد اکرام اللہ بٹ جلالپور جٹاں

عمر ہا در کعبہ و بت خانہ می نالد حیات
تا ز بزمِ عشق یک دانائے راز آید بروں

اس دور میں ہر کوئی ... رگوں کے خلاف ... بات کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے مگر کام ... لوگ خال خال ہی ... کا مصداق نظر آتا ہے۔ بے شمار مادی اور کھلاڑی ... اس دور میں ... تو بہت ملتے ہیں مگر مرد مومن ڈھونڈے نہیں ملتا۔ ایسا انسان مشکل سے ملتا ہے۔ سنت کی ... ایک ڈھونڈو تو ہزار ملتے ہیں مگر چار بوڑھوں میں ... سمندر میں غوطہ زن ہو کر ... کے مصداق خال خال ہی ملتے ہیں۔ سونے چاندی ... سے تو شاید ہر کوئی شہرت رکھتا ہے مگر ... میں نام ہوئی کوئی ... کرتا ہے۔ ظاہری شکل و صورت پر تو ہر کسی کی نگاہیں ... ہوتی ہیں مگر مومنانہ فراست سے ... نظر کسی کسی کی ہی ہوتی ہے۔ ان تمام اوصاف حمیدہ کو یکجا جمع کیا جائے تو جس شخصیت کی طرف توجہ اور دھیان جاتا ہے اور جو تصویر نظروں کے سامنے آتی ہے وہ حضرت مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ تعلیمات اعلیٰ حضرت کے آئینہ دار تھے۔

حسین چہرہ، خوبصورت داڑھی، اجلے کپڑے، سفید عمامہ، رنگ گورا، سنجیدگی و متانت کی تصویر، عاجزی و انکساری کا پیکر، علوم عقلیہ و نقلیہ کا ماہر، شیخ الحدیث مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی زیست کے ۶۹ برس مکمل کر کے خالق حقیقی سے جا ملے۔

جو آیا ہے اس نے جانا ہے مگر بعض لوگوں کے جانے سے ہزاروں لاکھوں دل بے چین اور بے سکون ہو جاتے ہیں۔ ایسی عظیم الشان شخصیات میں سے ایک بلند مرتبہ ہستی مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی ہے۔

مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی پوری زندگی دینی علوم کی ترویج و ترقی

میں بسر فرما دی۔ تیس سال کی عمر میں مسند تدریس پر رونق افروز ہوئے اور زندگی کی آخری سانس تک پڑھنے پڑھانے میں ہی بسر کی۔ حتیٰ کہ دورہ حدیث کے مکمل اسباق پڑھا کر واصل بحق ہوئے۔ آپ مشن سے ... دلچسپی کے ... بڑے بڑے جلسوں اور اہم میٹنگوں میں بھی ... شدید بیماری میں جب کہا جاتا کہ ... آپ ... پرسوز مبلغ دین کی طرح جواب عنایت فرماتے کہ آرام کر ... زندگی ... زندگی کم اور کام زیادہ ہے ... زندگی میں زیادہ سے زیادہ کام کر جاؤں تاکہ اللہ و رسول کے دربار میں سرخروئی حاصل ہو۔

مفتی اعظم پاکستان علیہ الرحمہ کے جانے سے ایک ایسا خلا پیدا ہو گیا جس کا پر ہونا نظر نہیں آتا۔ آپ علیہ الرحمہ کے غم میں دارالعلوم ... کے مطابق تمام مدارس اہلسنت اور مساجد میں صف ماتم بچھی ہوئی ہے اور ان کے لیے دعائے مغفرت کے الفاظ ہر زبان پر جاری و ساری ہیں۔ "انا للہ وانا الیہ راجعون"

ہر کجا مدرس ... جہان فانی　　وجہ معرفت مسلک ربانی

ڈاکٹر محمد اشرف آصف جلالی نائب ناظم مرکزی جماعت اہلسنت پاکستان

محسن اہل سنت مفتی اعظم پاکستان، استاذ الاساتذہ حضرت قبلہ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ کی وفات حسرت آیات کی خبر سن کر بہت افسوس ہوا قبلہ مفتی کی زندگی مسلک حق اہل سنت و جماعت کے لیے مکمل جدوجہد سے عبارت تھی۔ آپ نے صرف جامعہ نظامیہ لاہور و شیخوپورہ کی صورت میں ہزاروں تشنگان کو سیراب نہیں کیا بلکہ تنظیم المدارس اہل سنت کے شاندار اور جاندار نظامت کے ذریعے ملک بھر کے دینی مدارس کی راہنمائی کر کے ملک و ملت کی گرانقدر خدمات سر انجام دی ہیں۔ فقہ اور تحقیق کے میدان میں آپ کا کردار مثالی اور قابل تقلید ہے اہل علم اور طلب علم کی راہ کے مسافروں کی ہر موڑ پر حوصلہ افزائی فرماتے تھے۔ ان کے فیض پانے والوں کی ایک طویل فہرست ہے۔

اس غم و کرب کی حالت میں قبلہ مفتی صاحب کے فراق کا احساس صرف آپ کے صاحبزادگان گرامی قدر، ارباب مدرسین جامعہ نظامیہ اور آپ کے تلامذہ ہی کو نہیں بلکہ آج تمام اہل سنت اس غم میں شریک ہیں اور مفتی صاحب کے صاحبزادگان اور جامعہ نظامیہ کے جملہ احباب سے تعزیت گزار ہیں۔ اللہ تعالیٰ قبلہ مفتی صاحب علیہ الرحمۃ کو فردوس کے بالا خانوں میں بلند مقام عطا فرمائے۔

☆☆☆☆☆☆

ڈاکٹر انوار الحق بندیالوی

مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ مفتی عبد القیوم صاحب ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ عظیم علمی شخصیت تھے ان کی ملکی، ملی، مذہبی اور سماجی خدمات تا عمر یاد رہیں گی۔ ایسے پایہ کے علماء اس دور میں کم رہ گئے ہیں وہ ہر اعتبار سے اعلیٰ شخصیت کے مالک تھے۔ اہل سنت و جماعت و مسلک امام احمد رضا بریلوی علیہ الرحمۃ کی عظیم ترجمان اور پہچان تھے عالم اسلام کی عظیم دینی درسگاہ جامعہ نظامیہ رضویہ کو اپنی شبانہ روز مساعی جمیلہ سے ایک مرکزی ادارہ کی حیثیت دلوائی

ان کے ہزاروں شاگرد پوری دنیا میں رسول خدا ﷺ کے دین متین کی خدمت کر رہے ہیں اور اس کا اجر و ثواب تا قیامت حضرت قبلہ مفتی صاحب کو ملتا رہے گا اور ان کے درجات بلند ہوتے رہیں گے۔

استاذ العلماء شیخ طریقت علامہ محمد عبد الحق بندیالوی (مہتمم جامعہ مظہریہ امدادیہ بندیال شریف) نے جونہی مفتی صاحب کی وفات حسرت آیات کی خبر سنی تو اس قدر پریشان ہوئے کہ ہم نے زندگی میں کبھی انہیں اتنا پریشان نہیں دیکھا۔ سرد آہ کھینچی اور فرمایا "اہل سنت کے سر سے ایک بلند پایہ باعمل عالم دین کا سایہ اٹھ گیا۔ مفتی صاحب جیسے لوگ روز روز پیدا نہیں ہوتے" ان کی خدمات کا بڑی دیر تک تذکرہ فرماتے رہے۔ فوراً مفتی صاحب کے ایصال ثواب کی محفل کے لیے طلباء کو حکم دیا۔ اللہ تعالیٰ ان کو اپنے جوار میں جگہ عنایت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل سے نوازے اور ان کے تلامذہ و اولاد کو ان کے عظیم مشن کی خدمت دین کی مزید توفیق رفیق بخشے۔ آمین۔ میں آج جامعہ نظامیہ رضویہ حاضر ہوا تو طلباء و مدرسین کثیر تعداد میں دیکھے تو بار بار یہ شعر ذہن میں گونجا:

وہی بزم ہے وہی دھوم ہے وہی عاشقوں کا ہجوم ہے
ہے کمی تو بس اسی چاند کی جو تہ مزار چلا گیا

☆☆☆☆☆☆

علامہ مفتی محمد عبدالحلیم (جامعہ نعیمیہ لاہور)

حضرت علامہ مفتی پاکستان مولانا محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ عالم اسلام کی عظیم شخصیت تھے۔ دینی خدمات ان کی کاوشوں کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ جامعہ نظامیہ کی تاسیس سے لے کر قریب سے ان کی شخصیت کو دیکھنے کا موقع ملا۔ ایسی شخصیتیں مدت مدید کے بعد ہی پیدا ہوتی ہیں اللہ تعالیٰ ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور آپ اور جامعہ کے متعلقین کو اس صدمہ کو برداشت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆

انجینئر محمد سلیم اللہ خان صدر جمعیت علمائے پاکستان)

مفتی عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ کا اس عالم سے کوچ کر جانا موت العالم موت العالم کے مصداق ہے لاہور کا ایک مینارہ علم ہم سے رخصت ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے صدقے ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆

محمد اقبال اظہری (شجاع آباد ملتان)

اللہ تعالیٰ کے عظیم بندے ہمارے پیارے رسول ﷺ کے محبوب امتی جلیل القدر ممتاز باعمل عالم دین استاذ العلماء رئیس الاتقیاء عمدۃ الاصفیاء حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ کی وفات حسرت آیات سے ایک قلبی صدمہ ہوا ہے۔ آپ میں مومن کامل اور مرد صالح کی جملہ صفات موجود تھیں۔ علوم دین کی اشاعت اور مسلک حق اہل سنت وجماعت کی حفاظت کے لئے اپنی زندگی وقف فرمائی ہوئی تھی درحقیقت آپ علم کا عظیم سرمایہ تھے اتحاد اہل سنت کے لئے بہت درد رکھتے تھے ہمیشہ پڑھنے والوں کو تدریس اور دینی علوم کی اشاعت کی تلقین فرماتے تھے۔

آپ کے انتقال پر ملال سے جو خلا ہوا ہے اس کا پر ہونا محال ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ کریم جل شانہ بطفیل نبی کریم ﷺ حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمۃ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور جملہ علماء و مشائخ کو حضرت کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ حضرت صاحب علیہ الرحمۃ کے عظیم علمی اور روحانی مرکز جامعہ نظامیہ رضویہ کو تاقیامت قائم رکھے اور صاحبزادگان و لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین بحرمۃ سید المرسلین

☆☆☆☆☆☆

قاری اللہ بخش نوری

حضرت علامہ مولانا استاذ العلماء جناب قبلہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت ہر دو لحاظ سے جامع تھی۔ ان کے علم و عمل میں جو خلوص تھا محنت تھی اور لگن وہ کسی اور شخصیت میں کم دیکھنے میں آئی ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم و مغفور قبلہ مفتی اعظم علیہ الرحمۃ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

☆☆☆☆☆☆☆

محمد شریف سعیدی، بہاولنگر غفرلہ

حضرت قبلہ مولانا مفتی پاکستان استاذ العلماء محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ اپنے وقت کی عدیم المثال اور عظیم الشان خدمات سرانجام فرماتے ہوئے ۲۸ جمادی الثانی ۱۴۲۴ھ کو واصل بحق ہوئے۔ اسماء الرجال اور منطق میں آپ کی ذات گرامی پر اہل اسلام کی نظریں مرکوز تھیں۔

آپ کے انتقال پر ملال پر بے حد صدمہ ہوا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

☆☆☆☆☆☆☆

حاجی عبدالمجید۔ اعظم کلاتھ مارکیٹ لاہور

آپ بہت اعلیٰ استاد اور محسن استاذ تھے۔ اللہ تعالیٰ ان پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے اللہ

رب العزت ان کے صدقے ہم پر رحمت فرمائے۔

☆☆☆☆☆☆☆

حاجی محمد افضل ۔ اعظم کلاتھ مارکیٹ لاہور

ساڑھے دس بجے مجھے انتقال کی اطلاع ملی تو عظیم دھچکا لگا۔ آپ بہت ہی مخلص، خلیق، ملنسار اور بہترین استاذ تھے۔ آپ انسان کی شکل میں ایک فرشتہ تھے۔

☆☆☆☆☆☆☆

الشیخ محمد شوکت علی سیالوی، خانیوال

ان الموت عند هذا العصمة العظيمة لأهل السنة وهذا سيدنا المفتي الأعظم بباكستان الحضرة العلامة أستاذ الأساتذة الأعلام محمد عبد القيوم القادري الهزاروي رحمه الله تعالى عليه رحمة واسعة آمين، كما قال النبي عليه وآله وسلم موت العالم موت العالم المتوفى ١٩٩٦ء ... أعلى الله درجاته في حضرته آمين. ثم لله عرفنا قدر الحبيب بفضله وجوده العظيمة

☆☆☆☆☆☆☆

مولانا محمد نصر اللہ جان ہزاروی، مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

استاذ العلماء مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ کا وصال عالم اسلام کے لئے ایک عظیم سانحہ ہے۔ آپ کے وصال کی وجہ سے اہلسنت وجماعت میں جو خلا پیدا ہوا ہے اس کا پر ہونا ناممکن ہے۔ آپ کو مسلک حق اہلسنت وجماعت کے ساتھ جنون کی حد تک لگاؤ تھا۔ کوئی بھی موقع ہو آپ کہیں بھی کسی بھی جگہ ہوں، کوئی مجلس ہو، کوئی بھی ملک ہو، آپ کی گفتگو سے ہمیشہ دین اسلام کا درد واضح طور پر ہر کوئی محسوس کرتا تھا یقیناً ان کی رحلت اہل اسلام کے لئے ایک بڑا

صدمہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے مشن کو آگے لے جانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆

مولانا محمد عبد اللطیف (جامعہ نعیمیہ لاہور)

مجھ سے کیا لکھے جس پر قدرت حاصل تھی وہ بھی جاتا رہا۔ حضرت صاحب کی حیات مستعار ایک مجاہدانہ جدوجہد سے عبارت تھی۔ دعا ہے کہ حضرت کو اپنے قارئین سے ملادے۔

☆☆☆☆☆☆☆

ڈاکٹر حافظ محمد شاہد حسین

(اوچ شریف [illegible] تحریک ... (رکن ... کالج ...))

محسن دستوں سے نکلتے جا رہے ہیں
سائے سروں سے اٹھتے جا رہے ہیں

حضرت قبلہ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمہ اللہ پاکستان ہی نہیں بلکہ پورے عالم اسلام کی عظیم شخصیت تھے۔ آپ کی علمی، دینی اور ملی خدمات کو کبھی فراموش نہ کیا جا سکے گا۔ آپ کی اہل سنت کے لئے بے پناہ خدمات ہیں۔ آپ کے وصال سے پیدا ہونے والا خلا صدیاں بیت جانے پر بھی شاید پورا نہ ہو سکے۔

آپ عظیم عاشق رسول اور مسلک حق اہل سنت کے تحفظ و بقا کے لئے دن رات کوشاں رہے۔ اللہ عزوجل حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صدقے سے آپ کے درجات بلند کرے اور ان کے وسیلے سے کل بروز حشر ہماری بھی نجات فرمائے۔ ان شاء اللہ

☆☆☆☆☆☆☆

عبدالحق ظفر چشتی (لاہور)

جہاں پاؤں بھی دھرے تھے اس نے — وہاں پانی عبیر ہو گیا ہے

میرے مربی و محسن شیخ القرآن علامہ عبدالغفور ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کے دست راست استاذ الحکماء مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ … کے بعد … میں مدرسی کی … پیدا … اسلامی … صرف راہنمائی فرمائی بلکہ … حسنہ کی بہترین مثال پیش فرمائی۔

آج مدرسہ جامعہ نظامیہ رضویہ اور اعلیٰ حضرت کے فتاویٰ کے حوالے سے جو عمل … تک وہ عمل تقلید اور محنت کا … ان کے علاوہ دیگر … جو … آپ کرتے رہے ان کا صدقہ … ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین یا رب العالمین بجاہ سید المرسلین ﷺ۔

☆☆☆☆☆☆

عطا محمد گولڑوی (لاہور)

استاذ العلماء والفضلاء جامع معقول و منقول … رئیس المتکلمین حضور مفتی اعظم پاکستان علامہ محمد عبدالقیوم ہزاروی قادری رضوی قدس سرہ العزیز کی رحلت موت العالِم موت العالَم کی حقیقی مصداق ہے آپ کے وصال سے ایسا خلا پیدا ہوا ہے جس کا پر ہونا مشکل نظر آتا ہے حضور قبلہ مفتی صاحب … کا دوسرا نام ہے۔

حب رسالت مآب ﷺ کا دوسرا نام ہے مظہر فیضان غوثیت و قطبیت کا دوسرا نام ہے، فیضان اعلیٰ حضرت کا دوسرا نام ہے فیضان مفتی اعظم پاکستان علامہ ابو البرکات قادری کا دوسرا نام ہے۔ فیضان محدث اعظم پاکستان فیصل آبادی کا دوسرا نام ہے۔

آپ کی ذات گرامی میں تمام اوصاف حمیدہ تھیں جو عام … ہوتی ہیں آپ کی

رحلت سے وہی خلا پیدا ہو گیا ہے جو ایک عالم ربانی کی رحلت سے ہوتا ہے

اب ہم اہل سنت کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے۔ اور لگائے ہوئے باغات … رہیں اور دنیا کو معطر کرتے رہیں۔ آمین بجاہ طٰہٰ و یٰسین

☆☆☆☆☆☆☆

علامہ غلام رسول سعیدی شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ، کراچی

حضرت استاذ العلماء مفتی محمد عبدالقیوم قادری قدس سرہ العزیز کی رحلت تمام عالم … کے لئے … ایسے … تمام اکابر علماء ایک ایک کر کے رخصت ہو رہے ہیں اور جو جا رہا ہے اس کا … حضرت مفتی صاحب کی … بہت عظیم صدمہ ہیں۔ جامعہ نظامیہ رضویہ … انہوں نے … بلند کر دیا۔

تنظیم المدارس انہوں نے … علماء … کے ساتھ قائم کی۔ … فارغ کرتے تو ہمارے پاس وفاق المدارس کا کوئی جواب … اور … مسائل … فتاویٰ رضویہ میں انہوں نے عربی عبارات کا ترجمہ کرایا فقہی عبارات و احادیث کی تخریج کرائی یہ وہ عظیم کام ہے جس کو ہندوستان و پاکستان کے … امام احمد رضا … کوئی … کر سکا۔ اعلیٰ حضرت کے نام پر جلسے کرنا اور نعرے لگوانا تو بہت آسان کام ہے لیکن خون جگر سے ایسا تحقیقی کام … بہت مشکل ہے

آپ کے تو وہ … کی شفیق استاد تھے لیکن ہمارے لئے وہ بہت بڑے تھے وہ … ذات میں ایک بہت بڑا ادارہ تھے وہ چلتے پھرتے لوگوں کو اہم … پر لگا دیتے تھے انہوں نے … کتابیں تصنیف کریں۔ مجھے تو تذکرۃ المحدثین لکھنے کی طرف انہوں نے ہی متوجہ کیا تھا اور … دین و مسلک کے کتنے کام انہوں نے کرائے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور آپ کو اپنے … اور جو کام وہ کرنا چاہتے تھے اللہ

تعالیٰ آپ کے ہاتھوں وہ کام مکمل کروائے۔ یہ کہنا تو ایک رسمی سی بات ہوگی کہ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے حقیقت میں انکی رحلت کا سانحہ اور مصیبت پر صبر کرنا بہت مشکل ہے۔

میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو بھی مفتی صاحب جیسا دین اور مسلک کے لئے کام کرنے کی اور دین کی خدمت کرنے کی ہمت اور حوصلہ عطا فرمائے اور آپ کے ہاتھوں حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ کا مشن پایہ تکمیل تک پہنچے۔ علوم دینیہ کے تمام مدرسین، اساتذہ و طلبہ آپ کو سلام کہتے ہیں اور آپ کے لئے استقامت کی دعا کرتے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ

☆☆☆☆☆☆☆

علامہ سید محمد محفوظ الحق چشتی، بورے والا ضلع وہاڑی

استاذ العلماء والفضلاء الشیخ حضرت مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کا سانحہ ارتحال صرف آپ کے لئے ہی نہیں بلکہ پوری دنیائے سنیت کے لئے عظیم المیہ ہے۔

آپ کی خدمات دینیہ ارباب علم و فضیلت کے لئے مینارہ نور ہیں۔ اہل اللہ تو دنیا سے سفر کرنے کے باوجود بھی زندہ و جاوید رہتے ہیں لیکن علوم اسلامیہ کی عظیم درسگاہ جامعہ نظامیہ رضویہ، تنظیم المدارس کا انعقاد اور مجدد مأتہ حاضرہ و سابقہ امام احمد رضا بریلوی رضی اللہ عنہ کے حق و صداقت پہ مبنی افکار کی اشاعت اور علی الخصوص فتاویٰ رضویہ کی اشاعت آپ کی وہ یادگاریں ہیں جنہیں مذہب اہل سنت پر بلکہ دنیائے اسلام پر عظیم احسان کی صورت میں بھلایا نہیں جا سکتا۔ آپ کے ان علمی فیوض و برکات کو صدیوں تک یاد رکھا جائیگا۔

شک نہیں کہ حضرت مرحوم و مغفور کی پرعزم قیادت اور جامعہ نظامیہ رضویہ کے جلیل القدر، عظیم المرتبت مخلصین مدرسین کی پرخلوص اور باصلاحیت رفاقت اہل سنت کا بہت بڑا سرمایہ ہیں جو کہ حقیقت میں لائق تحسین و تقلید ہیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ اپنے محبوب پاک ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے حضرت مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ کو رسول اللہ کے مرتبہ رفیعہ سے نوازے اور جنت الفردوس میں مجاہدین اسلام اور محافظین ناموس رسالت سیدنا امام ﷺ کی صف میں جگہ بخشے۔ پسماندگان کو صبر

ان سلامت کو صبر و اجر عظیم سے نوازے اور جامعہ نظامیہ رضویہ سدا بہار گلستان کی صورت میں ممکن رہے اور باقی رہے اور ان کی اولاد کو ان کی روحانی ایمانی امانتوں کا استحقاق عطا فرمائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صاحبزادہ حامد رضا (وزیر ٹرانسپورٹ، عشر و زکوۃ)

حضرت مولانا علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ چیئرمین سپریم کونسل جماعت اہل سنت و صدر تنظیم المدارس پاکستان و ناظم اعلیٰ و شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور شریف امت مسلمہ کے عظیم سرمایہ تھے آپ نے ملک و ملت کے لئے بے شمار خدمات انجام دیں عالم اسلام آپ کا ہمیشہ مقروض رہے گا آپ نے دینی علوم کی اشاعت، اسلامی اقدار کے احیاء اور اعلیٰ حضرت کے تحفظ کے لئے گرانقدر خدمات انجام دیں۔ آپ کے سانحہ ارتحال سے ملت اسلامیہ کو بالعموم اور اہل سنت جماعت کو بالخصوص ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے جب بھی مجھے جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور شریف جانے کا اتفاق ہوتا آپ بڑی شفقت و محبت سے ملتے۔ مجھے فرماتے کہ تم میرے استاد صاحب کے صاحبزادے ہو میرے قبلہ والد گرامی استاذی المکرم استاذ العلماء شیخ الحدیث علامہ حافظ محمد عالم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات کا ذکر کرتے مجھے فرماتے کہ سب کاموں سے پہلے جامعہ حنفیہ سیالکوٹ کو دیکھو جو کہ حضرت کا لگایا ہوا پودا ہے۔ اس کی طرف بھرپور توجہ دو۔

پیر قبلہ مفتی صاحب کو دین سے محبت اور دینی اداروں کے قیام کے لئے جذبہ تھا آپ اپنے شاگردوں کو سرکاری نوکریوں سے دور رہ کر دینی اداروں کے قیام کے لئے تلقین فرماتے۔

آپ نے جامعہ نظامیہ لاہور شریف اور شیخوپورہ میں جو دین کی شمع روشن کی ہوئی ہے اس کی روشنی شہر شہر گھر گھر پھیل رہی ہے۔ ان شاء اللہ رہتی دنیا تک ملت اسلامیہ ان اداروں سے فیض یاب رہے گی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مساعی جمیلہ کو شرف قبولیت سے نوازے اور آپ کے فیض کو جاری و ساری رکھے اور آپ کے تلامذہ احباب بالخصوص صاحبزادگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے اور آپ کے مشن کو جاری رکھنے کی توفیق نصیب فرمائے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ابوسعید سید محمد حبیب الرحمٰن (قاضی محکمہ قضاء آزاد جموں و کشمیر)

بقیۃ السلف، حجۃ الخلف مفتی اعظم پاکستان مدرس مسند علوم باطن، جامع معقول و منقول، اصول و فروع، شیخ الحدیث والتفسیر استاذ الاساتذہ حضرت مولانا مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی قدس اللہ سرہ العزیز ناظم اعلیٰ جامعہ نظامیہ رضویہ و چیئرمین ... صدر تنظیم المدارس پاکستان کا انتقال عالم اسلام کے لئے ناقابل تلافی نقصان ہے۔

حضرت مفتی اعظم پاکستان جیسے عالم دین کی موت موت العالم موت العالم علامات قیامت میں سے ہے۔ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے۔

ان اللہ یقبض العلم بقبض العلماء ۔ اور آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔

ان من اشراط الساعۃ ان یرفع العلم

حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ مسلک اہل سنت کے ترجمان اور افکار امام احمد رضا رحمہ اللہ تعالیٰ کے امین اور حضرت محدث اعظم پاکستان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے علم و فضل کے مہتاب تھے۔

اس علم و عمل کا یہ مہتاب اپنی پوری تابانیوں اور علم و عمل اور رشد کی کے ساتھ ایک عالم کو منور کر رہا تھا اور محدث اعظم پاکستان رضی اللہ عنہ کے فیوض و برکات کو دنیائے اہل سنت میں تقسیم کر رہا تھا مگر دیکھتے ہی دیکھتے آن کی آن میں حضرت مرحوم ہم سے جدا ہو گئے۔ آپ کی رحلت ایک حادثہ جانکاہ ہے جس نے شہر سونے اور بستیاں سنسان کر دی ہیں۔ ہر جگہ سناٹا معلوم ہوتا ہے اور علم و فضل کا یہ مہتاب کیا غروب ہو گیا کہ دنیائے اسلام اور مذہب حقہ اہل سنت و جماعت میں صف ماتم بچھ گئی اور سکتہ کا عالم طاری ہو گیا۔

العین تدمع والقلب یحزن ولا نقول الا ما یرضی ربنا انا للہ وانا الیہ راجعون

راقم الحروف کا حضرت ممدوح کے ساتھ زمانہ طالب علمی سے تعلق رہا ہے حضرت امام اہل سنت ملک العلماء امام المتکلمین رئیس المحدثین ... مسعودی ... محدث

اعظم پاکستان ابو الفضل مولانا محمد سردار احمد صاحب رضی اللہ عنہ کے زیر سایہ زمانہ طالب علمی سے لے کر جمعیت علماء پاکستان کی نشاۃ ثانیہ اور امام المناظرین شیخ القرآن والحدیث ابو الحقائق حضرت علامہ مولانا عبد الغفور ہزاروی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قیادت اور پھر غزالی زمان رازی دوران حضرت علامہ مولانا احمد سعید کاظمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قیادت میں تنظیم المدارس کی مرکزی مجلس عاملہ کے رکن کی حیثیت سے کام کرنے کی سعادت اور حضرت مفتی صاحب کی ہم رکابی نصیب ہوئی۔ حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ حضرت محدث اعظم پاکستان کے مشن کے جانشین و امین اور مرجع تام تھے۔ آپ حضرت محدث اعظم پاکستان کے افکار و نظریات کے محافظ اور اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مجدد دین و ملت امام احمد رضا رضی اللہ عنہ کے سچے نقیب تھے۔

آپ نے علوم دینیہ اور دین حنیف اور مسلک اہل سنت کے لئے بے مثال خدمات سرانجام دیں۔ اعلیٰ حضرت کی تصانیف بالخصوص فتاویٰ رضویہ کی جدید ترتیب و تدوین اور ترجمہ و تخریج کے ساتھ اشاعت آپ کے دینی اور اہم کارناموں میں سے ایک ہے۔ الغرض مرحوم کی دینی علمی ملی خدمات اور عالم اسلام کے لئے آپ کے کارہائے نمایاں تاریخ میں ہمیشہ درخشاں و تابندہ رہیں گے۔

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب پاک، نبی الانبیاء والہدیٰ کا صدقہ و آدم بین الطین والماء اہل التقویٰ والنقاء کے طفیل حضرت مفتی اعظم پاکستان قدس اللہ سرہ العزیز کے صاحبزادگان اور آپ کے متعلقین، متوسلین و معتقدین کو اس صدمۂ عظیم پر صبر جمیل عطا فرمائے اور انہیں حضرت کے مشن کی تکمیل کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم وآلہ واصحابہ اجمعین

☆☆☆☆☆☆☆☆

سردار محمد سیاب خان اسپیکر قانون ساز اسمبلی آزاد جموں و کشمیر

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کی خبر سن کر دکھ ہوا۔ مرحوم بانی و مہتمم جامعہ نظامیہ رضویہ، عالم اسلام کے عظیم مذہبی پیشوا تھے۔ آپ کی دینی و قومی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ آپ نے نظام مصطفیٰ ﷺ کے نفاذ، مقام مصطفیٰ ﷺ کے تحفظ، علوم دینیہ کے فروغ اور اتحاد بین المسلمین کے لئے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ آپ کے

وصال سے عالم اسلام ایک عظیم عالم دین، دانشور اور قابل قدر شخصیت سے محروم ہو گیا ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ پاک مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور ان کی مساعی جمیلہ کو شرف قبولیت بخشے جملہ پسماندگان کو مرحوم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے اور تمام لواحقین کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆☆☆

راجہ محمد عبدالقیوم خان وزیر خوراک و زراعت حکومت ریاست جموں و کشمیر

حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی ملت اسلامیہ کے عظیم مفتی اور محدث تھے۔ آپ نے پاکستان میں نظام مصطفی ﷺ کے نفاذ اور مقام مصطفی ﷺ کے تحفظ اور علوم اسلامیہ کے فروغ اور احیاء دین، مسلمین کے لئے گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور و شیخوپورہ آپ کی عظیم یادگار ہیں جہاں سے بے شمار علماء، قراء و حفاظ علوم دینیہ سے مالا مال ہو کر اس وقت ملک و بیرون ملک اسلام کی خدمت کر رہے ہیں۔ حضرت مرحوم عالم اسلام کے عظیم سرمایہ اور آسمان علم و عمل کے درخشندہ ستارہ تھے۔ ان کی وفات سے عالم اسلام ایک بلند پایہ محقق و مفکر، دینی رہنما و عظیم روحانی پیشوا سے محروم ہو گیا ہے اس دور میں آپ کا وجود اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت تھی۔

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے اس سچے عاشق و محب کے درجات بلند سے بلند فرمائے اور ان کے پسماندگان و لواحقین کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆☆

مفتی منصور الرحمان (وزیر اوقاف، ثقافت و سیاحت آزاد کشمیر مظفر آباد)

حضرت مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کی دینی و ملی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ مرحوم کا تحریک ختم نبوت و تحریک نظام مصطفی میں اہم کردار رہا ہے۔

آپ نے علوم دینیہ کی اشاعت اور عشق مصطفی ﷺ کی شمع کو فروزاں رکھنے اور ملت اسلامیہ کے اتحاد اور دینی مدارس کی بقاء کے لئے کارہائے نمایاں انجام دیئے۔

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور و شیخوپورہ آپ ہی کی جہد مسلسل کا نتیجہ ہیں جہاں سے بے شمار علماء پیدا ہوئے ہیں جو اس وقت دنیا کے گوشے گوشے میں اسلام کی خدمت انجام دے رہے ہیں، حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی عالم اسلام کے عظیم سرمایہ اور علم و تقویٰ کے آفتاب و مہتاب تھے جن سے ہزاروں افراد نے فیض پایا۔ آپ کا تعلق اہل حق کے اس گروہ سے تھا جنہوں نے پاکستان بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ آپ کی وفات سے عالم اسلام ایک عظیم مذہبی قائد اور روحانی مقتدا سے محروم ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے لواحقین و متعلقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے [illegible] اور مرحوم کے درجات کو بلند فرمائے۔

☆☆☆☆☆☆☆

قاضی محمد مظفر اقبال مصطفوی رضوی، چیئرمین رویت ہلال کمیٹی پاکستان

آج میں بڑے دکھی اور بوجھل دل کے ساتھ یہ چند سطور تعزیت و تسلیت آپ کو لکھ رہا ہوں، حضرت مولانا کا یہ انتقال پر ملال کوئی معمولی سانحہ نہیں، یہ ایک عظیم المیہ ہے جس سے صرف آپ کو ہی نہیں بلکہ ہر شخص جسے تعلقات کی سعادت حاصل رہی ہو رنجیدہ و کبیدہ خاطر ہوا ہے۔ اس صدمہ کے اثرات تادیر قائم رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے کسے دم زدن کی مجال ہے؟ وہ اپنے کاموں کی حکمت خود ہی بہتر جانتا ہے کسی کی رسائی وہاں تک نہیں۔

وہ میرے بزرگ، مسلکی و ملی ساتھی تھے تحریکوں میں بھی، میں ان کے ہمسفر رہا۔ انہوں نے اوائل تا آخر عظیم زندگی گزاری، بلکہ یوں کہا جائے تو بہت بہتر ہوگا کہ انہوں نے زندگی کے مقصد کو جان لیا، پہچان لیا، بلکہ پالیا انہوں نے عظیم دینی خدمات کا اعزاز حاصل کر کے اپنی آخرت کو سنوار لیا۔

دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے حبیب لبیب ﷺ کے طفیل ان کی تمام مساعی جمیلہ محمودہ کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت سے نوازے اور اعلیٰ علیین میں انہیں مقام عالی و کرامت سے نوازے۔ آمین ان کی رحلت کے بعد ان تمام ذمہ داریوں کو "جامعہ" میں کر بطریق احسن سرانجام دینا آپ پر بہت بڑا قرض ہے۔

اس وقت سب سے اہم ضرورت اور وقت کا تقاضا اتفاق و اتحاد کی ہے۔ جامعہ کے اراکین اور دیگر حضرات نظامیہ میں خیر و شر سے متفق رہیں اور اس اتفاق میں کسی بھی دراڑ سے بڑے اور بڑے چھوٹوں کے سروں پر دست شفقت رکھیں اور چھوٹے بڑوں کے احترام میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں، یہی سب سے بڑی طاقت ہوتی ہے۔

ز اتفاق کسی شد مقصود پیدا
خدا چو ملت خیری ده اتفاق نهاد

☆☆☆☆☆☆☆

پیر مشتاق احمد الازہری، پرنسپل جامعہ محمدیہ نوریہ [illegible] سرگودھا

پیکر خلوص و محبت، وارث علوم اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے وصال پر ملال پر صرف میں ہی نہیں بلکہ پورا عالم اسلام اشکبار ہے۔ اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے مشن پر اپنی زندگی کا لمحہ لمحہ قربان کرنے والی شخصیت جہاں اپنی ذات کی فرد واحد سے دوچار زندگی ہے وہاں ساتھ ہی ساتھ ہزاروں بلکہ لاتعداد لاکھوں اہل علم کا ایک ہجوم تیار کر کے جا رہے ہیں جن کی زبان سے قبلہ مفتی صاحب کا پیغام اسلام امت محمدیہ تک پہنچتا رہے گا اور عاشقان دین مصطفیٰ کا یہ خوبصورت ہجوم امت مسلمہ کی تقدیر کو بدلنے میں انشاء اللہ موثر ہوگا اور آئندہ آنے والے وقت میں مفتی اعظم کا یہ صدقہ جاریہ حصہ ہوگا۔ فقیر نے جب مصر میں اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی پر سب سے پہلا ایم فل کا مقالہ تحریر کیا تو اس فقیر کی حوصلہ افزائی کے لئے جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں خصوصی تقریب منعقد کروائی گئی اور جن خوبصورت الفاظ میں اس فقیر کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ اس فقیر کو چھ سال کے دوران آنے والی

ساری پریشانیاں ختم ہو گئی اور یہ حوصلہ افزا کلمات آخری سانس تک فقیر یاد رکھے گا۔ حقیقت میں ایسی روحانی شخصیات کے اس خوبصورت پیار کی وجہ سے گلشن اسلام میں بہار رہتی ہے۔

مولا کریم اپنے محبوب کریم کے صدقے اہل سنت وجماعت اور دینی خدمات کے بدلے مفتی صاحب کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صاحبزادہ پیر محمد اقبال ہمدمی ناظم اعلیٰ جامعہ عربیہ حنفیہ چھانگا مانگا

حضرت علامہ مولانا مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علم دینی اور روحانی کا عظیم سرمایہ تھے کہ ان کی اس دار فانی سے رحلت سے اہل سنت کو عظیم نقصان ہوا جس کی تلافی ناممکن ہے۔ دعا ہے کہ اللہ ان کے درجات کو بلند فرمائے اور ان کے لواحقین اور تلامذہ کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان کے مشن کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حافظ محمد نصیر الدین نوری جامعہ نوریہ تعلیم القرآن [illegible] شاہدرہ

استاذ العلماء مفتی اعظم شمس العلماء فخر اہل سنت حضرت علامہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ آپ اہل سنت وجماعت کے عظیم سپوت اور جماعت اہل سنت کے عظیم علمی روحانی شخصیت تھے ان کے وصال سے علمی، روحانی میدان میں جو کمی واقع ہوئی ہے۔

وہ ہزاروں سال میں پوری ہونا ناممکن ہے۔ ہمارے ایک عظیم شخصیت کی کمی ہے جو صدیوں کی جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا ہے اللہ تعالیٰ قبلہ مفتی صاحب کے مزار پر انوار پر لاکھوں رحمتوں کا نزول فرمائے اور ان کے دینی علمی مشن کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے آمین بجاہ النبی الکریم۔

سیٹھ محمد بخش، ننکانہ ضلع شیخوپورہ

زندگی انسان کی ہے مانند مرغ خوش نوا
شاخ پر بیٹھا کوئی دم، چہچہایا، اڑ گیا

(زندگی کی شاخ کتنی نازک ہے لیکن پھر آدمی [illegible] کی بنا پر [illegible] رہتی ہے اور آپ خلوص عمل اور جہد مسلسل سے تادیر یادگار رہتی ہے اور اس سے ایک رہنمائی ملتی ہے۔ جب انسان ہے قبلہ مفتی محمد عبدالقیوم صاحب کی ذات ستودہ صفات احسن اخلاص، اخلاق کا مرقع تھی جس سے [illegible] فیض یاب ہوا اور ان سے علمی [illegible] اور دینی کاوشوں سے [illegible] علام مستفید ہوتا رہے گا۔ ان کا فیض اور سرچشمہ علم و عمل ہمیشہ جاری رہے گا۔

اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین [illegible] کی موت، عالم کی موت ہے۔ لیکن اس میدان میں جو خلا ہے کس دل [illegible] ہے۔ ہر جان کو موت چکھنی ہے

[illegible]

☆☆☆☆☆☆☆

حافظ محمد شریف جمالی، حبیب آباد، سکھر

ثنائے محمد جہاں اے پھر [illegible]
[illegible]

موت العالم موت العالم، حضور قبلہ مربی و مرشدی استاذ العلماء شیخ الحدیث مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب [illegible] اس دار فانی سے دار بقا کی طرف رخت سفر اختیار کرنا ایک ایسا خلا ہے جس کا ازالہ صدیوں میں بھی ناممکن ہے۔ یوں سمجھئے کہ حضور کے دم سے پورا پاکستان علوم [illegible] ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین بجاہ طٰہٰ و یٰس)

☆☆☆☆☆☆☆

علامہ عبدالخالق صدیقی، باغبانپورہ، لاہور

مفتی اعظم پاکستان کے ساتھ میں نے کافی وقت گزارا ہے۔ آپ سے تعلق بہت گہرا کر لیا ہے۔ میرے ساتھ چین میں سفر [illegible] میں سوئٹزرلینڈ میں بھی۔

مولانا محمد واحد بخش سعیدی، جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

آپ کو علوم حدیث پر پوری دسترس حاصل تھی۔ اور آپ کو خداوند تعالیٰ نے جو علمی ملکہ عطا فرمایا تھا شاید پوری دنیا کے علماء کو نصیب ہو۔

☆☆☆☆☆☆☆

مولانا صوفی غلام سرور قادری، مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ، لاہور

جس سے بہار تھی وہ ہمیں داغ مفارقت دے گئے اور جب سے سروسامان چھوڑ کر چل بسے مفتی اعظم پاکستان علیہ الرحمہ کے انتقال پر ملال سے پورے جہاں کو غم سے نڈھال کر دیا ہے۔

قاری محمد اسلم نقشبندی خطیب جامع مسجد [illegible] ہسپتال لاہور

حضرت مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی جہد مسلسل اور عمل پیہم سے عبارت تھی وہ آسمان علم کا درخشاں ستارہ تھے، جامع معقول و منقول تھے، دار العلوم جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور و شیخوپورہ ان کی علمی یادگار ہے۔ تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان ان کا تنظیمی شاہکار ہے۔

☆☆☆☆☆☆

مولانا محمد یعقوب رضوی، ناظم اعلیٰ اسلامک سنٹر، گجرات

حضرت مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ کے وصال سے مجلس علم و عمل ویران سی ہو گئی [illegible]

تعالیٰ حضرت مفتی اعظم رحمۃ اللہ کے درجات کو بلند تر فرمائے اور ان کے صبر جمیل پر اجر جزیل عطا فرمائے۔ اہلسنت کا یہ نقصان ایک عرصہ تک پورا نہ ہو سکے گا فقیر اس غم میں شریک ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

مولانا محمد طاہر سیالوی شمس العلوم جامعہ رضویہ کراچی

ہمارے مربی و محسن بے پناہ شفیق و راہنما تھے۔ مدرس کبیر ورجال سے کیا کیا خوبیوں کے مالک تھے بہت ہی محبت فرماتے وہ ہر شاگرد کے کام پر نظر رکھتے۔ تدریسی معاملات پر کسی بھی اہم میٹنگ کو ترجیح نہ دینے والے جامعات کے ہر ناظم کو اپنی نظر میں رکھنے والے رضویت کا دل پاس رکھنے والے استاذ گرامی جس طرح عظیم شاگرد تھے اسی طرح عظیم شاگرد گر تھے اسی طرح عظیم استاد بھی تھے۔

اپنے استاذ گرامی سے بے پناہ محبت فرماتے تھے، یہی وجہ ہے کہ جو شاگرد آپ سے رابطہ قائم کرتا آپ کا گرویدہ ہو جاتا اور اس بات پر فخر کرتا کہ فلاں کے بیٹے بھی ہیں جو آپ سے سوال تو نہ پوچھ سکے مگر آپ کے تدریسی انداز سے واقفیت رکھتے تھے مگر اس عظیم سانحہ ارتحال پر دوسرے غم میں مبتلا دیکھ کر دورہ سے میں آنے سے پہلے یہ ضرور سوچتا تھا کہ قبلہ مفتی صاحب علیہ الرحمہ مصروفیات کے بارے پوچھیں گے تو کیا جواب ہوگا یہ شخص یہی سوچتا تھا کہ قبلہ مفتی صاحب کی ہم پر نظر ہے مفتی صاحب کے چلے جانے سے جس طرح اہلسنت کے غم کو دیکھا ہے مجھ جیسے ناکارہ لوگ بھی بے لگام ہو جائیں گے تدریسی عمل میں مفتی صاحب کا ڈر کم ہو جانے کے خوف کو دور کرنے کیلئے اپنے روحانی باپ کو اپنا پیشوا مانا کر ہم یہ کام عمدہ کر سکتے ہیں دعا ہے اللہ تعالیٰ قبلہ مفتی صاحب کا روحانی سایہ ہمارے سروں پر قائم رکھے اور ان کا فیض جاری فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆☆

مولانا نثار احمد شاکر، مدرس جامعہ عربیہ حنفیہ چھانگا مانگا

حضرت قبلہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ کی شخصیت ایک مجسمہ تنظیم و تحریک تھی۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبر انور پر ہزار ہا رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین یہ استقامت کا پہاڑ علوم دینیہ کا کوہ گراں، مجسمہ شرافت و کرامت پیکر شفقت و محبت چانک علم کا سورج ہم سے چھپ گیا اللہ تعالیٰ نعم البدل ہم کو عطا فرمائے۔

☆☆☆☆☆☆☆

حافظ سجاد احمد ہریالوی، فاضل جامعہ نظامیہ رضویہ

میرے استاذی المکرم حضرت مفتی اعظم پاکستان عاشق رسول حضرت مفتی عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمۃ ایک عظیم عالم دین تھے ہزاروں کی تعداد میں آپ کے شاگرد وطن عزیز میں اور ملک سے باہر دینی خدمت و دینی مشن سرانجام دے رہے ہیں۔

ان کے چلے جانے سے اہلسنت یتیم ہو گئے ہیں۔ خلا کبھی پر نہ ہو سکے گا۔ اللہ کریم ان کی قبر پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین

لہ میں عشق ہر کا دیا لے کے چلے
اندھیری رات سی تھی جہاں سے کے چلے

☆☆☆☆☆☆☆☆

حافظ محمد صدیق سعیدی، چکری شریف، راولپنڈی

حضرت قبلہ مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مسلک اہلسنت کا وہ پرچار کیا کہ دور حاضر میں اس کی مثال نہیں ملتی آپ نے علوم دینیہ کی اشاعت و ترویج کے لئے وہ عظیم گلستان جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور شیخوپورہ کی صورت میں دیا جو اہلسنت کو مرحمت فرمائے

ان شاء اللہ وہ رہتی دنیا تک قائم رہیں گے اور تشنگان علم ان سے سیراب ہوتے رہیں گے۔

قبلہ مفتی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نہایت مشفق انسان تھے۔ آپ کی ذات تعصب اور بے جا مخالفت کی بو سے منزہ و مبرا تھی۔ اللہ تبارک و تعالیٰ آپ کی مرقد انور پر ہر آن رحمت کا نزول فرمائے۔ آمین

میرے حوصلوں کو بڑھانے والا کوئی اور بھی مل جائے شاید
لاؤں مگر کہاں سے تیرے جیسا مخلص راہنما

حافظ افتخار احمد جٹ، لاہور

مفتی اعظم پاکستان ہمارے استاذ ہی نہیں تھے بلکہ بڑے شفیق اور مہربان بھی تھے۔ ان کے وصال فرمانے سے ہم ایک شفیق اور مہربان سے محروم ہو گئے۔

☆☆☆☆☆☆☆

حافظ محمد رضاء الحق، لاہور

مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ علیہ بڑے مشفق اور مونس اور غمخوار انسان تھے۔

☆☆☆☆☆☆☆

حافظ محمد شہزاد ہاشمی، لائبریرین جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور۔

مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی ایک فرد واحد کا نام نہیں ایک انجمن اور ایک تحریک کا نام ہے اسی طرح آپ کی موت بھی فرد واحد کی موت نہیں بلکہ موت العالم موت العالم کے مصداق ایک جہان کی موت ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مفتی اعظم پاکستان رحمہ اللہ علیہ

کے وصال پُر ملال پر

اندرون و بیرون ممالک سے

موصول ہونے والے تعزیتی خطوط

[illegible]

شہزادہ گرامی منزلت زید مجدہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ فقیر کو معلوم نہ تھا آپ سے تعلق ہے۔ محترم سید وجاہت رسول قادری صاحب سے پتا تو معلوم ہوا بہت قلق ہوا کہ اب تک آپ کی تعزیت نہ کر سکا۔ ضعف و علالت کی وجہ سے حاضر بھی نہ ہو سکا۔

آپ کے والد ماجد کی اچانک مفارقت ہم سب کے لئے سوہان روح ہے۔ حیف۔

دل پہ وہ داغ ہے کہ دکھائے نہ بنے
اور چاہیں کہ چھپا لیں تو چھپائے نہ بنے

وہ پیکر خلوص تھے، وہ عمل پر یقین رکھتے تھے، اسم و رسم سے بیزار تھے، وہ بے غرض تھے کہ کیا متحرک کوئی کام نہ رکتا، وہ مظہر حیات تھے، وہ ہم سب کے لئے باعث افتخار تھے۔ تصنیف، تدریس و تقریر، تعمیر و تزئین اور انتظام و انصرام میں جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہمیشہ یادگار رہیں گے۔

ان کا اٹھ جانا جہاں کا اٹھ جانا ہے [illegible] وہ یہاں سے چلے گئے مگر وہاں ابدی عیش و آرام میں ہیں جس کا ان سے وعدہ کیا گیا تھا جہاں [illegible] ہے۔ [illegible] خوشخبری دی ہیں۔

وابشروا بالجنۃ التی کنتم توعدون

اللہ اپنے بندوں کو تنہا نہیں چھوڑتا وہ ہر دم ساتھ ساتھ ہے اس کے علاوہ فرشتے ساتھ ساتھ ہیں۔ ان کی معیت ہوتے ہوئے پھر مفارقت کا کیا غم! [illegible] صاحب و آرام [illegible] اللہ کا [illegible] رسیدہ ہیں [illegible] اللہ کے قریب ہو جاتا ہے یہ دولت اللہ نے اپنے محبوبوں کو عطا فرمائی، جو سب سے زیادہ محبوب ہے اس کو سب سے زیادہ عطا فرمائی اس لئے یہ [illegible]

[illegible] کے قائل ہیں۔ حضرت اہل اللہ کو الہام سے دیدار و الہام میں القاءات حق ہے کہ یہ شائبہ حظ نفس سے خالی ہے۔ مولیٰ تعالیٰ ہر حال میں اپنی رضا پر راضی رکھے آمین!

فقیر کی طرف سے والدہ محترمہ مدظلہا، برادران و ہمشیرگان، تمام متعلقین و محبین سے دلی تعزیت کریں۔ فقیر آپ سب کے غم میں برابر کا شریک ہے بلکہ یہ غم تو فقیر کا اپنا غم ہے، حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ رہ رہ کر یاد آ رہے ہیں۔

[illegible]

مولیٰ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ کو اپنے جوار اقدس میں مقام ارفع عطا فرمائے اور آپ سب کو صبر و استقامت عطا فرمائے آمین۔ سب کی خدمت میں سلام اشتیاق عرض کریں۔

فقط والسلام

احقر محمد مسعود احمد عفی عنہ

ادارہ مسعودیہ کراچی

☆☆☆☆☆☆☆☆

بحضور گرامی مکرمی مولانا محمد [illegible] بخش قصوری زید مجدہ

مکرمی زید عنایتکم — السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

[illegible]

مفتی صاحب ہم میں نہیں مگر وہ ہماری آنکھوں میں ہیں ہمارے خیالوں میں ہیں ہمارے دلوں میں ہیں، ہماری یادوں میں ہیں۔

[illegible]

[illegible]

وہ پیکر حیات تھے ان کو دیکھ دیکھ کر حوصلے بڑھتے تھے ہمتیں بلند ہوتی تھیں۔ تھوڑے سے وقت میں بہت کچھ کر گئے بہت سے تعلق والے گئے [illegible] کے مثل قدر ستاروں کی طرح اندھیروں میں راہیں دکھاتے رہیں گے۔ وہ علم و دانش کا [illegible] تھے وہ حوصلوں کا ماہتاب تھے وہ [illegible] کا آفتاب تھے [illegible] میں جو لوگوں کے لئے مثال رہے تھے ان کو بھی [illegible] کہاں جو ان کی یاد آتی تھی [illegible] کام [illegible] علوم [illegible] رہے گا

جیتے جیتے تھمیں گے آنسو
مرنا ہے یہ کوئی ہنسی نہیں ہے

وہ ہر روز یاد آ رہے ہیں [illegible] مولیٰ تعالیٰ ان کی قبر شریف کو نور سے بھر دے، ان کی حسنات کو قبول فرما کر بلند درجات عطا فرمائے اور ہم سب غم زدوں کو صبر و استقامت عطا فرمائے۔ آمین دعاؤں میں یاد رکھیں۔ حاضرین مجلس کو سلام کہہ دیں سب اساتذہ کرام اور طلبہ کو سلام کہتے ہیں اور فقیر [illegible] کی تعزیت اور [illegible] پیش کرتا ہے۔ فقط والسلام

ڈاکٹر محمد مسعود احمد، ادارہ مسعودیہ، کراچی۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

محترم و مکرم زید مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مفتی صاحب کی اچانک جدائی سے اہل سنت پر ایک قیامت گزر گئی۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

یہ فرد یا افراد کا غم نہیں یہ جماعت کا غم ہے، کون کس کے غم میں شریک ہو، کون کس کے سامنے آنسو بہائے کہ سب ہی اشکبار ہیں۔

آئے بھی اور گئے بھی وہ لے کر [illegible]
[illegible] کیا کیا نہ ہوا ہم کو خبر ہونے تک

[illegible] بھی ہے [illegible] جب تک [illegible] علم و [illegible] میں بھی اس کا انعام ہے [illegible] برداشت [illegible] اس کا کرم ہے کہ علم دیا اور علم کے ساتھ ساتھ قوت برداشت بھی دی۔

تیرا کرم کہ تو نے دیا دل کا [illegible] دیا

مفتی صاحب [illegible] کے [illegible] سال کے [illegible] باعث افکار اور [illegible] کے شمع فروزاں تھے [illegible] شمع علم [illegible] روشنی [illegible] ہے اندھیروں میں اجالا ہوتا ہے۔ [illegible] فقیر کی طرف سے مفتی صاحب کی [illegible] اکابر ہیں سب کی [illegible] تعزیت فرما دیں۔ مولیٰ تعالیٰ مفتی صاحب کو اپنے مقام قرب میں بلند سے بلند درجے عطا فرمائے اور سب کو بالخصوص متوسلین کو صبر و استقامت ارزانی فرمائے۔ آمین مولا نے کریم ہر حال میں اپنی رضا پر راضی رکھے اور صبر کی دولت سے مالا مال فرمائے۔ آمین صبر کا کتنا عظیم اجر عطا فرمایا اپنی معیت کی خوشخبری سنائی۔ بے شک وہ ہمارے ساتھ ہے، جہاں ہم ہیں وہ ہمارے ساتھ ہے اپنے کرم سے ہم کو تنہا رکھتا ہی نہیں۔ مولیٰ تعالیٰ اپنی معیت سے دلوں کو بیدار کر دے۔ آمین!

وہ ہمارے قریب ہوتے ہیں
جب ہمارا پتہ نہیں ہوتا

دعاؤں میں یاد رکھیں اپنی یادوں سے مفتی صاحب کی یاد کو تازہ رکھیں۔ تمام اساتذہ کرام اور حاضرین مجلس کو فقیر کا سلام کہیں۔

فقط والسلام شریک غم

ڈاکٹر محمد مسعود احمد (کراچی)

محترم و مکرم مدیر نظامیہ — السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

لاہور سے ایک عزیز نے ان پر حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ کے سانحہ ارتحال کی خبر دی۔ دل رنج و غم میں ڈوب گیا یقین نہ ہوتا تھا۔ سیدی استاذی پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب مدظلہ العالی کی زبانی بھی سنا تو یقین ہوا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

دل سے قرآن خوانی و تحسین اتمام ہیں۔ حضرت مفتی صاحب کی جدائی ملت کا عظیم المیہ ہے۔ رب کائنات درجات بلند فرمائے اور اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی رفاقت و شفاعت نصیب فرمائے۔ آمین

اہل سنت پر مرحوم کے بڑے ہی احسانات ہیں۔ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمہ کے مشن کو برقرار رکھا تھا اور اسی مشن کی تکمیل میں آپ نے جان بھی دے دی۔

۲۲ اگست ۲۰۰۳ء کو آپ کا گرامی نامہ فقیر کے نام موصول ہوا۔ ساتھ میں ایک استفتاء کا جواب بھی تحریر ہے۔ نامعلوم یہ حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ کا آخری مکتوب اور آخری فتویٰ ہو۔ فقیر پر بڑا کرم فرماتے تھے فقیر بھی ان سے برابر سرپرستی رکھتا تھا۔ دوران تصنیف و تالیف پیش آنے والے اشکال پر آپ ہی سے رجوع کرتا اور بعض امور پر استفتاء کر کے فتویٰ بھی حاصل کرتا۔

فقیر راقم کو مدرسہ تعلیم القرآن لیفٹیننٹ ... کراچی میں اعزازی مدرس کی حیثیت سے تعلیم و طلباء کے طور پر جناب کو قرآن کریم اور علوم اسلامیہ پڑھاتا ہے جب اطلاع ملی تو درس روک کر قرآن خوانی شروع کر دی گئی پھر تین دن کی تعطیل کا اعلان کر دیا گیا۔ صبح فقیر حضرت مسعود ملت مدظلہ العالی کی خدمت میں حاضر ہوا اور اظہار افسوس کیا۔ حضرت مسعود ملت نے فرمایا کہ مفتی صاحب کا جانا اہل سنت کا ایک بڑا نقصان ہے وہ بہت عظیم کام کر رہے تھے۔

حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ علم پرور شخصیت کے مالک تھے، وہ علماء و طلباء سب پر شفقت فرماتے تحریری و تحقیقی کام کرنے والوں کو سبقت دیتے خصوصی توجہ اور برابر حوصلہ افزائی

فرماتے خصوصاً اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی علیہ الرحمہ کے حوالے سے کسی بھی تصنیفی تحقیقی کام پر بے حد خوشی کا اظہار فرماتے اور مزید کام کرنے کی لگن اور جذبہ پیدا کر دیتے تھے اسی نسبت سے فقیر پر بھی بڑا کرم فرماتے تھے۔

جب جدید فارسی سیکھنے کی غرض سے فقیر نے خانہ فرہنگ ایران میں داخلہ لیا اور قبلہ مفتی صاحب کو اطلاع کے لیے عریضہ لکھا اور ساتھ ہی ایک خواہش کا اظہار کیا تو آپ بہت خوش ہوئے اور تحریر فرمایا کہ ضرورت کے لیے فیض مسلم ہے ... بھی تک میرے علم میں نہیں کہ کسی نے ... فارسی میں یاد کیا ہو۔۔۔

حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ ہر مکتوب کا جواب دیتے اور جذبہ پیدا کرتے تھے کسی سے فقیر سے متعلق تنقیدی خط ... کر کے بھیج دیا جب یہ حضرت مفتی صاحب کے پاس پہنچا تو آپ نے تحریر فرمایا کہ کام کرنے والوں کے ساتھ ہمیشہ سے یہ ہوتا چلا آیا ہے آپ کسی کے جواب سوال در جواب در جواب میں نہ پڑیں۔ پہلے کی طرح کام کرتے رہیں مخالفین و حاسدین خود شرمندہ ہو کر خاموش ہو جائیں گے۔ کیونکہ فقیر ان سب مراحل سے گزر چکا ہے۔

ستر سال کی عمر ہو چکی تھی مگر جوانوں کی طرح چاک و چوبند نظر آتے، خوش مزاج و خوش دل طبیعت پائی تھی، چھوٹا ہو یا بڑا ہر کسی سے ملتے خوش مزاجی فرماتے اور مخلصانہ مشوروں سے نوازتے۔ بہت سادہ طبیعت تھے، سب کو پیار دیتے جس سے ملتے تو ... کا چاہنے والا ہو جاتا۔

فقیر لاہور حاضر ہوتا تو قدم بوسی کرتا، بہت شفقت فرماتے، نئے نئے عنوانات پر کام کی طرف توجہ مبذول کراتے، حاضرین سے تعارف کراتے ہوئے فرمایا کرتے تھے کہ یہ مسعودی شیخ ہیں۔ فقیر تو کسی گنتی میں نہیں آتا مگر یہ حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ کی صفت علم پروری کی چھوٹی سی جھلک ہے۔

مولائے کریم کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے، اپنے حبیب کریم ﷺ کی شفاعت و رفاقت عطا فرمائے۔ آمین۔ فقیر آپ سب کے غم میں برابر کا شریک ہے، اور تعزیت پیش کرتا

ہے...... ان کی یادیں، ان کی باتیں، ان کی ملاقاتیں سب رہ رہ کر یاد آتی ہیں

کسی صورت سے بھولا ہی نہیں

آہ! یہ کس کی یادگاری ہے!

یہ غم کسی خاندان کا نہیں، پوری اہل سنت کا غم ہے۔ ان کی شخصیت شرافت و علمیت کا پیکر تھی اور ان کی صحبت [illegible] ہو گی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب مرحوم علیہ الرحمہ کی تربت پاک پر اپنے انوار و تجلیات کی بارش فرمائے۔ ان کے سب [illegible] اہل سنت کو اس صدمہ جانکاہ پر صبر و استقامت عطا فرمائے۔ آمین   پسماندگان اور حاضرین کو سلام

والسلام علیکم   اقبال احمد اختر القادری

گلشن احمد رضا کراچی

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

محترم مقام حضرت علامہ محمد صدیق ہزاروی صاحب، حضرت مولانا حافظ [illegible] صاحب

قاضی عبدالواحد صاحب، مولانا حافظ جمشید صاحب

سلام مسنون

سانحہ ارتحال استاذ العلماء، محسن اہل سنت مفتی اعظم پاکستان حضرت سیدنا الکریم قبلہ مفتی محمد عبدالقیوم صاحب ہزاروی کا وصال شریف دین اسلام کے لئے عموماً اور اہل سنت کے لئے خصوصاً عظیم سانحہ اور ناقابل تلافی نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل قبلہ مفتی صاحب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔ اور متعلقین کو صبر جمیل کی نعمت سے نوازے۔

۲۸ اگست ۲۰۰۳ء بروز [illegible] بعد عصر دارالعلوم [illegible] جنوبی افریقہ میں تعزیتی اجلاس ہوا۔ جس میں قبلہ مفتی صاحب مرحوم کے عظیم کارناموں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اور ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی ہوئی۔ ان شاء اللہ قرآن خوانی کا یہ سلسلہ چالیسویں تک جاری رہے

گا۔ [illegible] اراکین اور اقارب کو میری طرف سے تعزیتی کلمات پیش کر دینا۔ والسلام

محمد اکبر ہزاروی خادم دارالعلوم [illegible]

جنوبی افریقہ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صاحبزادہ عبدالمصطفیٰ رضوی ہزاروی صاحب زید مجدہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ   بفضل باری تعالیٰ بخیر و عافیت ہے۔

رات 26/8/03 منگل کو جامعہ نظامیہ رضویہ کے معلم حافظ قاری محمد ہارون چشتی صاحب سے ایک کرب ناک خبر سنی کہ مفتی اعظم پاکستان سرمایہ اہلسنت یادگار محدث اعظم پاکستان حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی اس دار فانی سے 48 سال تک درس حدیث دے کر دار البقاء کی جانب رحلت فرماتے ہوئے اپنے رب کریم جل جلالہ کے ہاں تشریف لے گئے ہیں حضرت صاحبزادہ صاحب یہ خبر انتہائی صدمہ کی تھی تاہم قانون خداوندی حق ہے انسان بے بس ہے اف کرنے کی بھی مجال نہیں اور ہمارے مفتی صاحب دیگر صالحین تو ویسے زیادہ قبر میں [illegible] کر فیضان عطا فرماتے ہیں دو آخری ملاقات ناقابل برداشت ہوتے ہیں ہر اولاد کے لئے مگر آپ حضرت ہمارے بزرگ اور صابرین کی جماعت کے سربراہ ہیں آپ کو صبر کیلئے کہنا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔

صبر ہمارا [illegible] ہے کہ محمد مفتی صاحب علیہ الرحمۃ کو کون بھول سکتا ہے یقیناً مفتی صاحب نم کنومۃ العروس کے مصداق ہو چکے [illegible] ایک عظیم دینی روحانی شخصیت سے محروم ہو گئے۔ عالم کی موت واقعی عالم کی موت ہے۔ جیسے کہ ہم نے بھی دارالعلوم میں قرآن خوانی، فاتحہ خوانی دعائے مغفرت کا اہتمام کیا مولیٰ تعالیٰ قبول فرمائے۔

حضرت استاذ العلماء علامہ مولانا حافظ محمد عبدالستار سعیدی صاحب و دیگر جامعہ کے احباب

رضویہ کی تنظیمات و متعلقین کے اس غم میں فقیر اور دیگر احباب شریک ہیں۔ سب مل کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ مفتی صاحب کے صدقے ہماری آخرت اور دنیا بھی کرے۔ حضرت نے فیض [illegible]
سے مستفیض فرمائے۔ اور حضرت کے درجات بلند فرمائے۔

فقط والسلام مع الاکرام — محتاج الدعا الفقیر ابوالنصیر محمد بشیر نقشبندی [illegible]

خطیب مرکزی جامع مسجد [illegible]

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بخدمت گرامی قدر حضرت صاحبزادہ صاحب و علامہ محمد صدیق ہزاروی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ... مزاج گرامی

مدینہ	کہاں	اور	کہاں	میری	قسمت
یہ	سب	انہی	کی	مہربانیاں	ہیں

سحری افطار کے وقت یہ خبر سن کر بہت دکھ ہوا کہ حضرت علامہ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی صاحب (جنہیں رحمۃ اللہ علیہ لکھتے قلم بھی رو رہا ہے) رحمۃ اللہ علیہ انتقال کر گئے ہیں۔ ان کو لکھنے کی کیفیت طاری رہی اور [illegible] انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کی دینی، علمی اور مسلکی خدمات کا فیضان جاری رکھے۔ ان کے خاندان کے جملہ احباب جامعہ نظامیہ رضویہ کے اساتذہ کرام اور ان کے تلامذہ و حضرات کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

راقم نے روضہ رسول کریم کی حاضری کے وقت نہ صرف خود دعا و ایصال ثواب کیا بلکہ اپنے پاکستانی آشنا و عشاق رسول جو حرم میں تھے ان سے بھی دعائیں کروائیں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین۔ یہ سانحہ مسلک اہلسنت، حضرت علامہ مفتی صاحب علیہ الرحمہ کی موت بمصداق "موت العالِم موت العالَم" ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے لگائے ہوئے پودوں کو پروان چڑھائے۔
آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

جمیع متعلقین سے علاوہ ازیں جامعہ کے حضرت اساتذہ عظام و ابناء [illegible] طلباء کرام اور منتظمین دارالعلوم اہلسنت کے تمام حضرات کی خدمت میں بھی السلام علیکم کے بعد قلبی تعزیت۔

والسلام

دعاگو و دعا کا محتاج ابوالاسلام محمد بشیر مصطفوی عفااللہ عنہ

نزیل مدینۃ المنورہ

☆☆☆☆☆☆☆

حضرت علامہ مولانا محمد عبد الحکیم شرف قادری صاحب مدظلہ العالی ... مدرسین و منتظمین جامعہ نظامیہ رضویہ لوہاری گیٹ لاہور [illegible] کی خدمات میں غم و اندوہ سے بھرا ہوا سلام
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ومغفرتہ۔ الحمد للہ
رب العلمین علی کل حال

یہ لکھتے وقت میں پاکستان سے باہر ہوں، کسی اسلامی بھائی سے اتفاقاً ٹیلیفون سے انٹرنیٹ پر مفتی صاحب کے وصال کی خبر پڑھی۔ میں اس غم میں ڈوب گیا۔ آہ! پاکستان میں علم کا آفتاب غروب ہو گیا۔ سرمایہ اہلسنت حضرت استاذ العلماء، شیخ الحدیث والفقہ، حضرت علامہ مولانا مفتی عبد القیوم ہزاروی علیہ رحمۃ اللہ القوی پاکستان کے مفتی اعظم ہونے کے علاوہ بہت کچھ تھے۔ اللہ عزوجل مرحوم پر لاکھوں رحمت فرمائے۔ ان کی اور ان کے صدقے ہم سب کی مغفرت فرمائے۔ آپ سب کو صبر جمیل پر اجر جزیل مرحمت کرے۔ اللہ عزوجل مرحوم کی خدمات اسلامی بالخصوص فتاویٰ رضویہ شریف کی انمول خدمت کو شرف قبولیت بخشے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

دعوت اسلامی کے اسلامی بھائیوں کی طرف سے حضرت مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی علیہ رحمۃ اللہ القوی کے لئے ایصال ثواب

قرآن پاک	4ہزار99
درود پاک	3 کروڑ60لاکھ31ہزار

سورۃ الملک	3 ہزار 7 سو 69
سورۃ یاسین شریف	2 ہزار 6 سو 58
سورۃ مزمل	2 ہزار 8 سو 89

محمد الیاس قادری

امیر دعوت اسلامی پاکستان

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ

بشرف نگاہ، جناب مولانا عبدالستار سعیدی صاحب (جامعہ نظامیہ رضویہ)

مدرسۃ المدینہ (217) شاخوں کے اساتذہ و طلباء کی جانب سے تنظیم المدارس پاکستان کے صدر اور شیخ الجامعہ و ناظم اعلیٰ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور جناب قبلہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمہ کے وصال پر ملال پر ہدیہ ثواب کے لئے ایصال ثواب پیش خدمت ہے۔

عدد ثواب

قرآن پاک	2,317
درود شریف	1 کروڑ 38 لاکھ 40 ہزار

اللہ عزوجل آپ حضرات اہلسنت کا سایہ تادیر قائم رکھے اور قبلہ مفتی عبدالقیوم ہزاروی علیہ الرحمہ کو جنت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کے درجات بلند فرمائے آمین بجاہ النبی الامین

عاجز محمد ... نگران مجلس مدرسۃ المدینہ (ٹرسٹ)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

محترم و مکرم جناب صاحبزادہ صاحب دام ظلکم العالی

السلام علیکم! بعد از دعا عرض ہے کہ حضرت مفتی اعظم پاکستان علامہ ہزاروی کی جدائی سے صرف آپ نہیں بلکہ ہر سنیت کا درد رکھنے والا دل بے حد افسردہ اور پریشان ہے۔ وہ نہ صرف

میرے محسن تھے جن کی زندگی کا ہر ہر لمحہ فروغ عشق رسول کے لئے وقف تھا۔ مسلک کا سچا ہمدرد اور غم خوار نبی مدرس کا عاشق ہونے کی وجہ سے قیامت تک آپ بیشمار نور کے مالک ہیں۔

دعا ہے کہ رب العالمین بطفیل رحمۃ للعالمین جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

بندہ احقر نے جنازہ کے موقع پر کوشش کی کہ آپ سے ملاقات ہو جائے مگر خوش قسمتی آپ سے نہ مل سکا، اللہ کریم کا کرم ہوا کہ جنازہ میں شمولیت ملی۔

فقط ابو محمد غلام سرور ہزاروی، ناظم اعلیٰ جماعت اہل سنت پاکستان صوبہ سرحد

☆☆☆☆☆☆☆

محترم جناب مولانا محمد صدیق ہزاروی صاحب۔۔۔ السلام علیکم

حضرت مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی کی رحلت ہم سب عقیدت مند اور ان کے خانوادہ کے لئے بھی عظیم صدمہ ہے جو حضرت صاحب کی شخصیت سے واقف تھے۔ ایک ایسی شخصیت جس نے اپنی تمام عمر دین کے لئے وقف رکھی۔ مجھے یہ بات کہنے میں کوئی تامل نہیں کہ حضرت صاحب چودہ کروڑ پاکستانیوں میں سے بہترین تھے۔ میرے اس یقین کی بنیاد اللہ کے آخری رسول حضور نبی کریم ﷺ کا وہ فرمان ہے جس میں آپ فرماتے ہیں کہ تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو قرآن پڑھتا ہے اور پڑھاتا ہے۔ حضرت صاحب نے اپنی تمام عمر اس مقصد کے لئے وقف رکھی۔ رب تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ذات باری حضرت صاحب کے صدقے ہم جیسے گنہگاروں کی بھی بخشش فرما دے۔ آمین اور یہ بھی دعا ہے کہ اللہ آپ کو آپ کے رفقائے کار کو حضرت صاحب کے شاگردوں اور ان کے بچوں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

فقط والسلام

ظہور قریشی

نیشنل پارکنگ ایسوسی ایشن آف پاکستان

☆☆☆☆☆☆

محترم مولانا محمد صدیق ہزاروی صاحب — السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اخبارات کے ذریعہ محترم مولانا مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی صاحب کی رحلت کی افسوسناک اطلاع ملی انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے آمین

ہمارے انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی [illegible] کے لئے بھی گہرے صدمے کا باعث ہے [illegible] مفتی صاحب جیسے مخلص دوست [illegible] سے محروم ہو گیا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ [illegible] میں جاری تحقیقی کام سے [illegible] سرپرستی [illegible] باعث تھی۔ چند سال قبل اس موضوع پر ادارے [illegible] ایک جائزے [illegible] معاونت بھی فرمائی تھی۔ ہم سب اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ ان کی دینی خدمات قبول فرمائے اور انہیں اس کی بہترین جزاء سے نوازے۔ آمین

آپ کی خدمت میں آئی پی ایس کی کتاب دینی مدارس کا نظام تعلیم [illegible] مسلک کر رہا ہوں۔ اس کتاب میں صفحہ نمبر 39 سے 57 تک مفتی صاحب کی [illegible] گفتگو شامل ہے۔ آپ [illegible] فرمائیں تو اس کے [illegible] بھی آپ کے ریکارڈ کے لئے ارسال کروا دیں گے۔ ہماری جانب سے مرحوم مفتی صاحب کے اہل خانہ سے بھی تعزیت کر دیجئے گا۔

والسلام

خالد رحمٰن

ایگزیکٹو ڈائریکٹر انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز

☆☆☆☆☆☆☆

بخدمت جناب مولانا [illegible] صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرے محترم بھائی آج حضرت مفتی مولانا محمد عبد القیوم ہزاروی صاحب کی وفات حسرت آیات کی اندوہناک اور غم انگیز خبر پڑھ کر بہت صدمہ ہوا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور اپنے نیک بندوں اور علماء حق کی معیت میں جنت الفردوس کا ٹھکانہ نصیب فرمائے آمین

حضرت مفتی صاحب [illegible] العقیدہ [illegible] العلم اور [illegible] شخصیت کے مالک تھے [illegible] ان کی معیت میں ان کی سرپرستی میں [illegible] مشرف کے سامنے مجھے بھی کلمہ حق کہنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

میں آپ سے، حضرت مفتی صاحب کے بیٹوں، بھتیجوں، گھر والوں [illegible] اور ان کے تلامذہ، متعلقین، مدرسین، [illegible] اہل سنت، مریدین و مسترشدین سے تعزیت کرتا ہوں

اللھم اغفر لہ وارحمہ واعف عنہ اللھم ادخلہ الجنۃ الفردوس

افسوس [illegible] کی وجہ سے جنازہ میں شرکت [illegible] حاصل ہو [illegible] جامعہ مرکز علوم اسلامیہ کے مہتمم مولانا [illegible] اساتذہ اور طلبہ نے جنازہ میں شرکت کا شرف حاصل کیا ہے۔

والسلام مع الاکرام

[illegible]

[illegible] (جمعیت اسلامی)

[illegible] اسلام آباد

☆☆☆☆☆☆☆

ایک شخص زندگی میں لاجواب تھا

محترم جناب مولانا محمد صدیق ہزاروی صاحب و جملہ صاحبزادگان مفتی اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم.....!

یہ خبر [illegible] کی آمد کے ساتھ [illegible] کہ مفتی اعظم پاکستان [illegible] رشد و ہدایت، حضرت شیخ الحدیث علامہ مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی ہم کو بے سہارا چھوڑ کر اس جہاں فانی سے خاموشی کے ساتھ کوچ فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

چراغ بجھتے چلے جا رہے ہیں سلسلہ وار

ہماری بزم اندھیروں کی زد میں ہے

اللہ تبارک وتعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور موجودین کو خدمت دین با اخلاص جذبہ عطا فرمائے۔ مفتی صاحب مرحوم نے طویل عرصہ تک اسلام اور سنیت کی فکری علمی، قلمی، تدریسی خدمات سرانجام دیں۔

مفتی اعظم پاکستان قدس سرہ العزیز کی وفات کی خبر سن کر یوں محسوس ہوا۔ جیسے مسلک حق اہلسنت کی مضبوط طناب ٹوٹ گئی ہے۔

اب ایسے لوگ زمانے میں ملیں گے کہاں

وہ عظیم شخصیت تھے جن کی صحبت میں زندگی تھی، اور سوز تھی۔

بہار اب جو گلشن میں آئی ہے

یہ سب پود ان ہی کی لگائی ہوئی ہے

امام اہلسنت، ماہر شریعت، اہلسنت کی علمی حلقوں میں اعتماد، علم و حلم کرنے والی شخصیت فتاویٰ رضویہ کو نئے انداز میں منظر عام پر لانے والی شخصیت تنظیم المدارس کو منظم کرنے اور دین اہلسنت کے وقار کو بلند کرنے والی شخصیت مفتی اعظم پاکستان رحمہ اللہ تعالیٰ کی صحیح حیات کا احاطہ قلم و قرطاس کے بس کی بات نہیں تاہم حضرت کی حیات مستعار کا اجمالی جائزہ لے کر ممکن متعلقین کے پیغامات، تاثرات اور اظہار محبت وعقیدت کے جذبات کو مرتب کر کے ماہنامہ النظامیہ کے شیخ الحدیث نمبر ترتیب دیں۔ میرا مشورہ ہے۔ اب ہم جیسے لکھے کن شخصیات سے رابطہ کر کے مسلک حق اہلسنت رضویت کے بارے میں معلومات لیں گے یہ سوچ سوچ کر کلیجہ منہ کو آتا ہے۔

حضرت مفتی اعظم پاکستان کے کس کس شاگرد سے اظہار افسوس کروں بہت ہی لمبی ہوتی کیا لکھوں۔ حضرت مولانا محمد صدیق ہزاروی صاحب سے کیسے اظہار افسوس کروں، مولانا

عبدالستار سعیدی صاحب سے کیسے افسوس کروں، مولانا حافظ حسین رضوی صاحب سے کیسے بات کروں، کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ آپ سب کی سب کی ذمہ داری ہے کہ حضرت مفتی اعظم پاکستان کی یادگار جامعہ نظامیہ لاہور، شیخوپورہ کو محنت اور قربانی سے اسی معیار پر قائم رکھنے کی کوشش فرمائیں جس پر مفتی اعظم چھوڑ رہے تھے۔ اللہ اپنے حبیب پاک ﷺ کے صدقے یادگار مفتی اعظم (جامعہ نظامیہ) کو زمانے کی گرم ہوا سے محفوظ رکھے یہ گلشن اسلام یوں ہی پھلتا پھولتا رہے۔

میرے خیال میں جو کام والد ماجد مبارکپور میں جامعہ اشرفیہ کے بانی حضرت علامہ عبدالعزیز مبارکپوری رحمۃ اللہ علیہ نے سرانجام دیا۔ اسی طرح پاکستان میں حضرت نے جامعہ نظامیہ رضویہ کی شکل میں سرانجام دیا۔ مختلف شعبوں میں کام کیا اور فکر رضا کے امین تھے۔ مفتی اعظم نے سینکڑوں، ہزاروں فکر رضا کے امین کی فوج تیار فرمادی جو فروغ فکر رضا کے لئے سرگرم عمل رہیں گے۔ ان شاء اللہ۔ وہی کتابوں کی شروحات لکھی جاتی رہیں گی۔ جس طرح مفتی اعظم چاہتے تھے کام جاری رکھنے کی کوشش کریں تو ان کی روح مبارک خوش رہے گی۔

اللہ حضرت کے صاحبزادگان، آپ حضرت کے ساتھیوں کو حضرت کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق واستقامت بخشے۔ جملہ صاحبزادگان مفتی اعظم اور احباب مفتی اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے میری جانب سے اظہار افسوس کریں۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر اور مصطفیٰ کریم ﷺ شافع ہوں۔

میں آج کل بیمار ہوں۔ صحت کافی خراب ہے۔ سفر کرنا مشکل ہے۔ افسوس ہے کہ مفتی اعظم پاکستان کے سفر آخرت کے موقع پر حاضر نہ ہو سکا۔ صحت ٹھیک ہوئی تو حضرت کی تربت پر حاضری کا ارادہ ہے جو یادگار مفتی اعظم شیخوپورہ میں ہے۔

والسلام: آپ کے غم میں شریک

دعا گو: ربیعہ محمد طاہر خان ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

☆☆☆☆☆☆☆

حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب نور اللہ مرقدہ

مسلک سلامیہ کے بطل جلیل عظیم پاسبان اور استحکام مسلک سلامیہ کے عظیم داعی تھے آپ کی ملی و دینی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ آپ نے مملکت خداداد پاکستان میں نظام مصطفی ﷺ کے نفاذ کے لئے اور مقام مصطفی کے تحفظ کے لئے مخلصانہ کوششیں فرمائیں [illegible] سلامیہ کے فروغ اور [illegible] آپ سچے عاشق رسول محبت اہل بیت تھے اللہ تعالیٰ آپ کے درجات کو بلند فرمائے اور آپ کے متعلقین اور محبین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے

مفتی محمد [illegible] حسین قادری مفتی ... دارالعلوم ... [illegible]

[illegible] جامعہ [illegible] جموں و کشمیر

☆☆☆☆☆☆☆

حضرت قبلہ مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب قدس سرہ العزیز کے وصال سے ہر شخص دردو غم سے نڈھال نظر آتا ہے۔ ملک پاکستان کے لئے یہ سانحہ یقیناً کسی قیامت سے کم نہیں ہے۔ پوری امت مسلمہ مفتی صاحب کے وصال سے بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ مفتی صاحب کی پوری زندگی اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول کا پیکر تھی۔ آپ نے صحیح معنوں میں خدمات دینی کا پرچار کیا اور مسلم امہ کو صحیح سمت دکھائی۔ ان کے کارنامے ہمیشہ عقیدت و محبت کی نگاہوں سے دیکھے جائیں گے۔ ملکی اور دینی خدمات ان سے منسوب ہیں جو مفتی صاحب نے دیئے ہیں آپ بڑے کے عالم دین، عظیم محدث، معلم، بے مثل دانشور، ادیب، مفکر اسلام محقق اور بہت شخصیت تھے۔ خدا آپ کے فیضان کو تا قیام قیامت جاری اور ساری رکھے اور آپ کے درجات کو بلند فرمائے آمین اور پسماندگان کو یہ عظیم حادثہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

دارالعلوم محمد (ریٹائرڈ) ڈی۔ ایس۔ پی ناظم اعلیٰ مدرسہ غوثیہ نقشبندیہ گورنمنٹ

تحصیل استور ضلع دیامر، گلگت شمالی علاقہ جات

حضرت علامہ مفتی اعظم پاکستان علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ

یہ علماء اہل سنت کے عظیم رہنما اور ملت اسلامیہ تھے آپ صحیح معنوں میں سلام کی عظمتوں کو چار دانگ عالم میں پھیلایا، اور ایسے علماء کرام پیدا فرمائے جو حقیقی معنوں میں اسلام اپنے سینوں میں رکھتے تھے اور ہیں۔ آپ نے تعلیمات اسلامیہ کا فروغ بڑی جانفشانی سے سرانجام دیا۔ ایسے رجال کار پیدا فرمائے جو حقیقی اسلام کے مبلغ تھے اور ہیں

آپ نے مسلک حق اہلسنت و جماعت کی بڑا احسان کیا۔ ان کے شاگرد ہر جگہ مسلک حق مذہب اہلسنت و جماعت کے فروغ و اشاعت کے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا۔

آپ کی وفات سے مسلک اسلامیہ ایک عظیم قائد و رہنما سے محروم ہوگئی ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات کو بلند فرمائے اور مسلک سلامیہ اور آپ کے متعلقین اور احباب و اقارب کو یہ عظیم سانحہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مولانا محمد بشیر مہتمم مدرسہ [illegible] استور اور گلگت شمالی علاقہ جات)

☆☆☆☆☆☆☆

محب المسلمین مولانا محترم کرم حضرت صاحبزادہ محمد عبدالمصطفیٰ ہزاروی زید مجدہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

بعد از دعوات و تسلیمات مسنونہ معروض آنکہ ٹیلی ویژن اور اخبارات وغیرہ کے توسط سے یہ روح فرسا اور کربناک خبر موصول ہوئی کہ حضرت مفتی اعظم پاکستان رحمہ اللہ برضائے الٰہی دار فانی سے عالم جاودانی کو رحلت کر گئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔

صاحبزادہ والا شان! یقین فرمایئے کہ اس اندوہناک خبر نے سارے وجود کو مضمحل کر دیا، قلب و ذہن پر غم و الم کا کوہ گراں ٹوٹ پڑا۔ موت العالم موت العالم۔

دل بہت تھا کہ رہا کہ سرمایۂ ملت، محسن اہلسنت، مشفق و مربی، استاذ الاساتذہ مولانا

حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب نوراللہ مرقدہ

مسلک اہلسنت کے جلیل القدر، عظیم عالم دین اور اتحاد اہلسنت و جماعت کے عظیم داعی تھے آپ کی علمی و دینی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ آپ نے مملکت خداداد پاکستان میں نظام مصطفیٰ ﷺ کے نفاذ کے لئے اور مقام مصطفیٰ کے تحفظ کے لئے انتھک کوششیں فرمائیں۔ [illegible] اسلامیہ کے فروغ اور اعلاء کلمۃ الحق کے لئے [illegible] سرانجام دیئے۔ آپ سچے عاشق رسول، محب اہلبیت تھے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات کو بلند فرمائے اور آپ کے متعلقین اور متوسلین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مفتی سید [illegible] حسین کاظمی، مفتی [illegible] جعفریہ انتظامیہ [illegible]

آزاد جموں و کشمیر

☆☆☆☆☆☆☆

حضرت قبلہ مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب قدس سرہ العزیز کے وصال سے ہر شخص دل سے غمزدہ نظر آتا ہے۔ اہل پاکستان کے لئے یہ سانحہ یقیناً کسی قیامت سے کم نہیں ہے۔ پوری ملت مسلمہ مفتی صاحب کے وصال سے بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ مفتی صاحب کی پوری زندگی اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول کا پیکر تھی۔ آپ نے صحیح معنوں میں خدمات دینی کا پرچار کیا اور مسلم امہ کو صحیح سمت دکھائی۔ [illegible] کے کارہائے خیر کو ہمیشہ عقیدت و محبت کی نگاہوں سے دیکھا جائے گا۔ علمی اور دینی خدمات ان سے منسوب ہیں جو مفتی صاحب نے دیئے ہیں۔ آپ پائے کے عالم دین، عظیم محدث، معلم، بے مثل دانشور اور صاحب بصیرت اسلام [illegible] خصوصیت تھی۔ خدا آپ کے فیضان کو تادم آخر جاری و ساری رکھے اور آپ کے درجات کو بلند فرمائے آمین اور پسماندگان کو یہ عظیم حادثہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

راجہ فیض محمد (ریٹائرڈ ڈی۔ ایس۔ پی) ناظم اعلیٰ مدرسہ محمودیہ غوثیہ گورنمنٹ

تحصیل استور ضلع دیامر گلگت شمالی علاقہ جات

حضرت علامہ مفتی اعظم پاکستان علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ

مجاہد اسلام، عالم باعمل، مصلح اور مایہ ناز اسلامی مبلغ تھے۔ آپ نے صحیح معنوں میں اسلام کی عظمتوں کو چار دانگ عالم میں روشن کیا، اپنے علم و کرم سے [illegible] حقیقی معنوں میں رد باطل اپنے دور میں رہتے تھے اور ہیں۔ آپ نے تعلیمات اسلامیہ کا فروغ بڑی جانفشانی سے [illegible] پیدا ہوئے جو حقیقتاً اسلام کے سچے [illegible] رہیں۔

آپ نے مسلک حق اہلسنت و جماعت کی [illegible] احسان کیا، اس کے تحفظ و بقا کے لئے [illegible] مسلک حق مذہب اہلسنت و جماعت کے فروغ و اشاعت کے لئے کسی بھی [illegible] نہیں [illegible] ہے۔

آپ کی وفات سے ملت اسلامیہ ایک عظیم قائد دینی ہستی سے محروم ہو گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات کو بلند سے بلند فرمائے اور ملت اسلامیہ اور آپ کے تلامذہ اور احباب و اقارب کو یہ عظیم سانحہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مولوی محمد نذیر مہتمم مدرسہ مصطفویہ [illegible] (گلگت شمالی علاقہ جات)

☆☆☆☆☆☆☆

حسب الحکم [illegible] بخدمت حضرت صاحبزادہ محمد عبدالمصطفیٰ ہزاروی [illegible]

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

بعد از دعوات و تسلیمات مسنونہ معروض آنکہ [illegible] اور [illegible] وغیرہ کے توسط سے یہ دلخراش اور کربناک خبر موصول ہوئی کہ حضرت مفتی اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ [illegible] داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

صاحبزادہ والا شان! یقین فرمائیے اس اندوہناک خبر نے سارے وجود کو معطل کر دیا، قلب و ذہن پر غم و دکھ کا کوہ گراں ٹوٹ پڑا۔ موت العالِم موت العالَم۔

دل ماننے کو نہیں مانتا کہ سرمایہ ملت، محسن اہلسنت، مشفق و مربی استاذ الاساتذہ [illegible]

قدر جلدی سے داغ مفارقت دے جائیں گے بہر کیف رضا بہ قضاء کے تحت ہمارا عقیدہ ہے کہ ہم
تسلیم خم ہے رب العزت سے دعا ہے بوسیلہ جناب مقصود کائنات ﷺ حضرت مرحوم رحمۃ اللہ علیہ کی مغفرت
فرمائے۔ آپ کے روحانی درجات بلند فرمائے آپ کی قبر میں اپنی وسیع رحمتوں اور برکتوں کا
نزول عام فرمائے، جنت میں ﷺ کے دیدار شریف اور شفاعت عظمیٰ سے بہرہ مند فرمائے آپ
رحمۃ اللہ کے کار اور مشن کو زندہ و تابندہ رکھے اور آپ کی جاری ہوئی شمع علم و عرفان کے نور کو
پھیلانے کی آپ کے صاحبزادگان والا شان اور جملہ وابستگان کو توفیق رفیق عطا فرمائے آمین

محترم صاحبزادہ صاحب! ہم سب برادر محترم مولانا سید محمد اسحٰق نقوی مدظلہم مدرسہ سید
ابوذر رضی اللہ عنہ تفہیم القرآن گوجرانوالہ اور جملہ طلباء و علماء و اساتذہ ادارہ کی معیت میں
حضرت استاذی المکرم علیہ الرحمہ کی یاد میں ایک تعزیتی اجلاس منعقد کر کے ان کی روح مبارک کو
قرآن حکیم کے ختمات کا ایصال ثواب کیا ہے۔ اور آج ان شاء اللہ مظفر آباد کے مرکزی مقام پر علماء
کرام کی موجودگی میں حضرت مفتی صاحب کی یاد میں تعزیتی اجلاس منعقد ہوگا۔ اور ایصال ثواب کا
یہ سلسلہ تادیر جاری رہے گا۔ برادران محترم کو تعزیت پیش کرتے ہوئے ہدیہ سلام عرض کرتے ہیں۔

ہماری دعا ہے کہ رب کائنات آپ اور برادران محترم کو قبلہ مفتی صاحب کی مفارقت کا
صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔ ان کی روح آپ پر راضی رہے۔

اور ان کے مشن کو آگے بڑھانے کی آپ اور ہم سب کو توفیق عطا فرمائے۔ محترم مولانا
سعید احمد صاحب، صاحبزادہ عبدالحق، صاحبزادہ عبدالمصطفیٰ، و دیگر عزیزان کو تعزیت اور سلام
اخلاص عرض ہے۔

والسلام مع الاکرام شریک غم طالب دعا محمد اسماعیل
پروفیسر سید شبیر حسین نقوی
مظفر آباد آزاد کشمیر

☆☆☆☆☆☆

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد صدیق ہزاروی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم! ہم آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت والا کے صاحبزادگان اور جملہ متعلقین کی خدمت میں اپنے ٹوٹے ہوئے الفاظ
کے ساتھ تعزیت پیش کرتے ہیں۔

خاموش تحریک اب ہم سے جدا ہوگئی۔

حضرت قبلہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی ایک شخص، ایک انجمن، ایک تحریک، ایک مجاہد، ایک استاد
ایک مفکر، ایک مدبر وہ سب کچھ جو قرون اولیٰ کے علماء کرام میں پائی جاتی وہ صفات کے مظہر
تھے ان کا یہ سبق ہر لحاظ پر کھا جائے اور ان کا مشاہدہ کرنے کا سبق دیا، شاید ہی کہیں، وہاں
سے کسی لالچ کے بغیر بے لوث کردار ادا کر کے اخلاص و خاموشی سے چٹائی پر بیٹھ کر درس دیتے۔ بچے
یک رو چٹائی پر لاتعداد عظیم مدرسین بنا ڈالے۔ اہلسنت کی تدریس کوتاہیوں اور غفلت کی بے مثال
عملی طور پر نشاندہی کی بلکہ ہر قسم کی تالیف اور تصنیف کا کھیل کر صرف اور صرف عمل کا سبق دیا اور
خود بھی کر کے دکھایا۔ جب تحریک کے میدان میں باطل سے ٹکرائے تو وہ کچھ کر دکھایا جو تمام وسائل
رکھنے والے بھی نہ کر سکے۔ تحریک کے دوران جیل میں اہلسنت کے لئے، جہاں بھی گئے اور وہاں ان کے خلاف
ارشد ہوں گے اور اللہ جل شانہ ان کی قبر پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے۔ ان کی قبر تا قیامت زندہ رہے گی
ہمارے لئے مشعل راہ ہوگی۔ یقیناً یہ صدمہ بڑی کا غم ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب سنیوں کو یہ غم اور
صدمہ برداشت کرنے کی ہمت دے اور بہترین بدلہ عطا کرے۔ حضرت مفتی اعظم رحمۃ اللہ علیہ
کے ادھورے چھوڑے ہوئے کام مل کر پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

ہماری تعزیت جو صوبہ سندھ کے دورہ پر ہوں اور اس کی شاخوں کے چپہ چپہ سے بھی
ہے جس پر پہنچنے والی ضرورت آج رحمت میں چھپا دی گئی لیکن ان شاء اللہ انکی قیامت تک روشنی رہے گی

(آمین) (دعاؤں کا طالب)　　مفتی محمد عارف سعیدی

ناظم اعلیٰ جماعت اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ

واجب الاحترام حضرت علامہ مولانا محمد عبدالحکیم شرف قادری مدظلہ العالی اور واجب الاحترام
حضرت علامہ مولانا محمد صدیق ہزاروی مدظلہ العالی اساتذہ [illegible]

السلام علیکم

گزشتہ روز اخبارات سے حضرت علامہ مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمت اللہ العالیہ کے سانحہ ارتحال کی اطلاع ملی۔ دل بہت [illegible] میں بہت رنج ہوا اس سے [illegible] میں کم بیٹھ رہا۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور جنت میں بلند مقام نصیب فرمائے۔ آپ تمام حضرات اور ان کے لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی استقامت اور صبر عطا فرمائے۔ حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ سے مجھ کو تقریباً ۲۸ سال سے نیاز حاصل تھا اور وہ مجھ پر بے پناہ شفقت فرماتے تھے خصوصاً تذکرہ محدث سورتی کی تصنیف کے دوران انہوں نے مجھ سے جو تعاون فرمایا تھا وہ ان کا مجھ پر ہی نہیں تمام سنیوں پر احسان ہے مفتی صاحب تصنیف و تالیف کے حوالے سے بڑی انقلابی سوچ رکھتے تھے جس سے آپ حضرات بخوبی واقف ہیں کیونکہ آپ کو ایک طویل عرصہ ان کی رفاقت اور قیادت میں مسلک اہلسنت کی خدمت کرنے کا موقع ملا ہے۔ اس سانحہ پر سوائے دکھ کے اظہار اور ان کی مغفرت کے لئے دعا کے اور کوئی چارہ نہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم مفتی صاحب کی اسلام کے لئے خدمات کو قبول فرمائے اور ان کی روح کو تاقیامت اس کا اجر عظیم عطا فرماتا رہے۔ آمین بجاہ سید المرسلین

دعائے خیر و برکت کا طالب　　خواجہ رضی حیدر

B.67 4 بلاک نمبر 10 گلشن اقبال کراچی

☆☆☆☆☆☆

محترم المقام مہتمم صاحب جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور زیدمجدہ

سلام مسنون! الحمد للہ بخیریت۔ صورت احوال یہ ہے کہ قبلہ مفتی صاحب رحمہ اللہ کے
وصال کی خبر سن کر دلی صدمہ ہوا۔ اہل سنت و جماعت ایک عظیم مفکر محقق اور شفیق شخصیت سے محروم

ہو گئے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ آپ کے اس عظیم رنج و صدمہ پر بہت سے ناتواں ہیں۔ جن کو صاحب تحریر میں لانا ممکن ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وسیلہ جلیلہ سے آپ کو جنت الفردوس میں بلند مقام و مرتبہ عطا فرمائے

اور دوسروں کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ میں اور میرے مدرسے تمام طلباء و اساتذہ کرام اس غم میں آپ کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ جنازہ میں شرکت ہوتی لیکن رش کی وجہ سے ملاقات نہ ہو سکی۔ اس لئے خط کے ذریعے تعزیت کرتا ہوں۔

فقط والسلام

صاحبزادہ سید پاس حسین شاہ　　مہتمم جامعہ سلامیہ اشاعت ... پاکستان ... چکوال

☆☆☆☆☆☆☆☆

جناب برادر محترم مولانا عبدالمصطفیٰ صاحب مدظلہم العالی

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ　　سلام مسنون کے بعد عرض ہے کہ آپ کے والد گرامی قدر، حضرت قبلہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کی اطلاع ملی۔ اس افسوسناک خبر کے سنتے ہی دلی رنج و صدمہ پہنچا۔ حضرت قبلہ مفتی صاحب علیہ الرحمہ ایک جید عالم دین اور ممتاز ماہر تعلیم تھے۔ اور مفکر اسلام اور ولی کامل تھے۔

حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اچانک وفات سے اہلسنت و جماعت اور مسلمانوں کا ناقابل تلافی نقصان ہوا لیکن اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا حکم تھا۔ رب اللہ تعالیٰ جل جلالہ آپ کو اور جملہ سوگواران کو اور ہم کو یعنی سب کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

اللہ تبارک وتعالیٰ حضور نبی کریم ﷺ کے صدقہ اور وسیلہ جلیلہ سے حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ قبلہ کے درجات اور مراتب بلند سے بلند تر فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اور اللہ کریم جل جلالہ حضرت مفتی صاحب کے مرقد مبارک پر اپنے نور و تجلیات کا نزول جاری رکھے آمین اللہ تعالیٰ آپ کو اور مفتی صاحب علیہ الرحمہ کے یادگار اور چشمہ فیض جامعہ

نظامیہ رضویہ (دونوں جگہ، لاہور اور شیخوپورہ) کو آباد و شاد اور سلامت رکھے کہ طلبہ اس چشمہ فیض سے فیض یاب ہوتے رہیں اور یہ سلسلہ جاری رہے۔ آمین ثم آمین۔ بہ تعلق یار محمد اعظم میری طرف سے آپ سب برادران صاحبزادگان اور اہل خانہ کو تعزیت اور سلام قبول ہو۔

آپ مجھے نہیں جانتے ہوں گے کیونکہ آپ سے میری ملاقات نہیں ہوئی اور حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ایک دوبار (جامعہ قادریہ رضویہ) فیصل آباد میں ملاقات ہوئی تھی۔

حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ، میرے والد صاحب علیہ الرحمہ کے دوست تھے میں اس غم میں آپ کے ساتھ برابر کا شریک ہوں۔

فقط والسلام آپ کا شریک غم بھائی

صاحبزادہ وقار النبی، جامعہ قادریہ رضویہ فیصل آباد

☆☆☆☆☆☆☆

محترم و مقبلہ حافظ محمد عبدالستار سعیدی صاحب دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حضرت قبلہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کا سانحہ ارتحال ایک صدمہ ہے جس کا درد مدتوں اور سالوں میں رہے گا۔ آپ کا جانا گلستان رضا کے لئے ایسا خلا ہے جس کا پر ہونا مشکل ہے۔ فکر رضا کے لئے آپ کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ آپ دنیائے اہلسنت اور عالم اسلام کے ایسے تابندہ ستارے تھے جس کی روشنی سے بے شمار گمراہ لوگ راہ راست پا گئے۔ اللہ رب العزت ہم سب کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

صاحبزادہ سید محمد ناصر حسین گیلانی

درگاہ عالیہ قادریہ [illegible] چک سادہ شریف گجرات

☆☆☆☆☆☆☆☆

حضرت گرامی منزلت علامہ مولانا حافظ عبدالستار سعیدی صاحب

ہدیہ سلام مسنون۔ بعد ازیں خلوص مشحون۔ برادر مشفق و معظم حضرت علامہ مفتی عبدالقیوم صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت کا صدمہ شدید ہے اور ایسا صدمہ اور ملال ہے کہ دوسرے رنج و غم اور صدمات کو بھلا دیا۔

کل رات فون پر یہ خبر ملی وہ اثر قلب و جگر پر بجلی بن کر گری۔ دوبارہ فون کر کے تحقیق کی یقین کرنا بڑے ہی جگر سے انتہائی مشکل ہو گیا۔ کل رات بھی یہاں بارش ہوتی رہی اور آج دن بھی بارش کا سلسلہ جاری رہا یہ کوئی عذر نہیں آپ کو بخوبی علم ہے کہ فقیر گزشتہ سال سے مسلسل علیل ہے اور مختلف عوارض لاحق ہیں، علاج بھی جاری ہے۔ سفر نہیں کر سکتا اپنی علالت و نقاہت بھی خود میرے راہ میں [illegible] ولی عہد نہیں، فقیر کے لئے یہ صدمہ بلکہ [illegible] ناقابل برداشت تھا حضرت محترم برادر مشفق و معظم علیہ الرحمۃ کے جنازہ مبارک کا منظر میں دیکھ سکتا لوگ جو اہلسنت [illegible] کہتے ہیں لیکن جو بھی نہیں یہاں [illegible] ہے۔ میرے بیٹے بتاتے ہیں کہ عالم بے خودی اور وارفتگی میں میرے منہ سے بار بار یہ الفاظ نکل رہے تھے، چھوٹے بھائی مفتی صاحب۔ بھائی مفتی صاحب بھی چھوڑ گئے۔ واہ بھائی مفتی صاحب۔ رات بہت تاخیر سے کچھ دیر کے لئے آنکھ لگی۔

کروٹ کروٹ یہی خیال رہا اور سر و آنکھ بھی رہی اور یہی کیفیت اب بھی ہے وہاں حاضر ہو کر میں کس طرح برداشت اور ضبط کرتا۔ فقیر ان کے مریدین، متعلقین و اولاد اور دوستوں کو [illegible] ۱۹۴۸ء سے ان کی رفاقت اور باہم محبتیں شفقتیں شامل حال تھیں وہ سب یکے بعد دیگرے یاد آتی ہیں۔

بفضلہ تعالیٰ ان سے اتنی موافقت رہی کبھی کسی معاملہ میں اختلاف نہیں ہوا۔ مسئلہ [illegible] میں کسی نے مجھے کچھ بتایا جو فقیر کے اکابر کے موقف و مسلک سے معارض تھا فقیر نے عرض کیا تو فوراً ان کے ایک فتویٰ اور ایک مفصل مکتوب کے ذریعے فقیر کو مطمئن کر دیا۔ ایک فتویٰ فقیر کے ایک عزیز [illegible] محمد نعیم احمد قادری رضوی شہید ازہری کے نام مفصل ارسال فرما کر اکابر کے مسلک حق سے

سے مخالفت فرمائی۔ دین کو خوب بحمدہ سکون اقرار ملا تو حضرت مکرم علیہ الرحمۃ کی ۱۴۲۲ھ میں رحلت پر
لکھوں کا سوال تعالیٰ ان کو غریق رحمت فرمائے۔ ان کی قبر کو اپنے حبیب و محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام
کے انوار سے منور فرمائے۔ ان کا علمی و روحانی فیض سدا جاری و ساری رہے۔ بہت سی دینی
تعمیرات جن کو وہ ساری زندگی کے چلے تھے ان کو مسلسل جاری کام کرتے رہے۔ وہ ان حضرت ہوتی تھی
وعادی اور شادی کی تمیں خاموشی سے تعمیر کی شکست کا رہے کے بادل تھے ایک بار
کراچی میں ایک تعلیمی سیمینار امام اہلسنت نائب اعلیٰ حضرت حضور محدث اعظم پاکستان قدس سرہ
کے نامی اکمل بہت بڑے عالم صاحب اور کی نے کہا حضرت محدث اعظم پاکستان کا شاگرد ہو
اور فارغ التحصیل کوئی نہ ہو یہ نہایت کام ہے فقیر کا دعویٰ ہے اور حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم
ہزاروی علیہ الرحمۃ کی طرف تھا اور اس میں خیال نہ ہو کہ مطلق سہو تعلیم نہیں ہو سکتا۔
جامعہ نظامیہ رضویہ اور شیخوپورہ والیہ دارالعلوم نہیں باقضہ تعالیٰ ایک عظیم یونیورسٹی
اور ہزاروں تلامذہ ان کی تعلیم علمی یادگار ہیں اس کے خلوص پر ان کے تدبر فکر سے بے لوث خدمت
کریں گے تو کامیاب وکامران ہوں گے۔ ایک مضبوط مستعد اور کامل مخلص اور بے لوث ٹیم
کے ساتھ میدان تدریس و انتظامیہ میں ہے اور وہ بفضلہ تعالیٰ وہ کام کر گئے جو اور جگہ صدیوں میں
نہ ہوا۔ دینی لگن مسلکی تڑپ ان کی طبیعت ثانیہ بن چکی تھی۔ اسی خلوص و بیداری تڑپ اور لگن محنت
شاق سے حضرت کے تلامذہ بھی خدمات انجام دیں گے تو جامعہ نظامیہ رضویہ شاہراہ ترقی پر اور
سعد بھی رہے گا۔ سراپا اخلاص و نیاز حضرت علامہ مولانا عبدالحکیم شرف قادری، حضرت علامہ حافظ
عبدالستار سعیدی، حضرت مولانا گل احمد عتیقی، حضرت مولانا عبدالرحمن صاحب صدیقی، اور دیگر ایثار پسند
اور دردمند مخلص تلامذہ کے لئے یہ فکر ہو گا کہ جامعہ نظامیہ رضویہ کی بلا ترقی و عروج کے لئے مسلسل
سعی جاری کریں۔ انہوں نے اور میں رحلت فرمانے سے کی حد سو گوار نظر آ رہی ہے۔ ملک بھر میں
اداسی چھائی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔
فقیر شاعر تو نہیں لیکن اسی رنج و ملال کے عالم میں چند اشعار مرثیہ زبان پر آ گئے جو فقیر

کے قلبی احساسات کی عکاسی کرتے ہیں۔

ساتھ ہے اور پیارا رحمت عبدالقیوم
حادثہ ہے روح فرسا رحمت عبدالقیوم

اور یہ کہ

آج تو سید و سردار بھی جاتے ہیں
مفتی اعظم و رضا لینے کو بھی آتے ہیں

(سید دو عالم سے مراد علامہ ابو البرکات سید احمد قادری رضوی اور حضور محدث اعظم پاکستان قدس سرہما)

اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے وسیلہ جلیلہ سے آپ کے درجات
بلند فرمائے آپ کا علمی و روحانی فیض جاری و ساری رہے اللہ تعالیٰ جل وعلا آپ کے پسماندگان
کو صبر عطا فرمائے آپ کے سوگواروں کو صبر جمیل عطا فرمائے آپ کی [illegible]
کو آپ کا صحیح جانشین و عامل بنائے آمین

محمد حسن علی قادری رضوی بریلوی

[illegible] خطیب جامع مسجد فریدیہ بوریوالہ

(حضرت مکرم [illegible] علالت و نقاہت کے باعث فی الوقت زیادہ
علیحدہ علیحدہ نہیں لکھ سکا۔ معذرت خواہ ہوں۔)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حضرت صاحبزادہ علامہ محمد مفتی ہزاروی [illegible] اللہ تعالیٰ شرفا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بڑا دوہرا صدمہ کے ذریعے مخدوم العلماء محمود مدارس اہلسنت قبلہ مفتی صاحب قدس سرہ
العزیز کے انتقال پر ملال کی خبر پڑھی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون خبر پڑھتے ہی جسم پر رعشہ سا طاری
ہو گیا۔ آپ کو مسلک کے پاسبان سے یتیم کر گئے حضرت قبلہ مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ جیسی

عظیم محسن اور عظیم علم دوستی سے ہاتھ دھونے پر آنسوؤں کا سہارا لیا۔

تین دن تک میرے حواس مجھے یہ تعزیتی کلمات ہوش سے لکھنے کی اجازت نہ دے رہے تھے۔ اس عالم درماندگی و یتیمی میں سوائے صبر کے در کر ہی کیا سکتے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ کریم آپ کو جملہ اہل خانہ پر بیج عزیز و احباب آپ کے شاگردوں کو علماء و مشائخ کو اور اہلسنت کو یہ عظیم سانحہ ارتحال صبر و استقامت سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے

بلاشبہ حضرت قبلہ مفتی صاحب نور اللہ مرقدہ جیسے رجال صدیوں بعد پیدا ہوتے ہیں مگر یہ بھی حق ہے کہ "الولد سر لابیہ" اللہ کریم کی بارگاہ میں دعا ہے کہ بوسیلہ طہ و یٰسین ﷺ آپ کو اور آپ کے بھائیوں کو عظیم والد کا حقیقی علمی و عملی جانشین بنائے۔ آپ سب حضرت کے مشن کو ان کی روح کی سے جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کے غم میں برابر کا شریک آپ کا بھائی

عبدالرحیم رضوی

مرکز اہلسنت [illegible] جامعہ بہجت القرآن ملتان

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

محترم و مکرمی قبلہ علامہ مولانا محمد عبدالستار سعیدی دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میں ایک طالب علم ہی نہیں بلکہ مفتی اعظم پاکستان علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب کے متعلق کچھ تحریر کیا کروں بلکہ پورے پاکستان کو ان کا تعارف بھی طرح ہے۔ مفتی اعظم پاکستان کسی کی بھی تعارف کے محتاج نہیں جن کو کئی، ان کی اعلیٰ دوستی علمی کام، محبت و شفقت کے حسن پہلو کی طرف بھی نظر کی جائے ہر پہلو سے مکمل تالیف و تصنیف اور درس و تدریس کا مجموعہ تھے۔

1987ء کی بات ہے جب میں مدرسہ جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور میں زیر تعلیم تھا اس وقت سے انتقال تک مفتی صاحب کی علمی دوستی کا مکمل کارنامہ ہی دیکھا مفتی صاحب کا ایک اہم اصول تھا کہ وقت کی پابندی کرتے تھے خواہ وہ مدرسے میں تدریس یا کہیں اور کسی محفل میں شرکت کریں۔ ایک واقعہ کا ذکر ہے کہ کھانے کے ناقص ہونے کی وجہ سے تمام طلباء نے ہڑتال کر دی اور تمام اساتذہ کرام بھی پریشان ہو کر خاموش ہو گئے کیونکہ تمام طلباء کا رویہ ہی ایسا تھا لیکن جس وقت مفتی صاحب مدرسہ میں پہنچے تو انہوں نے فرمایا کہ پیارے طالب علمو! آپ یہاں پڑھنے کے لئے آئے ہو یا اچھا بہتر اور مزیدار کھانا کھانے، بجلی پنکھوں کے کاموں میں اپنا قیمتی وقت ضائع کرنے آئے ہو۔ تو تمام طالب علم مفتی صاحب کی گفتگو جو شفقت، محبت و خلوص سے بھری تھی بہت ہی شرمندہ ہوئے اور اسی کھانے پر قناعت کرتے اپنی اپنی کلاسوں میں چلے گئے اور اسباق شروع ہو گئے کیونکہ انہوں نے جو گفتگو کے درمیان بہت بات طالب علموں کے سامنے رکھی کہ اچھے اور لذیذ کھانے تو ہوٹلوں اور گھروں میں پائے جاتے ہیں اور صرف مقصد کھانا ہی ہوتا ہے نہ کہ کچھ سیکھنا اس لئے مسلمان جب کچھ پانے کی، سیکھنے کی خواہش کرتا ہے تو اس کو کوئی نہ کوئی چیز ضرور کھونی پڑتی ہے جہاں لئے آپ سب کی بھی سمجھیں کہ ہم نے پڑھنے کے دوران اچھا کھانا اور پینا اور سونا ترک کیا اسی کو کھو دیا۔ اگر آج تم دنیاوی چیز کو کھو گے تو جب ہی آپ سارے کل اچھے عالم، معلم اور مہتمم بن سکیں گے۔ اور ان باتوں کا طلباء پر گہرا اثر ہوا۔ اور ایک یہی نہیں بلکہ اسباق کے دوران بھی جہاں مفتی صاحب کی سختی ہوتی تو اس کے ساتھ ساتھ اتنی شفقت اور پیار دیتے کہ پتہ ہی نہ چلتا تھا کہ آپ رحمہ اللہ نے ہم پر سختی یا غصہ کیا۔ اگر کوئی سبق سمجھ میں نہ آتا تو اس کو تقریباً کئی مرتبہ سمجھا کر جاتے تھے اور کند ذہن طالب علم بھی اس کو آسانی سے حل کر لیتے تھے۔ اس طرح میرا پڑھنے کا دور اختتام پذیر ہوا اور میں دورۂ حدیث کرنے کے بعد فارغ ہوا اور انہوں نے ہم کو ڈھیروں کروڑوں دعاؤں اور تحفوں سے نواز کر اور دستار پہنا کر رخصت کیا اور اپنی آنکھوں میں جدائی کا غم اور آنسوؤں کا سیلاب تھا۔ اور اس کے بعد جب بھی مجھے کوئی کام یا مسئلہ درپیش آیا ہوگا تو حضرت

صاحب نے جس طرح نام کا حق ادا کر کے دکھایا اور کسی ایسی ہستی ہوگا۔ میں ایک ادنیٰ سا مسکین سا اور معمولی سا طالب علم ان کی خوبیوں اور اچھائیوں کو کیا بیان کروں بلکہ وہ تو خود ہی علم و عمل کا ایک مجسمہ تھے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر رحمتوں، برکتوں اور عظمتوں کا نزول ہو اور مصطفیٰ کریم ﷺ کی سفارش اور ان کا سایہ ہمیشہ آپ پر رہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ان کو جنت الفردوس میں ارفع و اعلیٰ کامل مقام عنایت فرمائے اور ہم سے ... حشر تک کی تمام منزلوں کو آسان کرے اور قیامت کے دن حضور پاک ﷺ کی سفارش سے ہمیں ... اور اعمال نامہ دائیں ہاتھ میں نصیب فرمائے اور ... سے ہمارے ہاتھوں سے جام کوثر کے جام نصیب فرمائے۔ آمین

خاکپائے مفتی اعظم رحمۃ اللہ علیہ

والسلام۔ محمد ادریس قریشی

متعلم جامعہ فرقانیہ ... مرکز ... کیمپ ... آزاد کشمیر۔

☆☆☆☆☆☆☆

محترم جناب ایڈیٹر صاحب مجلہ ...

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہر دور میں علماء حق نے اسلام کو ... مصائب و آلام کے پہاڑ ٹوٹے لیکن وہ اپنے مشن سے نہ ہٹے، نہ جھکے نہ ... احقاق حق اور ابطال باطل ان کا مرغوب اور محبوب مشغلہ رہا ان کی حق گوئی سے باطل کے ایوانوں میں لرزہ طاری ہوا۔ مسند تدریس پہ جلوہ افروز ہوئے تو ایک عالم کو مستفید فرمایا۔

مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی کی ذات گرامی حق و صداقت کی علم بردار اور عشق رسالت مآب کا کامل و اکمل مرقع تھی، محدث اعظم پاکستان کا یہ رجل رشید اور شاگرد خاص فارغ التحصیل ہونے کے بعد لاہور کے ایک ... سے ... گیٹ میں ایک درخت کے سائے تلے آ بیٹھا جہاں

دھوپ کی شدت و حدت سے بچنے کے لئے سایہ تک میسر نہ تھا۔ زاد ... و عشق ... سے ذرا ... جس ... قدرت کی بارگاہ میں بیٹھا ہو وہ کب کسی کو خاطر میں لاتا ہے۔ دیکھتے ہی دیکھتے جامعہ نظامیہ رضویہ ... گیٹ کی عظیم الشان عمارت تعمیر ہو گئی۔ تعمیر سیرت کے اس سدا بہار چمن میں تقریباً ایک ہزار سے زائد طلبہ قرآن و سنت کے علوم سے بہرہ ور ہو رہے ہیں۔!

حضرت مفتی اعظم پاکستان صاحب مسند تدریس پر جلوہ فرما ہوئے تو قال اللہ و قال الرسول کی ... ایک عالم کو ... علمی، ملی، قومی اور دینی خدمات اس قدر گراں قدر ہیں کہ احاطہ ممکن نہیں۔ آپ نے اتحاد بین المسلمین کے لئے ... وقف کئے ... تنظیم المدارس نے ناظم اعلیٰ منتخب ... محسوس ہو کہ یہ منصب صرف آپ ہی کو ... نظم و نسق ... کہ اس کی مثال نہیں ملتی ... منصب صدارت کا عہدہ تفویض ہوا تو تمام آخری ... اس منصب سے وابستہ ہے اور ... فرائض منصبی کو ... غلام مصطفیٰ ﷺ کے علاوہ کے لئے آپ کی خدمات کو آنے والا مؤرخ فراموش نہیں کر پائے گا۔

حضرت مفتی صاحب کے انتقال کی خبر پڑھ کر اچانک سکتہ میں آ گیا۔ ہوش و حواس اور اعصاب شل ہو گئے یقین نہیں آ رہا تھا کہ حضرت مفتی صاحب مر گئے ہیں حضرت مفتی صاحب مرے نہیں امر ہو گئے وہ ہمارے دلوں میں تا ابد زندہ رہیں گے عشق رسالت سے معمور دلوں کو موت کبھی نہیں آتی پردہ کر جاتے ہیں۔

کون کہتا ہے کہ مومن مر گئے
اس جہاں سے چھوٹے وہ تو اپنے گھر گئے

خداوند قدوس ہی قادر مطلق ہے وہ جو چاہے کرتا ہے۔ جس نے تاجدار کائنات جیسی اعلیٰ وارفع اور محبوب ترین ہستی پر موت کا پردہ حائل ہو وہاں اور کون بچے گا۔ سچ فرمایا خانہ انقلاب پروفیسر ڈاکٹر طاہر القادری نے مفتی صاحب کی وفات اہل لاہور کی نہیں عالم اسلام کی موت ہے

مفتی اعظم پاکستان کو خدائے قدیر نے بے پناہ صفات سے متصف کر رکھا تھا۔ وہ ہر دکھ اور کرب خندہ پیشانی سے برداشت کر لیتے۔ لیکن طلباء کا دکھ ان سے کبھی برداشت نہ ہو سکا۔ گرمی ہو یا سردی علیل ہوں یا صحت مند ہوں، جامعہ نظامیہ آ کے طلباء کو پڑھاتے۔ یہی ان کی زندگی کا محبوب ترین مشغلہ تھا۔

دم واپسی تک یہاں قیام رہا [illegible] صبح جامعہ تشریف لائے بچوں کو حدیث شریف کا درس دیا اور فرمایا علم سے لگاؤ رکھو زندگی کو اسلام کی ترویج و اشاعت کے لیے وقف کر دو۔ بچوں نے بھی حضرت کو دیکھا اور پڑھا [illegible] اسی روز اپنے تمام [illegible] دار العلوم [illegible] پورہ کے لیے روانہ ہوئے۔ آخری بار اپنے لگائے ہوئے چمن کو دیکھا اور چند لمحوں بعد علم و عمل کا یہ آفتاب غروب ہو گیا۔ اچانک سے یوں روٹھ کے چلے گئے جیسے ہم سے کوئی خطا سرزد ہو گئی ہو۔

حضرت قبلہ مفتی صاحب کی وفات سے صرف اہل لاہور، جامعہ نظامیہ کے علماء اور صاحبزادگان ہی یتیم نہیں ہوئے ان کی وفات سے اہل پاکستان بالعموم اور اہل لاہور بالخصوص ایک بے باک، نڈر، حق گو، راست باز اور پرکار شخصیت سے محروم اور یتیم ہو گئے۔ [illegible] سال قبل ادارہ منہاج القرآن جاتے ہوئے حضرت سے ملا۔ ایک رمضان کی ملاقات کے بعد [illegible] کہ میں اس ادارے کا ہو کے رہ گیا۔ سوچتا ہوں اب لاہور جاؤں گا تو کس سے ملوں گا۔ مشفق و مہربان شخصیت تو دنیا سے چلی گئی میرے پاس وہ الفاظ نہیں کہ میں اپنے دکھ اور رنج و غم کو الفاظ کا جامہ پہنا سکوں۔ مجھ سے حضرت مفتی صاحب کے ہونہار شاگرد [illegible] قریشی صاحب مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ نے [illegible] تاثرات لکھنے کو کہا۔ میں آخر میں [illegible] دعا ہے خدائے قدیر ان کے جملہ شاگردوں معتقدین اور لواحقین کو یہ عظیم سانحہ برداشت کرنے کی ہمت و توفیق عطا فرمائے اور حضرت قبلہ مفتی صاحب کو کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ ان کے لگائے ہوئے گلستان سے تا ابد علم و عرفان کے چشمۂ فیض کے سوتے ہوتے رہیں۔ حضرت مفتی صاحب کے جملہ شاگردوں

بالخصوص علامہ عبد الحکیم شرف قادری، علامہ حافظ محمد عبد الستار سعیدی، اور صاحبزادگان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دست بدعا ہوں کہ خالق کائنات ان حضرات کو یہ صدمہ جانکاہ برداشت کرنے کی قوت مرحمت فرمائے۔ میں امید کرتا ہوں کہ مفتی اعظم پاکستان کے یہ ہونہار شاگرد جامعہ نظامیہ کے گلستان کو مرجھانے نہیں دیں گے اور اس گلستان کی بقاء اور آبیاری کے لیے جدوجہد کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔

صدا بہاریں اس باغ کدے گلاں دا آوے
ہون فیض ہزاراں تائیں ہر کوئی پھل کھاوے

والسلام غلام رسول [illegible] ناظم اعلیٰ تحریک منہاج القرآن ضلع [illegible]
خطیب مرکزی جامع مسجد [illegible] شریف [illegible] آزاد کشمیر

☆☆☆☆☆☆☆☆

محترم جناب حافظ محمد عبد الستار سعیدی صاحب
السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

استاذ العلماء، حضرت مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سربراہ اہل سنت و جماعت تھے آپ کے دینی اور ملی کارنامے ہمیشہ کے لیے [illegible] پر ثبت رہیں گے۔ آپ نے زندگی بھر اسلام کی خدمت اور مسلک حق اہلسنت و جماعت کے تحفظ میں بے پایاں خدمات سرانجام دیں۔ آپ اہل سنت و جماعت کے عظیم محسن تھے۔ آپ کی قائم کردہ دینی درسگاہ جامعہ نظامیہ رضویہ سے بے شمار مربی، کارکن اور علماء پیدا ہوئے جو اس وقت دنیا کے مختلف خطوں میں اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں مصروف کار ہیں۔

آپ امام اہل سنت اعلیٰ حضرت شاہ احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے سچے جانشین اور [illegible] تھے۔ آپ امام احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تعلیمات و نظریات کو فروغ دینے میں [illegible] کوشاں رہتے تھے۔

راقم الحروف استاذ العلماء شیخ الحدیث حافظ محمد عالم صاحب محدث سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ کا شاگرد اور نسبتی بیٹا ہونے کی وجہ سے آپ سے ایک خاص نسبت رکھتا ہے۔ کیونکہ محدث سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ [illegible] تھے۔ آپ کے وصال سے ملت اسلامیہ ایک عظیم دینی پیشوا سے محروم ہو گئی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے اور آپ کے [illegible] کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

حافظ [illegible] محمد قادری

ضلع مفتی مظفرآباد آزاد کشمیر

☆☆☆☆☆☆☆

مفتی اعظم پاکستان علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا [illegible] [illegible] کے بغیر تو پورا کار [illegible] ہے۔ کیونکہ عاشقی کے [illegible] میں [illegible] دنیا ہے۔ [illegible] کی جدائی برداشت نہیں کر سکتا اور [illegible] سے بچھڑنا قیامت ہے۔ مفتی صاحب چونکہ اپنے محبوب حقیقی کی بارگاہ میں حاضری کے لئے حاضر ہو گئے ہیں تو اس امتحان گاہ سے نکل کر [illegible] ہو گئے ہیں۔ اللہ کے حضور عرض گزار ہیں کہ مولا میں نے اپنی ساری زندگی تیرے دین اور تیرے محبوب کی احیائے سنت کے لئے وقف کر دی ہے۔ [illegible] ان کی جدائی [illegible] ہے۔ مگر وہ کامیابی کی بلندیوں پر ہیں [illegible] ہیں۔ یہ سب کچھ صرف اور صرف خدمات دینی کا صدقہ ہے۔ [illegible] اللہ تعالیٰ آپ کے درجات کو مزید ترقیاں اور بلندیاں عطا فرمائے۔ آمین

میاں محمد شفیع

سجادہ نشین دربار عالیہ [illegible] شریف ضلع مظفرآباد آزاد کشمیر

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

محترم و مکرم حضرت علامہ حافظ محمد عبدالستار سعیدی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی کی وفات کی خبر سن کر آپ کے عقیدت مندوں میں یقیناً قیامت صغریٰ برپا ہے۔ عقیدت مند تو مجبور ہیں مگر وہ لوگ جن کا تعلق حضرت مفتی صاحب سے قریب کا ہے۔ [illegible] حضرت مفتی صاحب کی [illegible] علمی [illegible] کے معترف نظر آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے مفتی اعظم کو [illegible] عطا فرمائی تھی۔ آپ اہلسنت و جماعت کی [illegible] کی طرح سے [illegible] تھے۔ [illegible] کے لئے مختلف طرق [illegible] سے انہیں احساس [illegible] کے نئے آپ نے علوم [illegible] کو [illegible] دیا۔

اور [illegible] اہلسنت و جماعت [illegible] مسلک کی ترجمانی کے لئے امام احمد رضا خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے نظریات و افکار کو پیش کیا اور امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ کے فتاویٰ رضویہ کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق منظر عام پر لا کر [illegible] امام احمد کا [illegible] تکمیل کا شرف تھا۔

محمد جمیل احمد رضا القادری فاضل جامعہ [illegible] شریف

خطیب جامع مسجد [illegible] مظفرآباد آزاد کشمیر

پرنسپل [illegible] القرآن [illegible] آزاد کشمیر مظفرآباد

☆☆☆☆☆☆☆☆

حضرت مفتی اعظم پاکستان حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب کے وصال سے ملت اسلامیہ کو عظیم صدمہ اور نقصان ہوا ہے۔ مفتی صاحب رحمہ اللہ صحیح طور پر اپنے اسلاف کی تصویر کشی کرتے تھے۔ اسلام اور اہل اسلام کے سچے عاشق تھے۔ پابند سنت و شرعی انداز کے محافظ تھے۔ آپ نے اپنی تمام زندگی کو اسلام کی اشاعت و خدمت کے لئے وقف کر دیا تھا۔ اور اس کام

پر عمل پیرا ہوسکتا ہے تھے۔ آپ نے اپنی حیات میں لوگوں کو نبی کریم ﷺ کا سچا عاشق اور بالخصوص اپنے علاقہ کو بڑی الرسول کا درس دیا۔ اور حقیقت میں عشق رسول کے بغیر ساری زندگی بے معنی اور روحانیت سے خالی نظر آتی ہے آپ نے حق کی عظمتوں کا پرچار، مقام رسالت و نبوت کا درد و احساس پیدا فرمایا۔

صاحبزادہ میاں عبدالوحید برکاتی

سابق رکن مرکزی زکوٰۃ کونسل آزاد کشمیر

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حضرت مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ کے وصال سے عالم اسلام بالخصوص اور پوری دنیا بالعموم ایک عظیم قائد، ایک بے لوث اور بے باک پیشوا سے محروم ہوگئی ہے۔ مولانا گرامی قدر کے لوگوں کو سورج کی تابانی میں تلاش کرنا چاہے تو ان کو گردش ایام کا سامنا کرنا پڑے گا۔ وہ نجوم کو اپنی تابانی سے صاف کرنا پڑیں گے۔ آفتاب ہزار ہا چکر کاٹے گا اور ماہتاب کو بھی سوسوں کی پیچیدہ گتھیوں کا سامنا کرنا پڑے گا تب جا کر اس کو وہ حق شناس مفتی عبدالقیوم کی صورت میں نظر آئے گا اور کہیں ایسا ہو کر صرف گوہری کا حصہ ہزاروں ٹکڑے ہو جاتے جاتے ہیں تب جا کر مقصد ملتا ہے مفتی صاحب کی شان بھی ایسی ہے۔

صاحبزادہ میاں عبدالمجید صاحب سجادہ نشین دربار عالیہ نوشہ سالک آباد شریف

وادی نیلم ضلع مظفرآباد آزاد کشمیر

☆☆☆☆☆☆☆☆

حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ عبدالمصطفیٰ ہزاروی صاحب

السلام علیکم.....

حضرت مفتی اعظم پاکستان حضرت مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب کے وصال سے آنکھیں پر نم اور دل رنجیدہ، ذہن لاغر اور روحانیت پژمردہ نظر آ رہی ہے۔ مفتی صاحب بظاہر ہماری نگاہوں سے غائب ہیں لیکن تا دم حشر اور مابعد آپ ہماری سوچوں کا دھارا ہے نظریات اور افکار کا

محور اور اثاثہ رہے ہیں جانوں میں شہنشاہوں کی مانند راج کرتے رہیں گے۔

آپ نے جو نظام اور جو دستور بحال رکھا اس کی ہمیں ہمیشہ پاسبانی کرنی لازم ہے۔ مملکت اسلامیہ پاکستان میں نظام مصطفیٰ کی خاطر آپ نے انتھک کوشش کی اور اسلام کی عظمتوں کا سکہ منوایا۔ تحریک ختم نبوت جمعیت علماء پاکستان تنظیم المدارس اور اسلامی درسگاہیں جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور اور شیخوپورہ آپ کی جانفشانی کا ثمر ہیں۔

صاحبزادہ مولوی محمد فاروق ناظم اعلیٰ مدرسہ انوار المصطفیٰ موری ساداں وادی نیلم

تحصیل اٹھمقام ضلع مظفرآباد آزاد کشمیر

☆☆☆☆☆☆☆☆

وما　　کان　　قیس　　هلکه　　هلک　　واحد

ولکنه　　بنیان　　قوم　　تهدم　　ا

گرامی قدر جناب علامہ مفتی عبدالمصطفیٰ قادری صاحب و جمیع صاحبزادگان کرام حضرت مفتی مرحوم و مغفور۔ سلام مسنون مزاج گرامی

آج کن الفاظ سے میں آپ کو صبر کی تلقین کروں کہ خود میرا صبر قابو میں نہیں ہے۔ آپ کے عظیم المرتبت والد کی رحلت ایک فرد کی موت نہیں بلکہ ایک ادارے، ایک انجمن، صداقت و شائستگی، انکسار، سادگی، دیانت، وقار، سنجیدگی، اپنے مقصد میں لگن اور ایک عہد کی موت ہے۔ کاش اس موت سے پہلے موت آئی ہوتی۔

مفتی صاحب سلف کے علم و فضل، تقویٰ و طہارت اور کردار کی پاکیزگی کے سچے امین تھے وہ پاکستان میں اعلیٰ حضرت کے مسلک عشق و محبت اور ان کے مشرب شریعت و سنت پر سختی سے کاربند ہونے کے ناطے سے منفرد حیثیت کے مالک تھے جامعہ نظامیہ رضویہ کی بلند و بالا عمارتیں، اشاعتی کام ہزاروں کی تعداد میں ان کے تلامذہ ان کے اخلاص، للہیت، اور عزم و ارادے کی جیتی جاگتی تصویریں ہیں۔ وہ باتوں کے بجائے عمل کے قائل تھے۔ مفتی صاحب ہاتھ کے کھلے دل کے سخی تھے۔

ان کا دسترخوان بڑا وسیع تھا۔

وہ فروتنی، عاجزی و انکساری کا پیکر تھے۔

فروتنی است دلیل رسیدگان کمال
کہ چوں سوار بہ منزل رسد پیادہ شود

پاکستان کے اسلامی تشخص کے لئے جو [illegible] وہ [illegible] تھے۔

میں ان کی راہ دیکھتا ہوں رات بھر
وہ روشنی دکھانے والے کیا ہوئے

ذاتی طور پر یہ عاجز ایک مخلص محب [illegible] ایک دوست اور دعائیں دینے والے کرم فرما سے محروم ہو گیا ہے۔

میرا ان سے نیاز مندانہ تعلق تین سال کے [illegible] سے پہلے سے وہ اس درویش بے نوا کی تعظیم و توقیر اس انداز میں کرتے کہ میں شرم سے پانی پانی ہو جاتا گزشتہ سے پچھلے ماہ میری حاضری ہوئی تو جامعہ کے مین گیٹ پر استقبال فرمایا مجھے شیخوپورہ جامعہ کے نئے کمپلیکس میں ساتھ لے گئے ایک ایک منصوبہ خود دکھایا اور ساتھ ہماری عزت بڑھاتے رہے میرے ساتھ میرے محترم دوست محمد یوسف خان لنگ سابق ایڈیشنل جنرل سرحد و بلوچستان بھی تھے، جو مفتی صاحب کی سادگی اور درویشی سے بہت متاثر ہوئے مجھے کیا معلوم تھا کہ یہ میری ان سے آخری ملاقات ہے افسوس یہ چہرے اب کہاں دیکھنے کو ملیں گے۔

حشر تک پھر ہو گی یہ بات کہاں
ہم کہاں تم کہاں یہ رات کہاں

میری دعا ہے کہ ان کا گلشن سدا بہار رہے ان کی قبر پر انوار رحمت کی بارش برستی رہے

طالب دعا فقیر سید محمد فاروق شاہ القادری، ایم اے ضلع رحیم یار خان

☆☆☆☆☆☆☆

ہمارے پیارے مفتی اعظم پاکستان سرمایہ اہلسنت، جان اہلسنت، پیشوائے اہلسنت، فخر اہلسنت، مولانا علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی قادری رحمۃ اللہ علیہ عالم اسلام کے عظیم ہیرو تھے [illegible] حضور ﷺ کی [illegible] کا مشن رہا وہ [illegible] معصوم چہرہ ہمیشہ ہی ہماری نگاہوں کے سامنے رہتا ہے وہ بڑی نفاست سے ہر شخص سے ملاقات کرتے جیسے کسی [illegible] رشتہ دار سے ملاقات کر رہے ہوں الفاظ تو بے شمار ہیں لیکن ان کے بارے میں کیا لکھوں آپ کی نظر کروں میں تو ان کے [illegible] کی وفا کی یوں [illegible] کہ وہ ہم اہلسنت کو یوں اپنے قریب لاتے تھے وہ اس طرح آپ کو [illegible] ہو گئے ہیں کہ

[illegible]
[illegible]

والسلام نعیم بھائی

[illegible] جامعہ نظامیہ رضویہ شیخوپورہ

☆☆☆☆☆☆☆

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

استاذ محترم ناظم تعلیمات جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور قبلہ علامہ عبدالستار سعیدی صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قبلہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے وصال شریف کے روز [illegible] یاد ہے مجھے شیخوپورہ سے جامعۃ المدینہ کراچی فون کیا تھا مگر میری عدم موجودگی کے باعث بات نہیں ہو پائی مگر جب مفتی صاحب کے وصال کی خبر بعد نماز مغرب ملی تو دل دہل گیا کہ ابھی دوپہر تو حضرت بالکل ٹھیک تھے [illegible] اللہ تعالیٰ کو جو منظور انا للہ وانا الیہ راجعون۔

آپ کی خدمت عالیہ میں گزارش ہے کہ پچھلے دنوں قبلہ مفتی صاحب سے فون پر بات ہوئی تھی تو فرمایا کہ الدولۃ المکیہ وغیرہ کے بعد اب ہم حسام الحرمین اور فتاوی الحرمین پر [illegible]

مین کی تیاری کر رہے ہیں البتہ میں نے گزارش کی کہ اس میں ایک ایسا مقدمہ شامل کیا جائے جس میں اس بات کی وضاحت مدلل ہو کہ حسام الحرمین میں جن پر حکم کفر دیا گیا وہ لوگ تبلیغی جماعت کے اکابر اور الیاس کاندھلوی کے اساتذہ تھے اور وہابی لا اصل ہیں مگر چونکہ اہل عرب کو اہلسنت ہیں البتہ اس جماعت سے کئی بن کر سارے دنیا میں وہابیت کا پرچار کیا اور سنیوں جیسے محسوس کرتے رہے مگر عقیدہ وہ پوری ساری دنیا میں پھیلانے والی حقیقتاً یہی جماعت ہے۔ اس پر قبلہ مفتی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے میری گزارش پر بار ہائی چند دنوں بعد جب دوبارہ ملاقات پر بات ہوئی تو میں نے پوچھا تو قبلہ مفتی صاحب نے فرمایا کہ میں نے مواد جمع کر لیا ہے مگر ترتیب دینا باقی ہے۔

آپ سے گزارش ہے کہ برائے کرم میری مذکورہ معروضات پر عمل کروانے کی کوشش فرمائیں گے تو ان شاء اللہ اہل عرب کے ہاں اس کتاب کی افادیت کئی گنا بڑھ جائے گی یاد رہے کہ اہل عرب کو بھی جماعت کو بعنوان تبلیغ ورجال سنت کو صوفیاء سے موسوم کرتے ہیں حضرت علامہ مولانا محمد اسماعیل قصوری صاحب چونکہ کافی عرصہ عرب میں رہ کر آئے ہیں لہذا مناسب ہو گا کہ ان سے بھی مشورہ ہو جائے۔

ہم اہلسنت جامعہ نظامیہ رضویہ سے اب بھی وہی توقعات وابستہ کئے ہوئے ہیں جس طرح مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے دور میں رکھے ہوئے تھے۔ قبلہ مفتی صاحب نے فتاویٰ رضویہ شریف اور اس کے علاوہ امام احمد رضا کی دیگر عربی تصانیف پر جو کام کیا ہے وہ ہم اہلسنت پر ایک ایسا عظیم احسان ہے جس کی نظیر نہیں ملتی۔

الحمد للہ میرے استاد محترم قبلہ مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ مجھ سے بے پناہ شفقت ومحبت فرماتے اور اکثر فرماتے کہ تم جب سامنے میرے پاس آ جاؤ اور تم یہاں بیٹھ کر میرا ہاتھ بٹاؤ اور میں بھی حضرت کو "باجان" کہہ کر مخاطب ہوتا۔

اللہ تعالیٰ ہمارے قبلہ مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ

علیہ پر اپنی رحمت و رضوان کی بارش فرمائے اور ہمیں بھی ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مسلک اعلیٰ حضرت اہلسنت وجماعت کا خوب دل جمعی اور استقامت کے ساتھ کام کرنے کی توفیق رفیق عطا فرمائے اور ہمیں قبلہ مفتی صاحب کا نعم البدل عنایت فرمائے۔ آمین ثم آمین بجاہ النبی الامین ﷺ

العارض

محمد اسلم رضا العطاری

☆☆☆☆☆☆☆

محترم جناب ایڈیٹر صاحب مجلہ النظامیہ

مفتی اعظم پاکستان شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کی خبر سن کر دل بہت دکھی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

مفتی صاحب مرحوم پاکستان کے جید و ممتاز عالم دین تھے، علوم دینیہ کی ترویج و اشاعت کے لئے مرحوم نے گرانقدر خدمات سرانجام دیں، مسند تدریس پر فائز ہو کر ہزاروں تشنگان علم دین کو سیراب کرتے رہے، جامعہ نظامیہ کی تعمیر و ترقی کے لئے آپ نے زندگی وقف کر رکھی تھی، حضرت محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد چشتی قادری رحمۃ اللہ علیہ کے ارشد تلامذہ میں سے تھے ملی تحریکوں میں بھی آپ نمایاں کردار ادا کرتے رہے، تنظیم المدارس کے پلیٹ فارم سے عصر حاضر کے تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور مدارس عربیہ کے تعلیمی معیار اور نظم ونسق کو بہتر بنانے کے لئے علماء اور صلاحیتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے بھرپور کردار ادا کیا۔ لٹریچر کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے تحقیق و تصنیف کا باقاعدہ شعبہ قائم کیا، علماء کو قرطاس وقلم کے ذریعہ اسلام کی عالمگیر تعلیمات، اسلاف امت کے افکار و نظریات اور تاریخی حقائق پھیلانے کے لئے تصنیف وتالیف کی طرف متوجہ کیا جس کے نتائج اہل اسلام محسوس فرما رہے ہیں۔ جامعہ نظامیہ، تنظیم المدارس، رضا فاؤنڈیشن، مکتبہ قادریہ اور دیگر ادارے آپ کی علمی یادگار ہیں۔

مفتی صاحب مرحوم کے چونکہ رحلت فرما جانے سے یہ علمی خلا پیدا ہو گیا ہے جو

مدتوں پورا ہوتا نظر نہیں آتا۔ اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب کے درجات عالیہ بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

شریک غم محمد نور المصطفیٰ رضوی چشتی غفرلہٗ

☆☆☆☆☆☆

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد تنویر القادری صاحب مدظلہ العالی دامت برکاتہم العالیہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعد سلام تحریر یہ عرض ہے کہ مطلوب۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت علامہ مولانا مفتی اعظم ... اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نائب اعلیٰ حضرت سرمایہ اہلسنت وجماعت محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمہ اللہ تعالیٰ کے انتقال کی خبر ... بوقت عصر تاریخ 03 8 27 بجے ... ہم تک پہنچی اور جس جس نے سنا وہ غم سے نڈھال ہو گیا ... آنکھوں میں آنسو آگئے اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ درجات عطا فرمائے۔ آمین

اور ان کے جاری کردہ مشن کو زیادہ تیزی و سرعت کے ساتھ جاری وساری رکھے۔ آمین ادارہ ہذا سے ہم سب نے مفتی عبدالرشید صاحب مدظلہ العالی سے خصوصی دعائے مغفرت کا اہتمام فرمایا۔ میرے استاذ محترم مولانا ارشاد اللہ قادری فارغ التحصیل جامعہ نظامیہ ... صدمہ پہنچا کافی دیر سکتہ میں رہے آنسو بھرتے رہے دعا و ترقی درجات فرماتے رہے۔ رب جل جلالہ انہیں اپنی خاص عنایت سے بہرہ مند فرمائے۔ آمین ثم آمین

ہماری طرف سے مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ کے لئے 12 پارہ قرآن پاک کا تحفہ آپ ایصال ثواب فرما دیں۔ اور دعا فرما دیں کہ ادارے ... شہر میں بھی دینی مدارس کا شعبہ قوت پکڑ جائے تاکہ مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے فیض یافتہ علماء دین کے ذریعے مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا فیض یہاں بھی جاری ہو جائے۔

فقط والسلام

ساجد حسین عطاری عفی عنہ

عالی مرتبت واجب الاحترام گرامی قدر

مخلصہ صاحبزادگان وپسماندگان حضرت قدس استاذ العلماء

حضرت علامہ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب نور اللہ مرقدہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

علامہ طرابلسی نے کیا خوب ... موت العالم موت العالم وان العالم ليستغفر له من في السموات ومن في الارض حتى الحيتان في جوف الماء۔ حضرت قدس کی وفات مسلک اہل السنۃ والجماعۃ کے لئے خصوصاً اور عالم اسلام کے لئے عموماً ایک صدمہ جانکاہ سے کم نہیں ہے۔

دارالعلوم حنفیہ رضویہ آپ کے اس دکھ اور غم میں برابر کا شریک ہے ادارے کی تمام اراکین کی طرف سے آپ سب صاحبزادگان کے لئے پیغام تعزیت ہے اور دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت قدس کے تمام متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین حضرت اقدس جیسی علمی ودینی شخصیت صدیوں میں کبھی پیدا نہیں ہوتی۔

آپ حقیقتاً مسلک اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ کے پاسبان تھے اور حضرت اقدس کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے صاحبزادگان سے اس بات کا متقاضی ہے کہ حضرت اقدس کے لگائے ہوئے پودے ... رکھیں گے۔

فقط والسلام مع الاحترام

محمد عرفان الحق نقشبندی مجددی

ناظم اعلیٰ دارالعلوم حنفیہ قصور

☆☆☆☆☆☆☆

جناب استاذ العلماء ... شیخ الحدیث مفتی عبدالقیوم ہزاروی صاحب نور اللہ مرقدہ کا سانحہ رحلت ملت اسلامیہ کے لئے بالعموم اور مسلک اہلسنت کے لئے بالخصوص بہت بڑا صدمہ ہے۔

قبلہ مفتی صاحب ایک عظیم مبلغ تھے میں ان کی کس کس بات اور ادا کا تذکرہ کروں

